وظائف المومنین

مــرتب

الحاج سید عالم رضا صاحب

سکریٹری ایٹا امام بارگاہ صاحب الزماں، بنکاک (تھائی لینڈ)

مولانا الحاج سید محمد تصدیق صاحب قبلہ

امام جمعہ و جماعت، امام علی اسلامک سنٹر جورج ٹاؤن، گیانا، جنوبی امریکہ

پیشکش

رضا برادران (اولاد مرحوم)

WAZAIF-UL-MOMINEEN

WAZAIF-UL-MOMINEEN

Compiled by

Alhaj **Syed Alim Raza**

Secretory A.I.T.A. ImamBargah-e Saheb-uz Zaman a.s.)
Bangkok, Thailand

Moulana Alhaj
Syed Mohommed Tasdeeq
Saheb Qibla

Imam-e-Juma-o-Jama'at Imam Ali Islamic Center
George Town, Guyana, South America

RAZA BROTHERS

برائے ایصال ثواب

ذاکر اہلبیت...... محسن ملت

الحاج **میر رحمٰن علی** صاحب مرحوم

ابن زوار میر کاظم علی مرحوم

وظائف المومنین

مــرتب:

الحاج سید عالم رضا

مولانا الحاج **سید محمد تصدیق** صاحب قبلہ

امام جمعہ وجماعت، امام علی اسلامک سنٹر، جورج ٹاؤن، گیانا، جنوبی امریکہ

پیشکش:

رضا برادران (اولاد مرحوم)

نام کتاب	:	وظائف المومنین
مرتب	:	مولانا سید محمد تصدیق
		الحاج سید عالم رضا
سال اشاعت	:	ربیع الاول ۱۴۳۲ھ مطابق مارچ 2011ء
کمپوزنگ	:	مسعود احمد قاسمی: 9880030967
صفحات	:	304
تعداد	:	4000

برائے ایصال ثواب

ذاکر اہلبیت...... محسن ملت

الحاج **میر رحمٰن علی** صاحب مرحوم

ابن زوار میر کاظم علی مرحوم

سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کی التماس ہے

فہرست

(ابواب)

باب دوم احکام و اعمال

باب سوم قرآن

باب چہارم دعائیں

باب پنجم زیارات

باب ششم نوحہ جات اور مراثی

مراثی

تمہید

ذاکر اہلبیتؑ مرحوم الحاج میر رحمٰن علی ابن میر کاظم علی مرحوم کی مختصر سوانح حیات

موصوف 9 نومبر 1920 میں علی پور کے ایک مذہبی گھرانے میں پیدا ہوئے - ابتدائی تعلیم علی پور ہی میں رہی اور ثقۃ الاسلام مولانا سید عباس حسین صاحب قبلہ الباقری مرحوم کے تلمذ میں رہ کر اردو اور دینی تعلیم حاصل کی - یہاں تک کہ اردو اچھا لکھ بھی لیتے تھے اور اچھی طرح پڑھ بھی لیتے تھے اور مذہبی تعلیم خود بھی حاصل کرتے اور رضا کارانہ طور پر دوسروں کو پڑھاتے بھی تھے - بالخصوص بالغان کیلئے دینی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا - لہٰذا گاؤں والے ان کو رحمٰن حضرت سے یاد کرتے رہے - اردو کے علاوہ کنڑی اور تلگو زبان بھی روانی کے ساتھ بولتے تھے کئی سال علی پور میں زراعت کے ساتھ ساتھ انجمن جعفریہ علی پور میں بحیثیت فاؤنڈر سکریٹری اور پھر سر پرستوں میں رہے اور یوں مسجد جعفریہ کی تعمیر اور علی پور کے مومنین و مومنات کی فلاح و بہبودی میں کافی حصہ لینے کے ساتھ ساتھ مولانا سید عباس حسین صاحب قبلہ الباقری کے خاص مشیروں میں سے تھے - علی پور کا کوئی مذہبی ثقافتی، فلاحی اور تعلیمی کام نہیں تھا جس میں آپ نے حصہ نہ لیا ہو -

ہمارے والد مرحوم جناب مشتاق علی مجاہد علی پوری کے ساتھ اتنا گہرا رابطہ تھا کہ معمولاً کوئی کام ایسا نہ تھا جس میں آپسی صلاح و مشورہ نہ کرتے ہوں - میں مشاہدہ کرتا رہتا تھا کہ جب بھی ہمارے گھر آتے تھے وقت سے نہایت استفادہ کرتے اور صرف ضروری گفتگو کر کے چلے جاتے -

نماز کی پابندی، مجلسوں میں شرکت اور سلام و مرثیہ اور نوحہ خوانی مخصوص انداز میں اذان اور زیارت پڑھنا، علی پور کے اجتماعی امور میں آسانی کے ساتھ مشکلات کا حل نکالنا، انقلاب اسلامی ایران کی کھل کر حمایت کرنا، اپنے بچوں کی تربیت میں نہایت سختی سے پیش آنا، اپنی زوجہ مرحومہ حاجیہ رفیعہ جان کو مذہبی اور اجتماعی کاموں کے لئے کھلی چھوٹ دینے کے ساتھ ساتھ بے لوث حمایت کرنا بالخصوص خواتین کی نماز جماعت میں شراکت کے سلسلے میں جدوجہد کرنا، مدرسۂ نسوان کی بنیاد میں اپنی زوجہ کے ساتھ تعاون کرنا، حتی المقدور غریبوں کی مدد کرنا اور اس طرح کے سینکڑوں نیک کام اپنی زندگی کے آخری لمحات تک موصوف کرتے رہے۔

تحصیل علم کا اتنا شوق تھا کہ کبرسنی کے باوجود 1987 میں جمہوری اسلامی ایران تشریف لے گئے اور ایک سال سے زیادہ عرصے تک وہاں رہے اور کچھ حد تک اپنی مذہبی معلومات میں اضافہ کیا۔ ان کی خودداری اور مالی امور میں استغناء کا یہ عالم تھا کہ آخری لمحات تک باوجودیکہ بچے متمکن اور متمول تھے کسی سے ایک روپیہ تک اپنے لئے نہیں لیا بلکہ برعکس نہ تنہا اپنی کمائی ہی سے اپنی کفالت کرتے رہے بلکہ وصیت فرمائی کہ باقی ماندہ رقم مستحقین میں خاص کر مستحق بچوں کی تعلیم میں خرچ کی جائے۔ آخرکار شب جمعہ 6 جنوری 2011-91 سال کے سن میں اس دار فانی کو وداع کہا۔

مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے جون 1999 میں جو مرحومہ حاجیہ رفیعہ جان صاحبہ (زوجۂ مرحوم) کے ایصال ثواب کے لئے مرتب کی گئی کتاب **وظـــــــــائف الـمـومـنـیـن** ہی کو کچھ اضافات و اصلاحات کے ساتھ بڑے سائز اور اچھی طباعت میں شائع کی گئی ہے۔ یہ کتاب ۶ ابواب پر مشتمل ہے:

۱) پہلا باب مختصر ضروری عقاید پر مبنی ہے

۲)باب دوم مختصر ضروری احکام واعمال سے مخصوص ہے

۳)باب سوم میں قرآن مجید کی چند سورتیں شامل کی گئی ہیں

۴)باب چہارم میں چند اہم دعائیں مرقوم ہیں

۵)باب پنجم میں کچھ مشہور زیارتیں درج ہیں اور

۶)باب ششم میں مرحوم جن نوحوں اور مراثی کو اکثر پڑھا کرتے تھے ان کو شامل کرلیا گیا ہے تا کہ محفوظ بھی ہو جائے اور اگلی نسل اس سے بہرہ مند بھی ہو۔ساتھ ہی ساتھ ابتدا میں چند اہم شخصیتوں نے اپنے تأثرات پیش کیے ہیں۔

امید ہے کہ مومنین کرام اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی معنوی ارتقاء کے ساتھ ساتھ مرحوم کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔وقت کی کمی کے باوجود کافی مواد کا اضافہ ہوا جسمیں مرحوم کے فرزند جناب الحاج سید عالم رضا صاحب نے جانفشانی کیساتھ ہماری مدد فرمائی ہے جو یقیناً باعث خوشنودی مرحوم ومغفور ہے۔خداوند،مرحوم کے خدمات کو قبول فرمائے اور جوار ائمہ میں جگہ عنایت فرمائے۔آمین

سید محمد تصدیق

امام جمعہ وجماعت،امام علیؑ اسلامک سنٹر

جورج ٹاؤن،گیانا،جنوبی امریکہ

باسمہ تعالیٰ

عاقبت بخیر زندگی

میرے والد محترم ذاکر اہلبیت، محسن ملت، مرحوم ومغفور جناب الحاج میر رحمٰن صاحب عرف رحمٰن حضرت جسے ہم اہل خانہ **پدر جی** پکارتے تھے-

ہمارے پدرجی ایک اچھے انسان کی طرح محنتی ،قدر دان مومن، اپنی حیاتِ فانی کو ابدی بنانے کے لئے اپنے کردار سے مرنے کے بعد زندہ رہنے کے لئے قطرہ تھے سمندر سے مل کر تا ابد باقی رہنے کے لئے ہر نیک عمل کو پاک ارادے سے انجام دیتے تھے-اس لئے وہ آج پائیدار ہمارے درمیان رہیں گے- انشاءاللہ

مرحوم کی زندگی شخصی اوراجتماعی پر مشتمل تھی انہوں نے وقت کوگراں سمجھ کرخوب استفادہ کیا

شخصی زندگی : پدرجی بہت محنتی کسان تھے،اپنی زندگی کا اکثر وبیشتر حصہ زراعت کرنے میں گزارا- ہاں !اسی دوران کبھی کبھار تجارت بھی کرلیا کرتے تھے،لیکن اپنے اواخر زندگی کے تقریباً دس سال زمین وملک کے خرید وفروخت میں گزارے-زمین خریدتے تھے اور مکانات بنوا کر محتاجین کو قسطوں میں فروخت کرتے تھے،اس سے اپنی مالی حالت بھی بہتر ہوتی تھی اوردوسروں کی مدد بھی- بہت ہی خوددار تھے کبھی اپنی نجی زندگی میں کسی سے بھی اپنی ضروریات پورا کرنے کے لئے کبھی قرض نہیں لیا، آخر لمحات تک پائیدار رہے-اپنی اولاد کو بھی یہی درس دیا ہے-اپنی اولاد مقتدر ہونے کے باوجود حتیٰ برائے معالجہ بھی کسی سے پیسہ نہیں لیا،اپنے پیسوں سے ہی اپنا سارا خرچ کیا کرتے تھے-

ہمارا سارا بدن خداوند کی امانت ہے، جب چاہے وہ کسی سے بھی کوئی ایک شئے کو لے سکتا ہے، لیکن کتنا بہتر ہوگا کہ کوئی جسم کا حصہ معزول ہونے سے پہلے خدا ہماری جان لے لے، اس دعا کی مصداق میں پدر جی شامل تھے۔

مرحوم کے سات لڑکے اور چار لڑکیاں تھیں، لیکن اب چھ بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں، ایک بیٹا زوّار سید اسلم رضا صاحب اور ایک بیٹی زوّار مرحومہ سیدہ سلیم النساء صاحبہ مع والدہ حاجیہ سیدہ رفیعہ جان صاحبہ اس دارِفانی سے کوچ کر گئے ہیں۔

اجتماعی گھریلو اور مذہبی زندگی:

مرحوم اچھے شوہر، اچھے والد، اچھے نانا اور دادا تھے۔ ہر ایک فرض کو چہ دنیاوی، چہ اخروی اچھی طرح خضوع وخشوع کے ساتھ انجام دیتے تھے۔ تربیت اولاد میں کبھی کوئی کسر نہیں چھوڑی، ہر ایک ضرورت کو پورا کیا۔ مرحوم کو بہت ہی تعلیم وتعلم کا شوق تھا تو پھر اپنی اولاد کو کیسے ان پڑھ رکھتے؟ ہر ایک بچے کو اعلیٰ تعلیم دلانے میں ہمیشہ کوشاں رہے۔

الحمدللہ! گاؤں کا پہلا مہندس (انجینئر) ان کے نام کو زندہ رکھنے والا انہی کا بیٹا جناب الحاج سید افہم رضا صاحب ہیں۔ پندرہ سال ایرانی انقلاب کی حمایت ومدد کے لئے جہاد سا زندگی میں کام کرتے رہے، وہ اس وقت بنگلور میں مقیم ہیں۔

میرے والد محترم دینی علم حاصل کرنے کا بہت جذبہ رکھتے تھے اسی لئے وہ حجۃ الاسلام مولانا عباس حسین صاحب قبلہ مرحوم کے خاص شاگرد رہے اور جو بھی مبلغ مولانا علی پور تشریف لاتے تو وہ وقت سے فائدہ اٹھا کر ان سے کچھ نہ کچھ ضرور حاصل کر لیتے تھے۔ اپنے اس ذوق وشوق کے باعث اپنے جذبے کو محکم کرنے کے لئے اور علم بانٹنے کے لئے تاکہ علم محفوظ ہو جائے، مولانا موصوف کے مشورے کے ساتھ ایک دینیات کی ابتدا کی جس میں

بالغان وطن، احکام شرعی "شرعی مسائل" معلومات کرنے کے لئے بعد از مغربین فیضیاب ہوتے تھے۔ اس دینیات بالغان کو قائم کرنے کے لئے جناب اسد اللہ صاحب مرحوم عرف بابا حضرت اور جناب محمد عباس صاحب نے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ تحصیل علم کا جذبہ بڑھتا ہی گیا۔ پھر 1987 میں تحصیل علم دین کے لئے قم۔ ایران تشریف لے گئے، تقریباً دو سال تک کسب علم میں مشغول رہے۔ ان کے ساتھ حقیر عالم رضا اور والدہ مرحومہ بھی تھیں۔ اس حقیر کو عالم دین بنا کر (اسم با مسمیٰ) اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہا۔

پہلے ڈیڑھ سال تک مدرسہ علمیہ خاتم الانبیاء نجف آباد اصفہان میں رہا اور پھر ایک سال مدرسہ علمیہ خاتم النبیین قم اور دو سال مدرسہ علمیہ حجتیہ میں طالب علم رہا۔ حقیر نے لمعتین (لمعہ ا لمعہ ۲) کو تمام کی ہے اور البلاغ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کا فاؤنڈرس میں ہوں، اس وقت فارغ التحصیلان قم تھائی لینڈ (جامعیتِ روحانیت تھائی لینڈ) کا فاؤنڈرس میں اور اس کا عضو ہوں۔ پیشہ سے میں تاجر ہوں، لیکن امام بارگاہ صاحب زمانؑ بینکاک میں بلا معاوضہ اپنی خدمات انجام دینے کی کوشش کر رہا ہوں۔ امام خمینیؒ میڈیکل ٹرسٹ اور آر رفا فاؤنڈیشن نوبل اسکول کا بھی ٹرسٹی ہوں۔ انشاء اللہ خدمت خلق، خدمت دین، خدمت مذہب میں ہمیشہ اپنے پدر جی کی طرح آگے رہنے کی کوشش کروں گا۔

انقلاب اسلامی کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے بعد جب والد محترم قم سے واپس علی پور تشریف لائے تو اپنی زوجہ مرحومہ سیدہ رفیعہ جان صاحبہ اور اپنی بیٹی مرحومہ سیدہ سلیم النساء صاحبہ کے ساتھ مل کر مدرسہ نسوان کی ابتداء کی تاکہ عورتیں بھی تحصیل علم سے محروم نہ رہیں۔ مرحومین کے نیک اور خلوص نیت کی بدولت آج مدرسہ نسوان بنام مدرسہ علمیہ زہراؑ دارالزہرا میں البلاغ آرگنائزیشن اس کو بخوبی آگے بڑھا رہی ہے۔ بہت سی لڑکیاں تحصیل علم دین سے

فیضیاب ہورہی ہیں اورانہی مرحومین نے اہتمام کیا کہ عورتیں جمعہ کے دن نماز جماعت میں شریک ہوں اورحجاب کی پابندی کے لئے جانفشاں محنت کی اور کامیاب بھی ہوئے۔

انجمن جعفریہ:

اس انجمن کو حجۃ الاسلام مولانا عباس حسین صاحب قبلہ مرحوم، جناب چندا صاحب مرحوم، جناب مجاہد علی صاحب مرحوم، والدمرحوم کے ساتھ اور گاؤں کے کچھ چنندہ حضرات نے تشکیل دی۔تقریباً 1950 میں یہ وجود میں آئی جس کے پہلے معتمد (فاؤنڈر سکریٹری) آپ بنے۔

الحمدللہ! آخرعمر تک تشکیل انجمن یا دیگر اداروں کی تشکیل میں ہمیشہ کوشاں وکامیاب رہے اورآخرعمر تک وطن کے سرپرستوں میں رہے۔

آپ کی خدمات کے بدولت آپ کے فرزند جناب الحاج اکرم رضا صاحب تقریباً 8 سال اسی انجمن جعفریہ کے خازن رہے، پھر صدر بنے ۔اورایک فرزند الحاج سید انجم رضا صاحب حال ہی میں انجمن امامیہ بنگلور کے رکن بنے اورنائب صدر منتخب ہوئے ہیں۔ایک اورفرزند جناب الحاج سید حاکم رضا ادارہ فیض الاسلام بنگلور کے صدر بنے اوران کا دوسرا دورہ بھی مکمل ہورہا ہے۔

آپ کا نیک ارادہ، صاف دلی، جاں بے لوث خدمات کے بدولت حقیر بھی ادارۂ ایٹا (AITA) علی پور انٹرنیشنل ٹریڈرس اسوسی ایشن کا ابتدائی معتمد (فاؤنڈر سکریٹری) ہوں اور اب تیسرا دورہ بھی مکمل کررہا ہوں۔

ہم اہل خانہ اپنے مرحوم پدر جی کی طرح ہمیشہ کوشش کریں گے کہ خدمت دین، خدمت مذہب، خدمت خلق میں مشغول رہیں۔ہر نیک عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر نیک نیتی سے انجام دیں۔

مرحوم اپنے دوران حیات میں 1964 میں مع شریک حیات کربلا کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے، اس وقت کا سفر اب کی طرح اتنا آسان نہ تھا، ایک ماہ سے زائد کا سفر تھا، ان کی گود میں چھ ماہ کا بچہ جناب الحاج سید کاظم رضا صاحب تھے۔سفر کی مشقتوں کے باوجود اپنے ارادوں میں کامیاب ہوئے۔شاید بچپن کی زیارت کا اثر ہے کہ موصوف کی نماز اور روزہ قضا نہیں ہے یہاں تک کہ نماز شب بھی قضا نہیں کرتے ہیں۔

1974 میں مع شریک حیات حج کرنے کا شرف ملا، انہوں نے نہ خود حج وزیارت سے مشرف ہوئے بلکہ اپنے تمام اولاد کو بھی حج وزیارت کروانے کی کوشش کی۔الحمدللہ آج ان کی سب اولاد حاجی وزوّار ہیں۔

مسجد جعفریہ:

مرحوم نے جامعہ مسجد، مسجد جعفریہ کی بھی تعمیر کی جناب مرحوم سردار صاحب اور مرحوم محبّ صاحب اور کئی دیگر حضرات نے ان کا بھرپور ساتھ دیا اور پایہ تکمیل تک پہنچایا۔تقریباً 20 سال قبل یہ مسجد بنی جس کے انجینئر مرحوم کے فرزند الحاج جناب افہم رضا صاحب ہی تھے۔

امام خمینیؒ میڈیکل ٹرسٹ کے فاؤنڈر ٹرسٹی تھے اور اسپتال کی بھی تعمیر کی۔جناب الحاج انجم رضا صاحب اور الحاج افہم رضا صاحب اس ٹرسٹ کے صدر رہ چکے ہیں۔

زینبیہ اسکول کی تعمیر میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ہر کام کا ذکر کرنا بہت مشکل ہے بالآخر مرحوم نے ہر نیک کام کو حتی الامکان انجام دئے۔چاہے کسی کی بیماری کے لئے یا شادی بیاہ کے لئے یا تعلیم کے لئے یا مسجد وعاشورخانہ کے لئے مدد کرتے رہے۔ہر سماجی کام جو مومنوں کے لئے فلاح وبہبودی کا تھا انجام دئے۔

آپ سب جانتے ہیں کہ مرحوم ذاکر اہلبیتؑ تھے۔ہم سب نے سنا ہے کہ ان کے مرثیہ

خوانی، سلام ونوحہ پڑھنے کا انداز واذان دینے کا ڈھنگ خصوصاً جمعہ کے دن زیارت پڑھ کر اپنے مخصوص انداز میں مجلس یا نماز کا اہتمام کرنا یہ تمام خوبیاں مرحوم میں موجود تھیں۔شاید اتنی زیادہ خوبیاں پانے والے اشخاص بہت کم ہیں۔

وہ شب جمعہ بتاریخ 7 جنوری 2011 اس دارفانی سے داربقا کی طرف کوچ کر گئے۔ الحمدللہ! آخری سانس تک انہوں نے کلمہ پڑھا اسی کو عاقبت بخیر کہتے ہیں، انسان شروع سے آخری لمحے تک دین پر باقی رہنا ہی عاقبت بخیر ہے۔وہ آج بھی ہمارے درمیان موجود ہیں کیونکہ ان کا ہر ایک نیک عمل پکار رہا ہے کہ "رحمٰن حضرت" میرے ساتھ ہیں۔آپ سب اہل وطن کا پیار ان کے ساتھ ہمیشہ رہا ہے اور رہے گا۔انشاءاللہ

انشاءاللہ ہماری یہ کوشش رہے گی کہ دین اور آپ سب کی خدمات ہمیشہ کرتے رہیں اور ان کی سیرت کو آگے بڑھاتے رہیں۔آمین

خداوند متعال ان کے سارے اعمال کو قبول فرمائے اور ہمیں نیک اعمال انجام دینے کی توفیق دے، والد مرحوم اور والدہ مرحومہ، بھائی (برادر)، بہن ہمشیرہ اور تمام مومنین ومومنات کو جوار ائمہ میں جگہ دے اور ان کے درجات کو عالی فرمائے۔آمین ثم آمین

احقر العباد

سید عالم رضا

رحمٰن حضرت

دنیا میں جو بھی ذی روح ہے وہ واپس اپنے پروردگار سے مل جائے گا

اِنّاللہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ

اس تیزی سے گذر جانے والی دنیا میں لوگ آتے ہیں اور اس دار فانی کو چھوڑ کر ملک بقا کی جانب کوچ کر جاتے ہیں۔اس انسانی قافلے کی مثال ایسی ہی ہے جیسے بارش جب برستی ہے تو قطروں کی صورت میں لیکن یہ قطرے آپس میں مل کر دریا بناتے ہیں اور جس طرف سے یہ گذرتے ہیں باصلاحیت زمینوں کو سیراب وشاداب کرتے ہوئے اپنی منزل مقصود سے جا ملتے ہیں۔رحمٰن حضرت کا شمار بھی ان بافیض قطروں کی ہے جس نے علم وعمل کے دریا سے کسب فیض کیا ہے۔میرے والد مرحوم ثقۃ الاسلام مولانا سید عباس حسین صاحب قبلہ نوراللہ مرقدہ الشریف کے وہ شاگرد تھے جنہوں نے اپنے میں وہ رنگ لیا کہ جہاں والد کو مومنین مولوی صاحب حضرت کے نام سے پکارتے تھے وہیں ان کے شاگرد رشید بھی رحمٰن حضرت کے نام سے پکارے جانے لگے۔والد مرحوم کے شاگردوں میں جناب اسد علی صاحب مرحوم کو بھی بابا حضرت کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔جہاں مومنین علی پور والد کے ابہت علمی سے ڈرتے تھے اسی طرح اگر بابا حضرت یا رحمٰن حضرت کا گذر ہوتا تو وطن کے جوان آہستہ سے کھسک جاتے اور ان کے سامنے باادب رہتے۔

رحمٰن حضرت کی ایک اور خصوصیت یہ تھی کہ مرحوم مجالس وعزاداری کی زینت تھے۔ہم نے

اپنے بچپن میں وہ دور بھی دیکھا ہے جو کہ ان دو بزرگواروں کے بغیر مجلس کی نہ ابتداء ہوتی اور نہ ہی اختتام۔اس دنیائے فانی سے انسان اپنے عمل کے نقوش کو چھوڑ جاتا ہے جو اس کی بقاء کا پیام دیتی ہیں۔جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ لوگوں کے ساتھ ایسی زندگی بسر کرو کہ اگر زندہ رہو تو لوگ تمہارے ساتھ بیٹھنے کی خواہش کریں اور اگر اس دنیا سے چلے جاؤ تو لوگ تمہیں اچھے نام سے یاد کریں۔رحمٰن حضرت کی یاد ہم علی پور والوں کے دلوں میں ہمیشہ رہے گی۔ہم دعا گو ہیں کہ مرحوم کو خداوند تبارک وتعالیٰ بطفیل چہاردہ معصومین علیہم السلام اپنی رحمانیت کے سائے میں جگہ عنایت فرمائے اور ان کی اولاد کو مرحوم کے لئے کار خیر کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔آمین

شریک غم

احقر العباد

سید محمد زکی باقری عفی عنہ

(سرپرست اعلیٰ علی پور۔مقیم کینڈا)

باسمه تعالیٰ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

مَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ شَہِیْداً

پروردگار عالم کے نظام حیات وممات میں کسی کا اختیار نہیں ہے- ہمارے معصومینؑ نے بھی ارشاد فرمایا ہے کہ قضا وقدر میں سوائے معبود حقیقی کسی کا عمل دخل کارگر نہیں ہے-موت بہر حال مشیت ایزدی ہے اس پر صبر کی تلقین کی گئی ہے لیکن جب وطن عزیز میں یہ اعلان ہوا کہ رحمٰن حضرت کا انتقال ہوگیا ہے- یہ خبر غم اندوہ نے ہم سب کو بے حد متاثر کیا کہ ایک ایسا بزرگ انسان ، ذاکر اہلبیت ، سرپرست وطن ، غریبوں کا مددگار، قوم کا حامی، عزادار سید الشہداء، مذہبی امور میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والا، انجمن جعفریہ کی چالیس سال سے زیادہ سرپرستی کرنے والا، مذہبی عمارتوں کی تعمیر میں سب سے زیادہ تعاون کرنے والا، اورقدر دان اہل علم بھی تھے-لہٰذا اس دور قحط الرجال میں ایسے لوگوں کا اٹھ جانا ہم سب کے لئے باعث غم اندوہ ہے، اوران کی زندگی دوسرے انسانوں کے لئے نمونہ عمل ہے جو آخری عمر تک تلاش وکوشش میں رہے اوراس مرد مومن میں تمام صفات حسنہ یکجا جمع تھے ان صفات میں ایک صفت یہ تھی کہ ہمیشہ آخری عمر تک نماز جماعت ترک نہ کیا- آخرکار یہ مرحوم ومغفور اس دار فانی سے ملکوت اعلیٰ کی طرف پرواز کر گئے -خداوند رحیم وکریم ان کو جوار رحمت ومعصومین میں جگہ عنایت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے- آمین یارب العالمین

احقر العباد

میر قائم عباس

امام جمعہ وجماعت علی پور

باسمه تعالیٰ

آفتاب خدمت

خدمت کا ایک بیج بو کر دیکھ کہ کس طرح اس سے سینکڑوں میٹھی یادیں نکلتی ہیں۔آدمی یہ کہہ سکتا ہے کہ میں گھر، دکان، زمین یا باغ نہیں بیچوں گا کیونکہ ان چیزوں پر اس کا اختیار ہوتا ہے لیکن کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں وقت (Time) خرچ نہیں کروں گا کیونکہ وقت پر کسی کا اختیار اور زور نہیں چلتا ،وہ ٹک ٹک کرتا ہوا چلا جاتا ہے۔وقت میں اتنی طاقت ہے کہ وہ دن کو رات اور رات کو دن اور بچپن کو جوانی اور جوانی کو بڑھاپے میں بدل دے۔ہاں! سوائے تدبیر (Planning) کے کوئی زنجیر اسے جکڑ نہیں سکتی۔وقت کو وقت پر خرچ کرنا ہی درحقیقت وقت کے ساتھ انصاف اور شاید یہی وقت کی پکار بھی ہے۔کتنا اچھا کہا ہے جس نے بھی کہا ہے: **توزیع الوقت توسیع الوقت** یعنی وقت کا بانٹنا ہی وقت کا بڑھانا ہے۔قرآنی زبان میں جو **لفی خسر** سے اوپر اٹھ کر **الا الذین امنوا** کی منزلوں کو طے کر جاتے ہیں ان کی عمر پوچھی نہیں جاتی کہ وہ اس دنیا میں کتنے سال رہے؟ بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ ان کے کارنامے کیا ہیں؟ جتنے کام مقدس، معتبر، ارزشمند اور پائدار ہوں گے اتنا ہی ان کا نام اور تذکرہ مضبوط، محکم، آبرومند اور جاوید ہوگا۔موت ان کیلئے ایک انتقال اور انتقال استقلال کا پیش خیمہ بن جاتی ہے۔

ان عظیم ہستیوں میں ایک مرحوم و مغفور الحاج میر رحمٰن علی صاحب تھے کہ جنہیں گھریلو زبان میں پدر جی اور مذہبی و قومی زبان میں رحمٰن حضرت سے یاد کیا جاتا تھا۔جنہوں نے اپنی بابرکت زندگی میں زندگی کے ہر لمحے کا حق اور اس کی قیمت کو ادا کیا تو لمحوں نے مل کر آپ کی زندگی کو قیمتی بنادیا۔کہا جاتا ہے کہ قطرہ ایک سمندر سے مل کر تا ابد باقی رہ جاتا ہے تو اس کی زندگی کا کیا کہنا جس

نے اپنے آپ کو اذان، زیارت، سلام، مرثیہ، نوحہ، مسجد اور مدرسہ جیسے سات سمندروں سے ملا دیا ہو۔ بس اتنا کہہ سکتے ہیں کہ۔ وہ قطرہ کیا فنا ہو گا جو مل جائے سمندر سے۔ یا دت بخیر پدر جی!

ہمیں آپ کی دور اندیشی اور وسعت نظر کا احساس اس وقت ہوا جب ہم حوزہ علمیہ باقر العلوم ؑ علی پور کی تعمیر کا منصوبہ بنا کر ایک زمین خرید رہے تھے تو آپ نے کہا تھا: مدرسہ مدرسہ کی زمین پر بنایا جاتا ہے گھر کی زمین پر نہیں۔ ہم نے جواب دیا تھا کہ اس سے زیادہ ہمارے پاس امکانات نہیں ہیں؟ تو آپ نے اپنے بچوں کے ساتھ مل کر ایک وسیع زمین کو ہمارے حوالے کر کے ہم پر احسان کیا تھا۔ احسان اسلئے کہہ رہا ہوں کہ آپ نے وہ زمین ہمیں بن مانگے دی تھی ۔ آج اگر حوزہ علمیہ کا شمار علی پور کی ایک حسین عمارتوں میں ہوتا ہے تو اس کا سہرا مرحوم و مغفور کے سر جاتا ہے ۔ افسوس کے وہ آج ہمارے درمیان نہیں رہے۔ اللہ آپ کی قبر پر نور باران کرے۔ مجھے مرحوم کے انتقال کی خبر اس وقت ملی جب میں ٹورنٹو، کنڈا میں المہدی اسلامک سنٹر میں مجلس عزا پڑھنے جا رہا تھا، دکھ ہوا، مایوسی ہوئی کہ میں آپ کی بے پناہ محبتوں کا حق حضورا ادا نہ کر سکا لیکن یہ سوچ کر مطمئن ہو گیا کہ مرحوم کی یہ خوش نصیبی ہے کہ ماہ عزا میں سید الشہداء ؑ نے بزم ملائکہ میں مرثیہ گوئی کے لئے بلا لیا ہے۔ ذکر حسین ؑ کا یہ پہلا اجر کتنا عظیم ہے!

میں مع فیملی مرحوم کے تمام حاجی پسران و حاجیہ دختران بالاخص الحاج اکرم رضا صاحب اور تمام رشتہ داروں کی خدمت میں دکھ بھرے الفاظ میں تسلیت اور تعزیت پیش کرتا ہوں اور معذرت خواہ ہوں کہ ذمہ داریوں کی وجہ سے چہلم کی مجلس میں شریک نہیں ہو سکتا۔ دعا ہے کہ پروردگار مرحوم و مغفور کو شہداء کربلا کے ساتھ محشور فرمائے اور اقارب و احباب کو صبر۔ آمین یا رب العالمین۔

سید عدیل رضا عدیل

21 Jan 2011 Michigan, USA

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ فِی کِتَابِہ الْکَرِیمِ

اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰھُمُ الْمَلَآئِکَۃُ طَیِّبِیْنَ یَقُوْلُوْنَ سَلَامٌ عَلَیکُمُ ادْخُلُوالْجَنَّۃَ بِمَاکُنْتُم تَعْمَلُوْنَ (النحل — ۳۲)

یہ وہ لوگ ہیں جن کی روحیں فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک و پاکیزہ ہوتے ہیں تو فرشتے ان سے کہتے ہیں ''سلام علیکم'' جو نیکیاں دنیا میں تم کرتے تھے اس کے صلہ میں جنت میں چلے جاؤ۔

احادیث و روایات کی روشنی میں اور قرآن مجید کی تعلیمات سے مومن کے لئے موت تحفۂ الٰہی ہے اور باعث خیر و برکت ہے۔

جہاں مومن موت سے اپنی آخرت کو جو خود بنایا ہے رحمت الٰہی اور شفاعت اہلبیت کے طفیل بہتر پاتا ہے، وہاں دوسروں کے لئے باعث جدائی، رنج و الم اور مصیبت ہے۔ لیکن ضرور وعدہ الٰہی تو یہی ہے کہ مومن کی موت دوسروں کے لئے بھی باعث خیر و برکت اور بہترین نمونہ عمل اور ہدایت کا راستہ ہے۔ اس کی مصداق ہم مرحوم الحاج میر رحمٰن علی صاحب عرف رحمٰن حضرت کی زندگی اور آپ کی موت میں پاتے ہیں۔

مرحوم رحمٰن حضرت علی پور کے لئے قریب ایک صدی ستون لاینفک تھے۔ علی پور کے اکثر و بیشتر کاموں میں مرحوم کا حصہ تھا۔ چاہے دینی امور ہوں جیسے مسجد، مدرسے، جامعۃ الزہرا، انجمن جعفریہ یا دیگر دینی ادارے، یا تعلیمی ادارے کی بنیاد ہوں جیسے زینبیہ اسکول، نوبل اسکول، اردو اسکول وغیرہم یا فلاحی امور ہوں جیسے امام خمینیؒ ہسپتال، سڑکوں کی تعمیر یا

غرباء کے لئے کوئی بھی اسکیم- یا اصلاحی امور علی پور کے مومنین کے درمیان وغیرہ ان سب امور میں آپ کو سرپرست کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور مرحوم کی شایان شان خدمات کا ذکر تمام علی پور کے مومنین کی زبانوں پر جاری ہے- نہ تنہا علی پور، بلکہ علی پور کے اطراف دیگر مومنین بھی مرحوم کی خدمات سے واقف و بہرہ مند رہے ہیں- مرحوم رحمٰن حضرت اور آپ کی اہلیہ مرحومہ جب قم المقدس سے تعلیم دین کی غرض سے قیام فرمائے تھے حقیر بھی قریب سے آپ کے اخلاص اور علوم اسلامی کی تحصیل کا شوق دیکھ کر میرے حوصلہ میں اضافہ ہوا تھا-

مرحوم رحمٰن حضرت بے حد کوشش، جد وجہد، استقامت، دوام عمل بلا معاوضہ خدمات، دور اندیشی، اخلاص وسعی وغیرہ میں بہترین نمونہ ہیں- امید کہ مرحوم کی ان خدمات کو ہمارے لئے راہ ہدایت اور مرحوم کے لئے باعث قبول رضای حق ہو اور مرحوم کے وارثین کو اور فرزندان کو قومی، دینی، فلاحی، اور دیگر امور میں بہتر سے بہتر خدمات کی توفیق عنایت فرمائے -حقیر صدق دل سے مرحوم کی مغفرت کے لئے تمام مومنین سے التماس کرتا ہوں، خداوند منام سے دعا ہے کہ ہم سب کا خاتمہ بالخیر ہو اور ہماری زندگی بھی نمونہ خیر بنے- آمین-

والسلام

سید نبی رضا عابدی

امام جمعہ و جماعت صبا سنٹر

سن فرانسسکو، امریکہ

محترم پھوپھا الحاج

میر رحمٰن علی صاحب کے انتقال پر ملال پر

رحمٰن علی ! اے ذاکرِ شبیرؑ تشنہ کام
بھولیں گے کیسے اہل علی پور تیرا نام

سوز وسلام ،مرثیے، نوحے، زیارتیں
اعمال روز و شب ،وہ اذانیں، اقامتیں

مسجد میں وہ نمازِ جماعت کا اہتمام
ماہِ صیام و ماہِ محرم کا انتظام

اس طرح تجھ سے خدمت فرش عزا ہوئی
جب تک تھا مستطیع نہ مجلس قضا ہوئی

مسجد کی مدرسوں کی بھی تعمیر میں رہا
اس طرح بھی تو خدمتِ شبیرؑ میں رہا

تو انجمن[1] کا بیس برس معتمد رہا
اور دینیات[2] تیس برس تک پڑھا گیا

تا عمر انجمن کا رہا سر پرست بھی
تزئین انجمن میں بھی کوشش رہی تری

پہچانتی ہے قوم تجھے تیرے کام سے
مشہور ہے تو گاؤں میں حضرت[3] کے نام سے

دن ہو کہ رات کام سے تھکتا نہ تھا کبھی
حیراں تھے نوجواں کہ تو ایسا تھا محنتی

سب کے لئے نمونۂ خوش تیرا ذوق تھا
تا مرگ اپنی روٹی کمانے کا شوق تھا

ناشرؔ دعا یہ ہے کہ خدا مغفرت کرے
آسان تیرے حق میں رہِ آخرت کرے

ناشر عابدی علی پوری

(۱) انجمن جعفریہ۔علی پور
(۲) مدرسہ جعفریہ دینیات علی پور میں بلا معاوضہ خدمات
(۳) علی پور کے لوگ انہیں ''رحمٰن حضرت'' کہا کرتے تھے

مرحوم الحاج میر رحمٰن علی

سیدمظلوم کے غمخوار تھے رحمٰن علی
مرثیہ خوانی میں اک شہکار تھے رحمٰن علی

سب سے پہلے مجلس سروڑ میں آتے تھے مدام
منفرد انداز میں پڑھتے تھے وہ نوحہ سلام

کارمذہب دیتے تھے انجام ذوق وشوق سے
ہونے دیتے ہی نہیں تھے پست اپنے حوصلے

وقف کرکے زندگی تعمیر مسجد کے لئے
روشنی مرقد میں اپنے ساتھ وہ لے کر گئے

یوں تو تعمیرات کارخیر میں تھے حصہ دار
اک عزا خانہ ہے ان کی محنتوں کا شاہ کار

زندگی میں ساتھ یا کردار بیوی کا ملا
مذہبی کاموں کا رکتا کس طرح سے سلسلہ

مل کے دونوں نے بنایا مدرسہ نسوان کا
کتنا با مقصد تھا دونوں کا یہ محکم فیصلہ

بعدمرنے کے ملے گی کیوں نہ دونوں کو حیات
جلوہ گر ہے آج بھی اس مدرسہ میں دینیات

راستے محنت سے اپنی پیدا کرکے رزق کے
درس خودداری وطن والوں کو وہ دے کر گئے

تادم آخر بھی تھا روزی کمانے کا خیال
کس قدر خوددار تھے ملتی نہیں ان کی مثال

درس اور تدریس میں جب گذرے ان کے روز وشب
تب کہیں جا کر ملا تھا ان کو حضرت کا لقب

حضرت شبیرؑ کے زوار تھے رحمٰن علی
کرکے آئے تھے زیارت فاطمہؑ کی قبر کی

خانہ کعبہ کو لب چومے تھے ان کے بار بار
اور پیشانی پہ بھی ارض نجف کی تھی غبار

ہوگا زاہدؔ قبر میں اب روشنی کا سلسلہ
وہ کفن میں لے گئے ہیں ساتھ خاک کربلا

زاہدؔ علی پوری

رحمٰن حضرت کی شخصیت اور میرے تاثرات

کر رہا ہوں اس کے اسم پاک سے میں ابتداء
جو بڑا ہی رحم کرنے والا ہے میرا خدا
ہوں محمدؐ اور ان کی آلؑ پر لاکھوں درود
جن کے صدقے میں ہے روشن دونوں عالم کا وجود
یہ نبیؐ کا قول ہے کہتی ہے دنیائے سعید
جس کو عشق مرتضٰی میں موت آئے وہ شہید
اک محبّ مرتضٰی کا ساتھ ہم سے چھٹ گیا
ذاکر شبیر کا سایہ وطن سے اٹھ گیا

نام تھا رحمٰن جن کا اور تھا حضرت لقب
قدر داں رحمٰن حضرت کے وطن والے تھے سب
مذہبی کاموں میں سب سے سامنے رہتے تھے وہ
فخر سے خود کو غلام حر کہا کرتے تھے وہ
یوں رہا کرتے تھے حضرت چاہنے والوں کے بیچ
جیسے روشن چودھویں کا چاند ہو تاروں کے بیچ

زندگی مانگی تھی رب سے اس لئے مرحوم نے
وقف کردے عمر کو تعمیر مسجد کے لئے
مرثیہ خوانی میں یکتائے سخن رحمٰن علی
ذاکری کے باغ کی اک انجمن رحمٰن علی
غم سے آنکھیں بھیگ جاتی تھیں ہر اک مغموم کی
نوحہ خوانی میں کچھ ایسا درد تھا مرحوم کی
شخصیت ایسی وطن میں پھر ابھر سکتی نہیں
وہ دراڑ آئی جدا ئی کی جو بھر سکتی نہیں
نام بھی زندہ ہے اور زندہ ہے ان کی یاد بھی
نیک تھے مرحوم خود بھی نیک ہے اولاد بھی
بخش دے سارے گنہ مرحوم کے اے کردگار
دے جگہ ان کو جوارِ آلؑ میں پروردگار
کیوں نہ ان کا ذکر ہو جنت کے گلشن میں مجیبؔ
سینکڑوں اچھائیاں تھیں ان کے دامن میں مجیبؔ

احقر العباد
مجیبؔ علی پوری
علی پور، کرناٹک، انڈیا

آہ! الحاج میر رحمٰن علی

ایک محبّ شہ ابرار تھے رحمٰن حضرت
عزم میں کوہ گراں بار تھے رحمٰن حضرت

روح میں ان کی غم شاہ زمنؑ زندہ تھا
خلد میں جانے کو تیار تھے رحمٰن حضرت

ان کا ایثار نظر میں ہے ابھی تک سب کی
حسن اخلاق کے شہکار تھے رحمٰن حضرت

ہر طرح جانتے تھے فرش عزا کی تہذیب
ہر عزا خانے میں ضوبار تھے رحمٰن حضرت

مسکراتے ہوئے ہر ایک سے باتیں کرنا
ہر قدم اپنے میں گلزار تھے رحمٰن حضرت

دل تھا آقائے خمینیؒ کی محبت سے بھرا
حق پسندوں کے طرفدار تھے رحمٰن حضرت

اپنی تخلیق کے مقصد کو بہت سمجھا تھا
اس لئے شہؑ کے عزادار تھے رحمٰن حضرت

ان کے اوصاف میں گنواؤں کہاں تک ناطقؔ
یعنی ہر حال میں دیندار تھے رحمٰن حضرت

جانب کوثر سدھارے حضرت رحمٰن علی
سایہ طوبیٰ میں پہنچا قامت رحمٰن علی

مرثیہ خوانی میں اپنی عمر ساری کاٹ دی
اشک غم فرش عزا ہے دولت رحمٰن علی

عشق مولیٰ کے تصدق میں یہ پایا مرتبہ
حور و غلماں کر رہے ہیں خدمت رحمٰن علی

جگمگائے گی ہمیشہ آنسوؤں کے ذیل میں
چاند سورج کی طرح سے تربت رحمٰن علی

آرہے ہیں اب گلے ملنے انیسؔ و میرؔ بھی
حشر والے دیکھتے ہیں شوکت رحمٰن علی

ناطقؔ علی پوری

جہل سے برسر پیکار تھے رحمٰن علی

خاک شفا پہ کر کے گئے جتنے وہ سجود
چمکیں گے وہ جبین مقدس پہ بن کے تاج
اب اس سے بڑھ کے ہوگا بھلا کیا کوئی شرف
غم ان کا مل گیا ہے غم شاہ دیں میں آج

عاشق حیدر کرار تھے رحمٰن علی | پیر و عترت اطہار تھے رحمٰن علی
اک نمونہ تھے جو حق گوئی و بے باکی کا | وارث میثم تمار تھے رحمٰن علی
اپنی اولاد کو دی تربیت عشق علی | گھر میں اک شمع ضیا بار تھے رحمٰن علی
اس کے سائے میں سکوں پاتے تھے سب چھوٹے بڑے | ایسا اک سایۂ دیوار تھے رحمٰن علی
باعث فخر علی پور تھی بستی ان کی | قوم کا طرۂ دستار تھے رحمٰن علی
مقصد کرب وبلا رہتا تھا بس ان کا ہدف | ذاکر سید ابرار تھے رحمٰن علی
آخری بزم علی پور کی قندیل تھے وہ | ادراک مرکز انوار تھے رحمٰن علی
آخری جائے رہائش ہے جناں میں ان کی | باغ فردوس کے حقدار تھے رحمٰن علی
نوبل اسکول سے دیتا یہ گواہی منہالؔ | جہل سے برسر پیکار تھے رحمٰن علی

منہالؔ اعظمی (یوپی)

باب اول

اعتقادات

بسم الله الرحمن الرحیم

کلمہ

لَا اِلٰـــهَ اِلّا الـلّٰـــه مُـحَـمَّدٌ رَسُولُ اللّٰه
عَـلِیٌّ وَلِیُّ الـلّٰـه وَوَصِـیُّ رَسُولِ اللّٰه
وَ خَـلِیـفَتُـــهُ بِـلافَـصْـل

ترجمہ: نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ حضرت محمدؐ اللہ کے رسول ہیں
حضرت علی اللہ کے ولی ہیں۔ (علیؑ) رسول خداؐ کے وصی ہیں
اور رسولؐ کے بلافصل خلیفہ ہیں

اصول دین

اصول دین یعنی دین کی جڑیں پانچ ہیں:

اول توحید- دوسرے عدل- تیسرے نبوت- چوتھے امامت- پانچویں قیامت

توحید:

یعنی اللہ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں-

عدل:

یعنی اللہ کسی کے ساتھ ظلم نہیں کرتا اور ہر ایک کے ساتھ انصاف سے پیش آتا ہے-

نبوت:

یعنی اللہ نے ہماری ہدایت کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار (۱۲۴۰۰۰) انبیاء بھیجے، ان میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام اور آخری ہمارے پیغمبر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں-

تین سو تیرہ (۳۱۳) انبیاء کو خدا نے خاص درجہ عطا کیا جنہیں ہم رسول کہتے ہیں اور ان میں سے پانچ رسولوں کو شریعت عطا کی جو **اولو العزم** کہلاتے ہیں۔ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

(۱) حضرت نوح علیہ السلام (۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام (۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۵) حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امامت:

یعنی اللہ نے آخری نبی کے بعد ہماری ہدایت کے لے بارہ (۱۲) امام بھیجے۔ امام دین اسلام کی حفاظت کرتے ہیں۔

قیامت:

ایک دن ایسا آئے گا جس دن دنیا فنا ہو جائے گی اور ہم سب کے اعمال کا حساب لیا جائے گا، اچھے لوگوں کو انعام (ثواب) دیا جائے گا اور برے لوگوں کو سزا (عذاب) دی جائے گی۔

اسمائے گرامی چودہ معصومین علیہم السلام

رتبہ	نام	لقب	کنیت	والد کا نام	والدہ کا نام	تاریخ ولادت	مدت امامت	مدت عمر	تاریخ شہادت	قاتل	محل دفن	تعداد اولاد
خاتم الانبیاء	محمدؐ	مصطفیٰ	ابو القاسم	عبداللہ	آمنہ	17 ربیع الاول	نبوت 23 سال	63 سال	28 صفر	یہودیہ عورت	مدینہ	3 پسر 4 دختر
اول امام	علیؑ	امیر المومنین	ابو الحسن	ابو طالب	فاطمہ بنت اسد	13 رجب	30 سال	63 سال	21 رمضان	ابن ملجم	نجف	12 پسر 16 دختر
تیسرے معصوم	فاطمہؑ	زہراء	ام الائمہ	محمدؐ	خدیجہ الکبریٰ	20 جمادی الثانی	-- --	18 سال	3 جمادی الثانی	قنفذ	مدینہ	3 پسر 2 دختر
دوسرے امام	حسنؑ	مجتبیٰ	ابو محمد	علیؑ	فاطمہ زہراء	15 رمضان	10 سال	47 سال	28 صفر	جعدہ	جنت البقیع	8 پسر 7 دختر
تیسرے امام	حسینؑ	سید الشہداء	ابو عبداللہ	علیؑ	فاطمہ زہراء	3 شعبان	11 سال	57 سال	10 محرم	شمر	کربلا	4 پسر 3 دختر
چوتھے امام	علیؑ	زین العابدین	ابو محمد	حسینؑ	شہر بانو	5 شعبان	35 سال	57 سال	25 محرم	ہشام	جنت البقیع	11 پسر 4 دختر

پانچویں امام	محمدؑ	باقر	ابو جعفر	علیؑ	فاطمہؑ	1 رجب	19 سال	577 سال	ذی الحجہ	ابراہیم	جنت البقیع	5 پسر 2 دختر
چھٹویں امام	جعفرؑ	صادق	ابو عبداللہ	محمدؑ	اُم فروہ	17 ربیع الاول	34 سال	65 سال	25 شوال	منصور	جنت البقیع	7 پسر 3 دختر
ساتویں امام	موسیٰؑ	کاظم	ابوالحسن	جعفرؑ	حمیدہ	7 صفر	35 سال	55 سال	25 رجب	ہارون	کاظمین	18 پسر 19 دختر
آٹھویں امام	علیؑ	رضا	ابوالحسن	موسیٰؑ	نجمہ	11 ذی قعدہ	20 سال	55 سال	17 صفر	مامون	طوس	1 پسر 1 دختر
نویں امام	محمدؑ	جواد	ابوجعفرؑ	علیؑ	خیزران	10 رجب	17 سال	25 سال	29 ذیقعدہ	معتصم باللہ	کاظمین	4 پسر 7 دختر
دسویں امام	علیؑ	ہادی	ابوالحسن	محمدؑ	سمانہ	15 ذی الحجہ	33 سال	43 سال	3 رجب	متوکل	سامراء	4 پسر 1 دختر
گیارہویں امام	حسنؑ	عسکری	ابومحمد	علیؑ	حدیثہ	8 ربیع الثانی	6 سال	28 سال	8 ربیع الاول	معتمد	سامراء	1 پسر
بارہویں امام	محمدؑ	مہدی	ابوالقاسم	حسنؑ	نرجس	15 شعبان	بہت زیادہ	ہمارے آخری امام ابھی زندہ اور پردہ غیب میں ہیں۔ جب خدا چاہے ظہور فرما کر دنیا کو عدالت سے بھر دیں گے۔				

صفاتِ خُدا

خُداوند عالم کے صفات کو دو حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(۱) صفاتِ ثبوتیہ

(۲) صفاتِ سلبیہ

۱) **صفاتِ ثبوتیہ :** وہ صفات جو خدا میں پائی جاتی ہیں۔

۱۔ خدا عالم ہے .... یعنی تمام چیزوں کو جانتا ہے۔

۲۔ خدا قادر ہے............ یعنی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

۳۔ خدا حیّ ہے............ یعنی زندہ ہے، زندہ اسے کہا جاتا ہے جو علم اور قدرت رکھتا ہے، اور چونکہ خدا عالم بھی ہے اور قادر بھی اس بناء پر وہ زندہ ہے۔

۴۔خدا مرید ہے............ یعنی صاحب ارادہ ہے وہ اپنے کاموں میں مجبور نہیں ہے اور جو کام بھی کرتا ہے بغیر مقصد کے نہیں کرتا۔

۵۔ خدا مدرک ہے............ یعنی تمام چیزوں کو جانتا، سمجھتا، دیکھتا، سنتا اور ہر بات سے آگاہ ہے۔

۶- خدا قدیم ہے............ یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا-

۷- خدا متکلّم ہے............یعنی وہ چاہے تو ہوا میں آواز کی لہریں پیدا کر کے اپنے پیامبروں سے بات کرسکتا ہے-وہ زبان، ہونٹ اور حنجرہ کا محتاج نہیں ہے-

۸- خدا صادق ہے...... یعنی جو کچھ کہتا ہے سچ اور عین حقیقت ہوتا ہے اور چونکہ وہ عالم اور قادر ہے جھوٹ اس کی ذات سے محال ہے-

۲) **صفاتِ سلبیہ** : یعنی وہ صفات جو خدا میں نہیں پائی جاتیں-

۱- خدا مرکب نہیں ہے......یعنی اجزاء ترکیبی سے مل کر نہیں بنا ہے کیونکہ ایسی صورت میں وہ اجزاء کا ہوگا جب کہ خدا کسی چیز کا محتاج نہیں ہے-

۲- خدا جسم نہیں رکھتا...... کیونکہ جسم محدود اور فنا ہونے والا ہوتا ہے جب کہ خدا لامحدود اور قدیم ہے-

۳- خدا مرئی نہیں......یعنی دکھائی نہیں دیتا- کیونکہ اگر نظر آتا تو جسم ہوتا اور جسم محدود ہے جب کہ خدا لامحدود-

۴- خدا محل نہیں رکھتا......یعنی اس کا جسم نہیں ہے کہ وہ مکان کا محتاج ہو-

۵- خدا کا کوئی شریک نہیں......یعنی اگر اس کا کوئی شریک ہوتا تو وہ ایک محدود وجود ہوتا چونکہ دو لامحدود موجودات کا وجود

کسی بھی طرح ممکن نہیں ہے۔

۶- خدا معانی نہیں رکھتا ....یعنی اس کی صفات اس کی عین ذات ہے

۷- خدا محتاج اور ضرورتمند نہیں ......یعنی وہ کسی کا محتاج نہیں ہے بلکہ ساری دنیا اس کی محتاج ہے۔

۸- خدا محل حوادث نہیں .... یعنی اس میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔

باب دوم

مختصر احکام واعمال

فروع دین

یعنی دین کی شاخیں دس ہیں: اول: نماز، دوسرے- روزہ، تیسری - حج، چوتھی- زکوۃ، پانچویں-خمس، چھٹویں-جہاد، ساتویں-امر بالمعروف، آٹھویں-نہی عن المنکر، نویں-تولّی، دسویں-تبرّا-

نماز:

روزانہ پانچ وقت کی نمازیں واجب ہیں:

(۱) صبح-دو رکعت (۲) ظہر-چار رکعت (۳) عصر-چار رکعت

(۴) مغرب-تین رکعت (۵) عشاء-چار رکعت

روزہ:

ماہ رمضان میں روزے رکھنا واجب ہے-

روزہ دار کو اذانِ صبح سے اذانِ مغرب تک قصد قربت کے ساتھ تمام ان چیزوں سے جن سے روزہ باطل ہو جاتا ہے پرہیز کرنا واجب ہے-

مبطلات روزہ:

(وہ چیزیں جن سے روزہ باطل ہو جاتا ہے)

(۱) کھانا، پینا (۲) جماع کرنا (ہمبستری کرنا) (۳) استمناء (یعنی انسان کوئی ایسا کام کرے کہ

جس سے اس کی منی خارج ہو) (۳) خدا یا رسول یا ائمہ معصومین علیہم السلام پر جھوٹ باندھنا (۵) غبار غلیظ کو حلق تک پہنچانا (۶) پورے سر کو پانی میں ڈبونا (۷) حالتِ جنابت یا حیض یا نفاس پر اذان صبح تک باقی رہنا (۸) کسی بہنے والی چیز سے حقنہ (انیما) کرنا (۹) عمداً قے کرنا۔

حج:

جو حج کی استطاعت رکھتا ہو اس پر عمر میں ایک مرتبہ حج کرنا واجب ہے۔

زکوٰۃ:

نو چیزوں پر زکواۃ واجب ہے:
(۱) گیہوں (۲) جو (۳) کھجور (۴) کشمش (منقیٰ) (۵) سونا (۶) چاندی (۷) اونٹ

خمس:

سال بھر کا خرچ نکالنے کے بعد جو مال اور رقم بچ جائے اس میں سے پانچواں حصہ نکالنے کو خمس کہتے ہیں۔
(۱) منافع کسب (۲) معدن (کان) (۳) خزانہ (۴) وہ حلال مال جو حرام مال سے مخلوط ہو گیا ہو (۵) جو چیز دریا سے غوطہ لگا کر نکالے، جیسے موتی وغیرہ (۶) غنیمت جنگی (۷) وہ زمین جو کافر ذمی مسلمان سے خریدے۔

جہاد۔ابتدائی:

نبی یا امام معصومؑ کی اجازت سے علیہ کفار جنگ کرنا واجب ہے۔

جہاد-دفاعی:

اگر کوئی دشمن ہم پر حملہ آور ہو تو اپنی جان و مال اور اسلام کی حفاظت کے لئے اس کے حملے کا جواب (دفاع) دینا واجب ہے۔

امر بالمعروف: ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ دوسروں کو خاص شرائط کے ساتھ نیکی کی طرف ہدایت کرے۔

نہی عن المنکر:

ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ دوسروں کو برائی سے روکے۔

تولّی:

یعنی اہلبیت اور ان کے دوستوں سے دوستی کرنا اور ان کی خوشی میں خوشی اور غم میں غم منانا۔

تبرا:

یعنی اہلبیت کے دشمنوں سے بیزار رہنا۔

تقلید

ہر مسلمان کے لئے اصول دین کو از روئے بصیرت جاننا ضروری ہے۔

اصول دین میں تقلید نہیں کی جا سکتی۔

جہاں تک دینی احکام کا تعلق ہے، ''مسلمہ اور قطعی امور'' کو چھوڑ کر باقی احکام میں ضروری ہے کہ انسان یا تو خود مجتہد ہو یعنی احکام کو دلیل کے ذریعہ حاصل کر سکے یا کسی مجتہد کی تقلید کرے یا از راہ احتیاط اپنا فریضہ یوں ادا کرے کہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے اپنی شرعی ذمہ داری پوری کر دی ہے۔

دینی احکامات میں تقلید کا مطلب یہ ہے کہ کسی مجتہد کے فتوے پر عمل کیا جائے اور ضروری ہے کہ جس مجتہد کی تقلید کی جائے وہ مرد۔ بالغ۔ عاقل۔ شیعہ اثنا عشری۔ حلال زادہ۔ زندہ اور عادل ہو۔

عادل وہ شخص ہے جو ان تمام کاموں کو بجا لائے جو اس پر واجب ہیں اور ان تمام کاموں کو ترک کرے جو اس پر حرام ہیں۔

عادل ہونے کی نشانی یہ ہے کہ وہ بظاہر ایک اچھا شخص ہو اور اس کے اہل محلہ، ہمسایوں یا ہمنشینوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا جائے تو وہ اس اچھائی کی تصدیق کریں۔

مکلّف (ہر بالغ و عاقل) کے لئے وہ تمام مسائل سیکھنا لازم ہے جن کے بارے میں احتمال ہے کہ نہ سیکھنے کی وجہ سے خدا کی معصیت میں مبتلا ہو سکتا ہے یعنی کسی واجب کو ترک کرنے یا کسی حرام کے انجام دینے کا مرتکب ہو سکتا ہے۔

نماز

(ا)مقدمات نماز (طہارت)

(الف)وضو:

وضو کا طریقہ:

(۱)سب سے پہلے نیت کی جائے کہ میں وضو کرتا/کرتی ہوں **قربتہ الی اللہ** (واجب)

(۲)پھر ہاتھوں کو کلائیوں تک دو مرتبہ دھویا جائے (مستحب)

(۳)پھر تین مرتبہ کلی کی جائے (مستحب)

(۴)پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا جائے (مستحب)

(۵)پھر چہرے کو لمبائی میں سر کے بال اگنے کی جگہ سے ٹھڈی کے آخر تک اور چوڑائی میں تقریباً ایک کان سے دوسرے کان تک دھویا جائے-(ایک مرتبہ (واجب) دوسری مرتبہ مستحب)

(۶)پھر داہنے ہاتھ کو کہنی سے لے کر انگلیوں کے سروں تک دھویا جائے-(ایک مرتبہ واجب دوسری مرتبہ مستحب)

(۷)پھر بائیں ہاتھ کو کہنی سے لے کر انگلیوں کے سروں تک دھویا جائے-(ایک مرتبہ واجب، دوسری مرتبہ مستحب، تیسری مرتبہ حرام)

(۸)پھر سر کے اگلے حصہ کا مسح کیا جائے-(واجب)

(۹) پھر داہنے ہاتھ سے سیدھے پاؤں کا مسح کیا جائے۔(واجب)

(۱۰) اسی طرح بائیں ہاتھ سے بائیں پیر کا مسح کیا جائے۔(واجب)

☆ چھ چیزوں کے لئے وضو کرنا چاہئے:

(۱) نماز میت کے علاوہ تمام واجب نمازوں کے لئے۔

(۲) بھولا ہوا سجدہ اور تشہد کے لئے اگر اس کے اور نماز کے درمیان کوئی حدث مثل پیشاب وغیرہ کے سرزد ہو جائے۔

(۳) خانہ کعبہ کے واجب طواف کے لئے

(۴) اگر نذر، عہد یا قسم کھائے کہ میں وضو کروں گا۔

(۵) قرآن کے حروف سے مس کرنے کے لئے

(۶) نجس شدہ قرآن کو پاک کرنے کے لئے

☆ وہ چیزیں جو وضو باطل کرتی ہیں:

سات چیزیں وضو کو باطل کر دیتی ہیں:

(۱) پیشاب (۲) پاخانہ (۳) وہ ریح جو مقام پاخانہ سے خارج ہو (۴) وہ نیند جس کے ذریعہ نہ آنکھ دیکھ سکے اور نہ کان سن سکے (۵) وہ چیزیں جو عقل کو زائل کر دیتی ہیں مثل دیوانگی اور مستی۔(۶) استحاضہ (۷) وہ کام کہ جس کی وجہ سے غسل کرنا پڑتا ہے جیسے جنابت۔

(ب) غسل

غسل کا طریقہ:

غسل دو طرح سے کیا جا سکتا ہے:

(۱)ارتماسی: غسل کی نیت کرے اور پورے بدن کو پانی میں ڈبوئے۔

(۲)ترتیبی : غسل کی نیت کرے، سر وگردن کو دھوئے، بدن کے دائیں حصہ اور پھر بائیں حصہ دھویا جائے۔

واجب غسل:

(۱) غسل جنابت (۲) غسل حیض (۳) غسل نفاس (۴) غسل استحاضہ (۵) غسل مس میت (۶) غسل میت (۷) وہ غسل جو نذر وقسم کی وجہ سے واجب ہو۔

(ج) تیمّم

تیمم دو طرح کا ہے (۱) وضو کے بدلے (۲) غسل کے بدلے

تیمّم کا طریقہ:

تیمم میں چار چیزیں واجب ہیں: (۱) نیت (۲) دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو اکٹھا ایسی چیز پر مارنا کہ جن پر تیمم کرنا صحیح ہے۔ (۳) دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو تمام پیشانی اور اس کی دونوں طرفوں پر اس جگہ سے کہ جہاں سے سر کے بال اُگتے ہیں آبروں اور ناک کے اوپر والے حصہ تک کھینچنا اور احتیاط واجب یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو آبروں کے اوپر بھی کھینچا جائے۔ (۴) بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو دائیں ہاتھ کی پوری پشت پر اور اس کے بعد دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پوری پشت پر کھینچا جائے۔

نوٹ: تیمم خواہ غسل کے بدلے ہو یا وضو کے بدلے اس کے طریقے میں کوئی فرق نہیں۔

☆: مٹی، ریت، ڈھیلے اور پتھر پر تیمم کرنا صحیح ہے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر مٹی میسر ہو تو کسی دوسری چیز پر تیمم نہ کیا جائے۔

(۲)شرائط نماز (نماز کی شرطیں)

(الف)مکان:

مکان نمازی کی پانچ شرطیں ہیں:

(۱)مباح ہو(غصبی نہ ہو)(۲)متحرک نہ ہو(۳)چھت کی بلندی اتنی ہو کہ کھڑا ہو سکتا ہو

(۴)اگر نجس ہے تو ایسی تر نہ ہو کہ اس کی رطوبت اس کے بدن یا لباس سے آ لگے۔

(۵)نمازی کی پیشانی کی جگہ اس کے گھٹنوں کی جگہ سے یکساں ہو(چار انگلیوں سے زیادہ بلند یا پست نہ ہو)

(ب)لباس:

نماز پڑھنے والے کے لباس کی پانچ شرطیں ہیں:

(۱)پاک ہو(۲)مباح ہو(۳)مردار کی جنس نہ ہو(۴)حرام گوشت جانور سے نہ ہو(۵)یہ کہ اگر نمازی مرد ہے تو اس کا لباس خالص ریشم اور سونے کی تاروں سے بنا ہوا نہ ہو۔

(۳)واجبات نماز:

(الف)رکن:

نماز کے کچھ واجبات رکن ہیں یعنی اگر انسان انہیں بجا نہ لائے یا نماز میں ان کا اضافہ کر دے- جان بوجھ کر یا بھول کر تو نماز باطل ہو جاتی ہے-

(۱)نیت (۲)تکبیرۃ الاحرام(۳)قیام تکبیرۃ الاحرام اور متصل بہ رکوع (۴)رکوع

(۵)دو سجدے-

(ب) غیر رکن:

نماز کے کچھ واجبات رکن نہیں یعنی اگر جان بوجھ کر انہیں کم وزیادہ کرے تو نماز باطل ہے اور اگر بھول کر کمی زیادتی ہو جائے تو نماز باطل نہیں ہوتی۔

(۱) قرأت (۲) ذکر (۳) تشہد (۴) سلام (۵) ترتیب (۶) موالات (پے در پے)

(۴) مبطلات نماز:

(وہ چیزیں جن سے نماز باطل ہو جاتی ہے)

(۱) اثناء نماز میں کوئی ایک شرط نہ رہے (۲) اثناء نماز میں ایسی چیز سرزد ہو جو وضو یا غسل کو باطل کر دیتی ہے (۳) ہاتھ پر ہاتھ رکھ لینا (۴) الحمد پڑھنے کے بعد آمین کہنا (۵) قبلہ سے منہ موڑنا (۶) جان بوجھ کر کوئی لفظ کہنا اور اس کے معنی کا ارادہ کرنا (۷) آواز اور ترنم کے ساتھ ہنسنا (۸) کسی دنیاوی کام کے لئے آواز کے ساتھ گریہ کرنا (۹) وہ کام جو نماز کی صورت وشکل کو ختم کر دے مثلاً تالیاں بجانا (۱۰) کھانا پینا (۱۱) دو رکعتی، تین رکعتی یا چار رکعتی نماز کی پہلی دو رکعت میں شک کرنا (۱۲) نماز کا غیر رکن جان بوجھ کر کم یا زیادہ کرنا یا رکن کا عمداً یا سہواً چھوڑنا یا اضافہ کرنا۔

(۵) شکیاتِ نماز:

شکیات نماز تین قسم کے ہیں۔ (۱) وہ شک جو نماز کو باطل کر دیتے ہیں۔ (۲) وہ شک جن کی پرواہ نہیں کرنا چاہیے۔ (۳) صحیح شک

شکیات صحیح نماز

نمبر	شک بین رکعت	حالت	مقرر (مبنی)	نماز احتیاط
1	2یا3	دو سجدے کے بعد	تیسری رکعت (3)	ایک رکعت کھڑے ہو کر
2	2یا4	دو سجدے کے بعد	چوتھی رکعت (4)	دو رکعت کھڑے ہو کر
3	2یا3یا4	دو سجدے کے بعد	چوتھی رکعت (4)	دو رکعت کھڑے ہو کر دو رکعت بیٹھ کر
4	4یا5	دو سجدے کے بعد	چوتھی رکعت (4)	صرف دو سجدے سہو
5	3یا4	کہیں بھی	چوتھی رکعت (4)	ایک رکعت کھڑے ہو کر
6	4یا5	قیام	فوراً بیٹھ جائیں (4)	ایک رکعت کھڑے ہو کر
7	3یا5	قیام	فوراً بیٹھ جائیں (4)	دو رکعت کھڑے ہو کر
8	3یا4یا5	قیام	فوراً بیٹھ جائیں (4)	دو رکعت کھڑے ہو کر دو رکعت بیٹھ کر
9	5یا6	قیام	فوراً بیٹھ جائیں (4)	صرف دو سجدے سہو

صحیح شک وہ نو ہیں:

(۱) دوسرے سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد شک کرے کہ دو رکعت پڑھ چکا ہوں یا تین تو تین پر بنا رکھے اور ایک رکعت اور پڑھے اور نماز ختم کرنے کے بعد ایک رکعت نمازِ احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر پڑھے۔

(۲) دوسرے سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد شک کرے کہ یہ رکعت دوسری، یا چوتھی ہے تو چوتھی پر بنا رکھے اور اس نماز کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھے۔

(۳) دوسرے سجدے سے سر اٹھانے کے بعد شک کرے کہ یہ رکعت دوسری یا تیسری یا چوتھی ہے تو چوتھی پر بنا رکھے اور اس نماز کے بعد دو رکعت کھڑے ہو کر اور پھر دو رکعت بیٹھ کر نماز احتیاط پڑھے۔

(۴) دوسرے سجدے سے سر اٹھانے کے بعد چوتھی اور پانچویں میں شک کرے تو چار پر بنا رکھے اور نماز کو تمام کرے اور اس کے بعد دو سجدے سہو بجالائے۔

(۵) نماز کی کسی جگہ پر تین اور چار کے درمیان شک کرے تو چار پر بنا رکھے اور نماز تمام کرے اور اس نماز کے بعد ایک رکعت نمازِ احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر بجالائے۔

(۶) قیام کی حالت میں چار اور پانچ کے درمیان شک کرے تو بیٹھ جائے اور تشہد پڑھ کر نماز کا سلام بجالائے اور ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر پڑھے۔

(۷) قیام کی حالت میں تین اور پانچ کے درمیان شک کرے تو بیٹھ جائے اور تشہد و سلام پڑھے اور کھڑے ہو کر دو رکعت نماز احتیاط بجالائے۔

(۸) قیام کی حالت میں تین، چار اور پانچ کے درمیان شک کرے تو بیٹھ جائے تشہد پڑھے اور سلام کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر اور اس کے بعد دو رکعت بیٹھ کر پڑھے۔

(۹) قیام کی حالت میں پانچ اور چھ کے درمیان شک ہو تو بیٹھ جائے تشہد اور سلام پڑھے اور دو سجدے سہو کے بجالائے۔

سجدۂ سہو کا طریقہ:

سجدۂ سہو کا دستور یہ ہے کہ نماز کے سلام کے بعد فوراً سجدۂ سہو کی نیت کرے اور پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھے کہ جس پر سجدہ صحیح ہے اور کہے، بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُه اس کے بعد بیٹھ جائے اور دوبارہ سجدہ میں جائے اور دوبارہ وہی ذکر کہے اور بیٹھ جائے اور تشہد کے بعد سلام دیدے۔

اذان اور اقامت:

مرد اور عورت کے لئے مستحب ہے کہ پنج گانہ نماز کے پہلے اذاں اور اقامت کہے:

(الف) اذان:

اَللّٰهُ اَكْبَر	٤	مرتبه
اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰه	٢	مرتبه
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُولُ اللّٰه	٢	مرتبه
اَشْهَدُ اَنَّ عَلِياً وَّلِيُّ اللّٰه	٢	مرتبه
حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة	٢	مرتبه
حَيَّ عَلَى الْفَلَاح	٢	مرتبه
حَيَّ عَلٰى خَيْرِ الْعَمَل	٢	مرتبه
اَللّٰهُ اَكْبَر	٢	مرتبه
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه	٢	مرتبه

(ب) اقامت:

اذان جیسے ہی ہے۔ بس فرق اتنا کہ ابتدا میں چار مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَر کے بجائے دو مرتبہ کہا جائے اور حَیَّ عَلٰی خَیرِ الْعَمَل کے بعد قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ دو مرتبہ کہا جائیگا اور آخر میں لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہ صرف ایک مرتبہ کہا جائے گا۔

نوٹ: اذان اور اقامت کے الفاظ غور سے پڑھ کر یاد رکھیں۔

(۶) کیفیت نماز:

(نماز کا طریقہ)

نیت: ہر نماز سے پہلے اس نماز کی نیت کا ہونا ضروری ہے اور نیت قربتاً الی اللہ کرے اور نیت کا زبان سے جاری کرنا ضروری نہیں بلکہ متوجہ ہو کہ کونسی نماز پڑھ رہا ہے کافی ہے۔

نماز صبح پڑھنے کا طریقہ:

- پہلی رکعت: حالت قیام میں (کھڑے ہونے کی حالت میں) تکبیرۃ الاحرام یعنی اللّٰہ اکبر کہے۔
- حالت قیام ہی میں سورۃ الحمد (ص نمبر ۷۶) اور کوئی دوسرا سورہ مثلاً سورۃ القدر (ص نمبر ۷۶) پڑھے۔
- تکبیر کہیں اور رکوع میں جائیں۔ یعنی اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ سکیں۔
- حالت رکوع میں یہ ذکر پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

رکوع سے کھڑے ہوں اور پڑھیں: سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

۞ تکبیر کہیں اور سجدے میں جائیں، حالت سجدہ میں جسم کے سات اعضاء (پیشانی، دونوں ہتھیلیاں، دونوں گھٹنوں کے سرے، اور دونوں پاؤں کے انگوٹھوں کے سرے) زمین پر رکھنا چاہئے: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ اور درود پڑھیں۔

۞ سجدے سے سر اٹھائیں اور بیٹھ کر تکبیر کہیں اور پڑھیں اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

پھر تکبیر کہیں اور دوسرے سجدے میں جائیں۔

۞ حالت سجدہ میں ذکر سجدہ اور درود پڑھیں۔

۞ سجدہ سے سر اٹھائیں اور بیٹھ کر تکبیر کہیں۔

۞ دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہو جائیں۔ کھڑے ہوتے ہوئے پڑھیں

بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ

دوسری رکعت: ۞ حالت قیام میں سورہ الحمد اور کوئی دوسرا سورہ مثلاً سورۂ الاخلاص پڑھیں۔

۞ تکبیر کہیں اور دونوں ہاتھوں کا بلند کر کے دعائے قنوت پڑھیں مثلاً

رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ،

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی صَاحِبِ الزَّمَانِ وَعَجِّلْ فَرَجَہٗ

وَاجْعَلْنَا مِنْ اَعْوَانِہٖ وَاَنْصَارِہٖ

۞ پہلی رکعت کی طرح رکوع اور دو سجدے بجالائیں۔

۞ دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ کر تشہد پڑھیں: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! اَشْھَدُاَنْ لَّااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ،

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

۞تشہد کے بعد اس طرح سلام پڑھ کر نماز تمام کریں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَاالنَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِاللهِ الصَّالِحِيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ

نماز مغرب پڑھنے کا طریقہ: ۞دو رکعتیں اس طریقہ سے پڑھیں جس کا ذکر ہو چکا ہے البتہ سلام نہ پڑھیں۔

۞دوسری رکعت کے تشہد کے بعد بِحَوْلِ اللهِ وَقُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ پڑھتے ہوئے تیسری رکعت کے لئے کھڑے ہو جائیں۔

۞قیام کی حالت میں تین مرتبہ تسبیحات اربعہ پڑھیں: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَآاِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ تسبیحات اربعہ کے بعد تکبیر کہیں اور رکوع میں جائیں۔

۞دوسری رکعت کی طرح رکوع اور دو سجدے بجالائیں اس کے بعد تشہد اور سلام پڑھ کر نماز تمام کریں۔

نماز ظہر، عصر اور عشاء پڑھنے کا طریقہ: ۞تین رکعتیں اس طریقہ سے پڑھیں جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ البتہ تیسری رکعت کا تشہد اور سلام نہ پڑھیں۔

۞تیسری رکعت کے دو سجدوں کے بعد بِحَوْلِ اللهِ وَقُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ پڑھتے ہوئے چوتھی رکعت کے لئے کھڑے ہو جائیں۔

۞تیسری رکعت کی طرح تسبیحات اربعہ پڑھیں اور پھر رکوع اور دو سجدے بجالائیں اس کے بعد تشہد اور سلام پڑھ کر نماز تمام کریں۔

نوٹ: مرد پر واجب ہے کہ نماز صبح، مغرب اور عشاء میں حمد اور سورہ کو بلند (آواز کے ساتھ) پڑھیں۔ اور مرد اور عورت دونوں پر واجب ہے کہ نماز ظہر اور عصر میں حمد و سورے کو آہستہ پڑھیں۔

(۷) تعقیبات نماز:

(نماز کے بعد والے مستحبات)

مستحب ہے کہ نماز کے بعد قبلہ رخ کچھ دیر دعا ذکر اور قرآن کی تلاوت میں صرف کریں۔
تعقیبات کا عربی میں ہونا ضروری نہیں البتہ بہتر ہے کہ ان چیزوں کو پڑھیں جو روایات میں بتائی گئیں ہیں۔ان میں سے بعض یہ ہیں:

تسبیح حضرت زہرا سلام اللہ علیہا

(۳۴ مرتبہ) اَللّٰهُ اَکْبَرُ (۳۳ مرتبہ) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳۳ مرتبہ) سُبْحَانَ اللّٰهِ

(۱) یہ ذکر کہے: اَسْتَغْفِرُاللهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

مزید تعقیبات نماز کی دعائیں باب دعا میں مرقوم ہیں مراجعہ فرمائیں۔

☆ مستحب ہے کہ نماز کے بعد سجدۂ شکر کرے۔صرف پیشانی کو شکر کی نیت سے زمین پہ رکھے تو کافی ہے۔لیکن بہتر ہے کہ سو مرتبہ یا تین مرتبہ یا ایک مرتبہ کہے شُکْراً لِلّٰهِ یا شُکْراً یاعَفْواً

☆ ہر نماز کے بعد زیارت پڑھے جس کا بے حد ثواب ہے۔زیارت ائمہ معصومین علیہم السلام کئی ہیں جو عام طور سے مومنین پڑھا کرتے ہیں یہ ہیں:

۱) کربلا کی طرف رخ کرے اور یہ پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِاللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ وَعَلٰی جَدِّكَ وَاَبِیْكَ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ وَعَلٰی اُمِّكَ وَاَخِیْكَ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ وَعَلٰی تِسْعَةِ الْمَعْصُوْمِیْنَ مِنْ ذُرِّیَّتِكَ وَبَنِیْكَ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا جَمِیْعَ شُهَدَاءِ کَرْبَلَاءِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ

۲) پھر خراسان (مشہد مقدس) کی طرف رخ کرے اور یہ زیارت پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا غَرِيْبَ الْغُرَبَاءِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُعِيْنَ الضُّعَفَاءِ وَالْفُقَرَاءِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَمْسَ الشُّمُوْسِ وَاَنِيْسَ النُّفُوْسِ

غَرِيْباً شَهِيْداً مَظْلُوْماً مَدْفُوْناً بِاَرْضِ طُوْسِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

۳) پھر قبلہ رخ ہو کر یہ زیارت پڑھے (زیارت امام زمانؑ)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَلِيْفَةَ الرَّحْمٰنِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَرِيْكَ الْقُرْآنِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَادَافِعَ الْكُفْرِ وَالطُّغْيَانِ

اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ يَاصَاحِبَ الزَّمَانِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

۸)واجب نمازیں:

(۱)نماز یومیہ(۲)نماز آیات(۳)نماز میت(۴)نماز طواف واجب خانہ کعبہ
(۶)وہ نماز جو اجارہ،نذر،قسم اور عہد کی وجہ سے واجب ہو گئی ہو۔

نماز آیات:

نماز آیات چار چیزوں کی وجہ سے واجب ہوتی ہے۔
(۱)سورج گرہن (۲)چاند گرہن (۳)زلزلہ (اگر چہ خوف طاری نہ ہو)
(۴)بجلی کی کڑک اور گرج (جس سے لوگ خوف زدہ ہو)

نماز آیات پڑھنے کا طریقہ:

دو طرح پڑھ سکتے ہیں:

پہلا طریقہ:

اے اللہ! میں تیرے حضور سوال کرتا ہوں

اس شخص کی مانند

جس پر شدت ہو فاقوں کی،

جو مصائب وشدائے سے تنگ تیرے حضور حاجات پیش کرتا ہو

جو تیر لطف وکرم کا زیادہ سے زیادہ خواہش مند ہو

اے اللہ ! تیری سلطنت عظیم ،

تیرا رتبہ بہت ارفع واعلیٰ، تیری تدبیر مخفی،

تیرا حکم صاف ظاہر،

تیرا قہر غالب، تیری قدرت جاری وساری

اور تیری حکومت سے فرار ناممکن ہے

اَللّٰهُمَّ

لَآ اَجِدُ لِذُنُوْبِيْ غَافِراً

وَلَا لِقَبَآئِحِيْ سَاتِراً

وَلَا لِشَيْءٍ مِّنْ عَمَلِيَ الْقَبِيحِ بِالْحَسَنِ مُبَدِّلًا

غَيْرَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

سُبْحٰنَكَ وَبِحَمْدِكَ

ظَلَمْتُ نَفْسِيْ

وَتَجَرَّأْتُ بِجَهْلِيْ

وَ سَكَنْتُ اِلٰى قَدِيْمِ ذِكْرِكَ لِيْ

وَمَنِّكَ عَلَيَّ

اَللّٰهُمَّ مَوْلَايَ

كَمْ مِّنْ قَبِيْحٍ سَتَرْتَهٗ

وَكَمْ مِنْ فَادِحٍ مِّنَ الْبَلَآءِ اَقَلْتَهٗ

وَكَمْ مِّنْ عِثَارٍ وَّقَيْتَهٗ

وَكَمْ مِّنْ مَّكْرُوْهٍ دَفَعْتَهٗ

وَكَمْ مِّنْ ثَنَآءٍ جَمِيْلٍ لَّسْتُ اَهلاً لَّهٗ نَشَرْتَهٗ

اے اللہ ! میرے گناہ بخشنے والا

میرے عیب کی پردہ پوشی کرنے والا

اور میرے کسی بُرے عمل کو اچھے عمل سے بدلنے والا

تیرے سوا کوئی نہیں

تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں، میں تیری پاکی کا ماننے والا

اور میں تیری حمد وثنا کرتا ہوں

میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا

اور اپنی نادانی کے باعث بڑی جرأت کی

اور یہ سوچ کر مطمئن ہوگیا کہ مجھ پر تیری نگاہِ کرم بہت پہلے تھی

اور مجھ پر تیرے احسانات قدیم ہیں

اے اللہ ! اے میرے مالک !

تو نے میری کتنی ہی برائیوں کی پردہ پوشی کی

تو نے مجھ پر سے کتنی ہی سخت بلاؤں کو ٹال دیا

تو نے مجھے کتنی ہی لغزشوں کی رسوائی سے بچالیا

تو نے مجھ سے بے شمار ناگوار آفات کو دور کیا

اور کتنی ہی ایسی خوبیاں جن کا میں اہل بھی نہ تھا

لوگوں میں مشہور کردیں

اَللّٰهُمَّ

عَظُمَ بَلَآئِیْ

وَاَفْرَطَ بِیْ سُوْٓءُ حَالِیْ

وَقَصُرَتْ بِیْ اَعْمَالِیْ

وَقَعَدَتْ بِیْ اَغْلَالِیْ

وَحَبَسَنِیْ عَنْ نَّفْعِیْ بُعْدُ اَمَلِیْ

وَخَدَعَتْنِیَ الدُّنْیَا بِغُرُوْرِهَا

وَنَفْسِیْ بِجِنَایَتِهَا

وَ مِطَالِی یَاسَیِّدِیْ فَاَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ

اَنْ لَّا یَحْجُبَ عَنْكَ دُعَآئِیْ

سُوْٓءُ عَمَلِیْ وَ فِعَالِیْ

وَلَا تَفْضَحْنِیْ بِخَفِیِّ مَااطَّلَعْتَ عَلَیْهِ مِنْ سِرِّیْ

وَلَاتُعَاجِلْنِیْ بِالْعُقُوْبَةِ عَلٰی مَاعَمِلْتُهٗ فِیْ خَلَوَاتِیْ

مِنْ سُوْٓءِ فِعْلِیْ وَاِسَآئَتِیْ

وَدَوَامِ تَفْرِیطِیْ وَ جَهَالَتِیْ

وَكَثْرَةِ شَهَوَاتِیْ وَ غَفْلَتِیْ

اے اللہ ! میری آزمائش بہت عظیم ہے

میری بدحالی حد سے بڑھ گئی ہے

میرے اعمال نے مجھے عاجز کر دیا ہے

اپنے گناہوں کی وجہ سے میرے ہاتھ گردن سے بندھ گئے ہیں

میری امیدوں کی درازی نے مجھے نفع سے محروم کر رکھا ہے

دنیا نے اپنی جھوٹی چمک دمک سے مجھے دھوکہ دیا ہے

اور میرے نفس نے اپنے گناہوں اور ٹال مٹول کے باعث فریب دیا ہے

اے میرے آقا ! تجھے تیری عزت کا واسطہ، تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ

میری بداعمالیاں اور غلط کاریاں

میری دُعا کے قبول ہونے میں رکاوٹ نہ بنیں

میرے جن بھیدوں سے تو واقف ہے تو ان کی وجہ سے مجھے رسوا نہ کرنا

اور خلوتوں میں انجام دیے گئے ان اعمال پر سزا دینے میں جلدی نہ کرنا جو

میرے بُرے افعال، گستاخی

میری دائمی کوتاہی، جہالت

میری کثرتِ خواہشِ نفس اور غفلت ہیں

وَكُنِ اللّٰهُمَّ بِعِزَّتِكَ لِیْ

فِیْ كُلِّ الْاَحْوَالِ رَءُوْفًا

وَعَلَیَّ فِی جَمِیعِ الْاُمُورِ عَطُوفاً

اِلٰهِیْ وَ رَبِّیْ مَنْ لِّیْ غَیْرُكَ اَسْئَلُهٗ

كَشْفَ ضُرِّیْ وَالنَّظَرَفِیْ اَمْرِیْ

اِلٰهِیْ وَ مَوْلَایَ

اَجْرَیتَ عَلَیَّ حُكْمًا اِتَّبَعْتُ فِیْهِ هَوٰی نَفْسِیْ

وَلَمْ اَحْتَرِسْ فِیْهِ مِنْ تَزْیِیْنِ عَدُوِّیْ

فَغَرَّنِیْ بِمَآاَهْوٰی

وَاَسْعَدَهٗ عَلٰی ذٰلِكَ الْقَضَآءُ

فَتَجَاوَزْتُ بِمَاجَرٰی

عَلَیَّ مِنْ ذٰلِكَ بَعْضَ حُدُوْدِكَ

وَخَالَفْتُ بَعْضَ اَوَامِرِكَ

فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَیَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِكَ

وَلَا حُجَّةَ لِیْ

فِیْمَاجَرٰی عَلَیَّ فِیْهِ قَضَآؤُكَ

وَاَلْزَمَنِیْ حُكْمُكَ وَبَلَآ ئُكَ

اے اللہ اپنی عزت کے طفیل مجھ پر

ہر حال میں مہربان رہ

اور میرے تمام معاملات میں اپنا لطف وکرم فرما

اے میرے معبود رب ! تیرے سوا میرا کون ہے

جس سے سوال کروں

اپنی مصیبت کو دفع کرنے کا

اور اپنے کاموں میں نظر کرم کرنے کا

اے میرے معبود مولا !

تو نے میرے لئے جو حکم صادر فرمایا

اس پر عمل کرنے میں ہوائے نفس کے تابع رہا

اور میرے دشمن نے مجھے جو سنہری خواب دکھائے

میں ان سے اپنا بچاؤ نہ کر سکا

بالآخر اس نے مجھے میری خواہشات کا سہارا لے کر دھوکا دیا

اور اس میں میری تقدیر نے بھی اس کی مدد کی

اس طرح میں نے تیری مقرر کردہ بعض حدود سے تجاوز کیا

اور تیری بعض احکامات کی نافرمانی کی

تمام حالات میں تیری تعریف مجھ پر واجب ہے

وَقَدْ اَتَيْتُكَ يَااِلٰهِىْ بَعْدَتَقْصِيْرِىْ

وَاِسْرَافِىْ عَلٰى نَفْسِىْ

مُعْتَذِراً نَادِماً

مُنْكَسِراً مُسْتَقِيْلاً

مُسْتَغْفِراً مُنِيْباً مُقِرًّا

مُذْعِنًا مُعْتَرِفاً

لَاۤ اَجِدُ مَفَرًّا مِّمَّا كَانَ مِنِّىْ

وَلَا مَفْزَعاً اَتَوَجَّهُ اِلَيْهِ فِىۤ اَمْرِىْ

غَيْرَقَبُوْلِكَ عُذْرِىْ

وَ اِدْخَالِكَ اِيَّاىَ فِىْ سَعَةٍ مِّنْ رَّحْمَتِكَ

اَللّٰهُمَّ

فَاقْبَلْ عُذْرِىْ

وَارْحَمْ شِدَّةَ ضُرِّىْ

وَ فُكَّنِىْ مِنْ شَدِّ وَثَاقِىْ

يَارَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ بَدَنِىْ

میرے لئے تو نے جو فیصلہ کیا

اور تیرا جو حکم اور آزمائش میرے لئے لازمی ہو گئی

اس پر مجھے کسی احتجاج کا حق حاصل نہیں

اے میرے معبود! تیری بارگاہ میں حاضر ہوں

اس پر مجھے کسی احتجاج کا حق حاصل نہیں

اے میرے معبود! تیری بارگاہ میں حاضر ہوں

اپنی کوتاہی اور اپنے نفس پر ظلم کرنے کے بعد

عذر خواہ ہوں پشیمان ہوں

دلِ شکستہ ہوں کئے پر نادم ہوں بخشش کا طلب گار ہوں

تیری طرف متوجہ ہوں اقرار کرتا ہوں معترف ہوں

کہ جو کچھ مجھ سے سرزد ہو چکا

اس کے بعد اب میرے بچ نکلنے کیلئے نہ کوئی راہِ فرار ہے

اور نہ کوئی پناہ گاہ پاتا ہوں جس کا اپنی اس پریشانی میں رُخ کرسکوں

سوائے اس کے کہ تو ہی میری عذر خواہی قبول فرما لے

اور مجھے اپنے وسیع دامنِ رحمت میں جگہ دے دے

تو اے میرے معبود! میری معافی کی درخواست قبول کر لے

میری تکلیف کی سختی پر رحم فرما

اور میرے ہاتھ پاؤں کی اس سخت جکڑ سے مجھے رہائی بخشش

اے میرے پروردگار! رحم فرما میرے جسم کی ناتوانی پر

وَ رِقَّةَ جِلْدِیْ   وَدِقَّةَ عَظْمِیْ

یَامَنْ بَدَءَ خَلْقِیْ

وَ ذِکْرِیْ   وَتَرْبِیَتِیْ

وَ بِرِّیْ   وَتَغْذِیَتِیْ

هَبْنِیْ لِابْتِدَآءِ کَرَمِكَ

وَ سَالِفِ بِرِّكَ بِیْ

یَااِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ رَبِّی

اَتُرَاكَ مُعَذِّبِیْ بِنَارِكَ

بَعْدَ تَوْحِیْدِ كَ

وَبَعْدَ مَاانْطَوٰی عَلَیْهِ قَلْبِیْ   مِنْ مَّعْرِ فَتِكَ

وَلَهِجَ بِهٖ لِسَانِیْ   مِنْ ذِکْرِكَ

وَاعْتَقَدَهٗ ضَمِیْرِیْ مِنْ حُبِّكَ

وَ بَعْدَ صِدْقِ   اعْتِرَافِیْ

میری جلد کی فرسودگی پر اور میری ہڈیوں کی ناطاقتی پر

اے وہ ذات جس نے میری خلقت

اور قابل ذکر ہونے کی ابتداء کی میری پرورش کا سامان کیا

میرے حق میں بہتری کی

اور میرے لئے غذا کے اسباب فراہم کرنے کی ابتدا کی

پس اب بھی مجھے بخشش دے

اپنے اس کرم کے واسطے سے جو بے استحاق مجھ پر فرمایا تھا

اور مجھ پر اپنے قدیم احسان کے واسطے سے

اے میرے معبود! میرے آقا! میرے پروردگار !

کیا تو مجھے اپنی آتش جہنم کا عذاب دے گا؟

جبکہ میں تیری توحید کا اقرار کر چکا ہوں

میرا دل تیری معرفت سے سرشار ہو گیا ہے

میری زبان پر تیرا ذکر جاری ہے

میرا ضمیر تیری محبت کا حلقہ بگوش بن چکا ہے

اور تجھے اپنا پروردگار مان کر سچے دل سے

اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں

وَدُعَآئِیْ خَاضِعاً لِّرُبُوْبِیَّتِكَ
هَیْهَاتَ اَنْتَ اَكْرَمُ مِنْ
اَنْ تُضَیِّعَ مَنْ رَّبَّیْتَهٗ
اَوْتُبَعِّدَ مَنْ اَدْنَیْتَهٗ
اَوْ تُشَرِّدَ مَنْ اٰوَیْتَهٗ
اَوْتُسَلِّمَ اِلَی الْبَلَآءِ
مَنْ كَفَیْتَهٗ وَ رَحِمْتَهٗ وَلَیْتَ شِعْرِیْ
یَاسیِّدِیْ وَاِلٰهِیْ وَ مَوْلَایَ
اَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلٰی وُجُوْهٍ
خَرَّتْ لِعَظَمَتِك سَاجِدَةً
وَعَلٰی اَلْسُنٍ نَّطَقَتْ بِتَوْحِیْدِكَ صَادِقَةً
وَبِشُكْرِكَ مَادِحَةً
وَعَلٰی قُلُوْبٍ اعْتَرَفَتْ بِاِلٰهِیَّتِكَ مُحَقِّقَةً
وَعَلٰی ضَمَآئِرَ حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِكَ
حَتّٰی صَارَتْ خَاشِعَةً
وَعَلٰی جَوَارِحَ
سَعَتْ اِلٰٓی اَوْطَانِ تَعَبُّدِكَ طَآئِعَةً
وَاَشَارَتْ بِاسْتِغْفَارِكَ مُذْعِنَةً

اور تیری ربوبیت کے حضور گڑگڑا کر تجھ سے دُعا مانگتا ہوں

نہیں ایسا ممکن نہیں، کیونکہ تیرا کرم اس سے کہیں بڑھ کر ہے کہ

تو اس شخص کو بے سہارا چھوڑ دے جسے تو نے خود پالا ہو

یا اُسے اپنے سے دور کر دے جسے تو نے اپنا قرب بخشا ہو

یا اُسے اپنے ہاں سے نکال دے جسے تو نے خود پناہ دی ہو

یا اُسے بلاؤں کے حوالے کر دے جس کا تو نے خود ذمہ لیا ہو

اور جس پر رحم فرمایا ہو یہ بات میں کیسے مان لوں

اے میرے مالک ! میرے معبود ! میرے مولا !

کہ تو آتشِ جہنم کو مسلط کر دے گا

اُن چہروں پر جو تیری عظمت کے باعث

تیرے حضور میں سجدہ ریز ہو چکے ہوں

اُن زبانوں پر جو صدق دل سے تیری توحید کا اقرار کر کے

شکر گزاری کے ساتھ تیری مدح کر چکی ہوں

اُن دلوں پر جو واقعی تیرے معبود ہونے کا حق شناسانہ اعتراف کر چکے ہوں

اُن ضمیروں پر جو تیرے علم سے اس قدر بہرہ ور ہوئے کہ

تیرے ہی خوف سے جن میں خشوع پیدا ہو چکا ہے

یا اُن اعضا پر جو اطاعت کے جذبے کے ساتھ

خوش خوش بڑھتے رہے کہ یہ مقام انکے ہیں

اور گناہوں کا اقرار کر کے مغفرت طلب کرتے ہیں

مَاهٰكَذَاالظَّنُّ بِكَ وَلَآاُخْبِرْ نَابِفَضْلِكَ عَنْكَ

يَاكَرِيْمُ يَارَبِّ

وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفِي

عَنْ قَلِيْلٍ مِّنْ بَلَآءِ الدُّنْيَا وَعُقُوْبَاتِهَا

وَمَا يَجْرِىْ فِيْهَامِنَ الْمَكَارِهِ عَلٰى اَهْلِهَا

عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ بَلَآءٌ وَّ مَكْرُوهٌ

قَلِيْلٌ مُّكْثُهُ يَسِيْرٌ بَقَآئُهُ

قَصِيْرٌ مُّدَّتُه

فَكَيْفَ احْتِمَالِىْ لِبَلَآءِ الْاٰخِرَةِ

وَجَلِيْلِ وُقُوْعِ الْمَكَارِهِ فِيْهَا

وَهُوَبَلَآءٌ تَطُوْلُ مُدَّتُهٗ وَيَدُوْمُ مَقَامُهٗ

وَلَايُخَفَّفُ عَنْ اَهْلِهٖ

لِاَنَّهٗ لَايَكُوْنُ اِلَّا عَنْ غَضَبِكَ

وَانْتِقَامِكَ وَسَخَطِكَ

وَهٰذَامَالَاتَقُوْمُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْض

يَاسَيِّدِىْ فَكَيْفَ لِىْ

وَاَنَاعَبْدُكَ الضَّعِيفُ اَلذَّلِيْلُ

اَلْحَقِيْرُ اَلْمِسْكِيْنُ اَلْمُسْتَكِيْنُ

نہ تو تیری نسبت ایسا گمان ہی کیا جا سکتا ہے

اور نہ تیرے فضل کے بارے میں

تیری طرف سے ہمیں ایسی کوئی خبر دی گئی ہے

اے ربِ کریم !

اے پالنے والے! تو میری کمزوری سے واقف ہے

مجھ میں اس دنیا کی معمولی آزمائشوں، چھوٹی چھوٹی تکلیفوں

اوران سختیوں کی برداشت نہیں جو اہل دنیا پر گزرتی ہیں

حلانکہ یہ آزمائش، تکلیف اور سختی

بہت ہی تھوڑی دیر ے کے لئے ہوتی ہے ان کا ہونا سہل ہے

اوران کی مدت بھی تھوڑی ہے

پھر بھلا میں آخرت کی سختیوں کو کیسے جھیل سکوں گا

اوراسکی زبردست مصیبت کیونکہ برداشت ہو سکے گی

جبکہ وہاں کی مصیبت بے حد طولانی ہوگی اوراس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہوگا

(اور جو لوگ اس میں ایک مرتبہ پھنس جائیں گے)

ان کے عذاب میں کبھی کمی نہیں ہوگی کیونکہ اس کا سبب تیرا غضب

تیرا انتقام اور تیرا عتاب ہے اور جسے آسمان برداشت کرسکتا ہے نہ زمین

اے میرے آقا! پھر ایسی صورت میں میرا کیا حال ہوگا

جب کہ میں ایک بندہ ہوں کمزور ذلیل حقیر مسکین وعاجز

يَااِلٰهِیْ وَ رَبِّیْ وَ سَیِّدِی وَمَوْلَایَ

لِاَیِّ الْاُمُوْرِاِلَیْكَ اَشْكُوْ وَلِمَامِنْهَااَضِجُّ وَ اَبْكِیْ

لِاَلِیْمِ الْعَذَابِ وَ شِدَّتِهٖ

اَمْ لِطُوْلِ الْبَلَاءِ وَ مُدَّتِهٖ

فَلَئِنْ صَیَّرْتَنِیْ لِلْعُقُوْبَاتِ مَعَ اَعْدَآئِكَ

وَ جَمَعْتَ بَیْنِی وَبَیْنَ اَهْلِ بَلَآئِكَ

وَ فَرَّقْتَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَحِبَّآئِكَ وَ اَوْلِیَآئِكَ

فَهَبْنِیْ یَااِلٰهِیْ وَ سَیِّدِی وَمَوْلَایَ وَرَبِّیْ

صَبَرْتُ عَلٰی عَذَابِكَ

فَكَیْفَ اَصْبِرُعَلٰی فِرَاقِكَ

وَهَبْنِیْ صَبَرْتُ عَلٰی حَرِّنَارِكَ

فَكَیْفَ اَصْبِرُ عَنِ النَّظَرِ اِلٰی كَرَامَتِكَ

اَمْ كَیْفَ اَسْكُنُ فِی النَّارِ وَرَجَآئِیْ عَفْوُكَ

فَبِعِزَّتِكَ یَاسَیِّدیْ وَ مَوْلَایَ

اُقْسِمُ صَادِقًا لَئِنْ تَرَكْتَنِیْ نَاطِقاً

لَاَضِجَّنَّ اِلَیْكَ بَیْنَ اَهْلِهَا ضَجِیْجَ الْاٰ مِلِیْن

اے میرے معبود! میرے پروردگار ! میرے مالک ومیرے مولا !
میں تجھ سے کس کس بات پر نالہ وفریاد کروں اور کس کس پر آہ وبکا کروں
دردناک عذاب اور اس کی سختی پر
یا سزا کے بڑھتے ہوئے سلسلے اور اس کی طویل مدت پر
پس اگر تو نے مجھے اپنے دشمنوں کے ساتھ عذاب میں جھونک دیا
اور مجھے ان لوگوں کے ساتھ اکٹھا کردیا جو تیری سزاؤں کے سزاوار ہیں
اور مجھے اپنے محبوب بندوں اور اولیاء سے جدا کردیا
(اگر ایسا فرض بھی کرلیا جائے) تو
اے میرے معبود و میرے مالک! اے میرے مولا ومیرے پروردگار!
میں تیرے عذاب پر اگر صبر بھی کرلوں
تو تیری رحمت سے جدائی پر کیونکر صبر کرسکوں گا
اور اسی طرح اگر میں تیری آتش جہنم کی تپش برداشت بھی کرلوں
تو تیری نظر کرم سے اپنی محروی کیسے برداشت کرسکوں گا
یا میں آتش جہنم میں کیسے ٹھہرا رہوں جبکہ مجھے تجھ سے عفوودرگزر کی امید ہے
پس تیری عزت کی قسم اے میرے آقا ومولا !
میں سچی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہاں اگر تو نے میری گویائی سلامت رکھی تو
میں اہل جہنم کے درمیان تجھے اسی طرح پکاروں گا
جیسے کرم کے امیدوار پکارا کرتے ہیں

وَلَاَصْرُخَنَّ اِلَيْكَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ
وَلَاَبْكِيَنَّ اِلَيْكَ بُكَآءَ الْفَاقِدِيْنَ
وَلَاُنَادِيَنَّكَ اَيْنَ كُنْتَ
يَاوَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ
يَاغَايَةَ اٰمَالِ الْعَارِفِيْنَ
يَاغِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ
يَاحَبِيْبَ قُلُوْبِ الصَّادِقِيْن وَيَآاِلٰـهَ الْعَالَمِيْنَ
اَفَتُرَاكَ سُبْحٰنَكَ
يَآاِلٰهِيْ وَ بِحَمْدِكَ
تَسْمَعُ فِيْهَاصَوْتَ عَبْدٍ مُسْلِمٍ
سُجِنَ فِيْهَا بِمُخَالَفَتِهٖ
وَذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا بِمَعْصِيَتِهٖ
وَحُبِسَ بَيْنَ اَطْبَاقِهَا
بِجُرْمِهٖ وَ جَرِيْرَتِهٖ
وَهُوَيَضِجُّ اِلَيْكَ ضَجِيْجَ مُؤَمِّلٍ لِرَحْمَتِكَ
وَيُنَادِيْكَ بِلِسَانِ اَهْلِ تَوْحِيْدِكَ

میں تیرے حضور میں اسی طرح آہ وبکا کروں گا

جیسے فریادی آہ وزاری کرتے ہیں

اور تیری (رحمت کے فراق) میں اسی طرح روؤں گا

جیسے بچھڑنے والے آنسو بہایا کرتے ہیں

میں تجھے وہاں (مسلسل) پکاروں گا کہ تو کہاں ہے

اے مومنوں کے مالک

اے حق شناسوں کی امید گاہ منزل مقصود!

اے استغاثہ کرنے والوں کے فریادرس ودستگیر!

اے صادقوں کے دلوں کے محبوب! اور اے تمام جہانوں کے معبود!

کیا تو ملے گا! تیری ذات پاک ہے

اے میرے معبود میں تیری حمد کرتا ہوں

(میں حیران ہو کہ یہ کیونکر ہوگا کہ) تو (اسی آگ)

میں سے ایک بندہ مسلم کی آواز سنے

جو اپنی نافرمانی کی پاداش میں اس میں قید کر دیا گیا ہو

اپنی معصیت کی سزا میں اس عذاب میں گرفتار ہو

اور جرم وخطا کے بدلے میں جہنم کے طبقات میں محبوس ہو

مگر وہ تیری رحمت کے امیدوار کی طرح تیرے حضور میں فریاد کرتا ہو

تیری توحید کو ماننے والوں کی سی زبان سے تجھے پکارتا ہو

وَيَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِرُبُوْبِيَّتِكَ

يَا مَوْلَایَ فَكَيْفَ يَبْقٰی فِی الْعَذَابِ

وَ هُوَ يَرْجُوْ مَاسَلَفَ مِنْ حِلْمِكَ وَ رَاْفَتِكَ

اَمْ كَيْفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ

وَهُوَيَأْمُلُ فَضْلَكَ وَرَحْمَتَكَ

اَمْ كَيْفَ يُحْرِقُهٗ لَهِيْبُهَا

وَاَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهٗ وَتَرٰی مَكَانَهٗ

اَمْ كَيْفَ يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ زَفِيْرُهَا

وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهٗ

اَمْ كَيْفَ يَتَقَلْقَلُ بَيْنَ اَطْبَاقِهَا

وَ اَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهٗ

اَمْ كَيْفَ تَزْجُرُهٗ زَبَانِيَتُهَا

وَهُوَ يُنَادِيْكَ يَارَبَّهٗ

اَمْ كَيْفَ يَرْجُوْ فَضْلَكَ فِیْ عِتْقِهٖ مِنْهَا

فَتَتْرُكُهٗ فِيْهَا

هَيْهَاتَ مَاذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ

وَ لَا الْمَعْرُوْفُ مِنْ فَضْلِكَ

وَلَامُشْبِهٌ لِّمَاعَامَلْتَ بِهِ الْمُوَحِّدِيْنَ

مِنْ بِرِّكَ وَ اِحْسَانِكَ

اور تیری ربوبیت کے واسطے سے تیری جناب سے سہارا چاہتا ہو

اے میرے مالک! پھر وہ اس عذاب میں کیسے رہ سکے گا

جب کہ اسے تیرے گزشتہ علم وکرم اور مہربانی کی آس بندھی ہوگی

یا آتش جہنم اسے کیسا اذیب پہنچائے گی

جب کہ اسے تیرے فضل اور تیری رحمت کا آسرا ہوگا

یا اس کو جہنم کا شعلہ کیسے جلائے گا

جب کہ تو خود اس کی آواز سن رہا ہوگا اور اس کے مقام کو دیکھ رہا ہوگا

یا جہنم کی تکلیفیں اس کی کیونکر گرفت کر سکیں گی

جبکہ تو اس بندے کی ناتوانی سے خوب آگاہ ہے

یا پھر وہ جہنم کے طبقات میں کیونکر تڑپتا رہے گا

جبکہ تو اسکے ایمان کی سچائی سے آگاہ ہے

یا عذاب کے موکل اس کو کیونکر جھڑک سکیں گے

جب کہ وہ تجھے پکار رہا ہوگا کہ اے پروردگار!

یا ایسا کیونکر ممکن ہے کہ وہ تو تیرے فضل وکرم کی آس لگائے ہو

اور تو اسے جہنم ہی میں پڑا رہنے دے

نہیں، تیری نسبت ایسا گمان نہیں کیا جا سکتا

نہ ہی تیرے فضل وکرم کا یہ شیوہ ہے

اور نہ یہ سلوک اس لطف وکرم واحسان سے میل کھاتا ہے

جو تو اپنے موحّدوں اور مومنوں سے روا رکھتا ہے

فَبِالْيَقِيْنِ اَقْطَع لَولَا مَاحَكَمْتَ بِهٖ

مِنْ تَعْذِيْبِ جَاحِدِيْكَ

وَقَضَيْتَ بِه مِنْ اِخْلَادِ مُعَانِدِيْكَ

لَجَعَلْتَ النَّارَ كُلَّهَا بَرْداً وَّسَلَاماً

وَمَاكَانَ لِاَحَدٍ فِيْهَا مَقَرّاً وَّ لَامُقَاماً

لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ اَقْسَمْتَ

اَنْ تَمْلَاَهَامِنَ الْكَافِرِيْنَ

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

وَاَنْ تُخَلِّدَفِيْهَاالْمُعَانِدِيْنَ

وَاَنْتَ جَلَّ ثَنَآءُكَ

قُلْتَ مُبْتَدِئاً وَتَطَوَّلْتَ بِالْاَنْعَامِ مُتَكَرِّماً

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِناً كَمَنْ كَانَ فَاسِقاً

لَايَسْتَوُوْنَ

اِلٰهِیْ وَ سَيِّدِیْ

فَاَسْئَلُكَ بِالْقُدْرَةِالَّتِیْ قَدَّرْتَهَا

وَبِالْقَضِيَّةِ الَّتِی حَتَمْتَهَا وَحَكَمْتَهَا

وَ غَلَبْتَ مَنْ عَلَيْهِ اَجْرَيْتَهَا اَنْ تَهَبَ لِیْ

اس لئے میں کامل یقین سے کہتا ہوں کہ

اگر تو نے اپنے منکروں کو عذاب میں مبتلا کرنے کا فیصلہ نہ کرلیا ہوتا

اور انہیں ہمیشہ جہنم میں رکھنے کا حکم نہ دے دیا ہوتا

تو تو ضرور آتش جہنم کو ایسا سرد کر دیتا کہ وہ جائے سلامتی بن جاتی

اور پھر کسی بھی شخص کا ٹھکانا جہنم نہ ہوتا

لیکن خود تو نے اپنے اسمائے حسنٰی کے تقدس کی قسم کھائی ہے کہ

تو تمام کافروں سے جو جنوں اور انسانوں میں سے ہیں، جہنم کو بھر دے گا

اور اپنے دشمنوں کو ہمیشہ کے لئے اس میں رکھے گا

تو نے، کہ تیری حمد وثناء عظمت وجلالت والی ہے

اپنے بندوں پر پہل اور احسان کرتے ہوئے

اپنی کتاب میں پہلے ہی فرما دیا ہے کہ

کیا وہ لوگ جو مومن ہیں، اسی حیثیت کے ہیں جیسے فاسق!

نہیں! یہ مساوی حیثیت نہیں رکھتے

اے میرے معبود! اے میرے مالک! میں واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں

تیری اس قدرت کا جس سے تو نے موجودات کی تقدیر بنائی

تیرے ان حتمی فیصلوں کا

جنہیں تو نے اٹل و ناقابل تغیر حیثیت سے نافذ کیا ہے

اور تو اُن پر غالب ہے جن پر یہ حکم لاگو ہیں

فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ   وَ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ

کُلَّ جُرْمٍ اَجْرَمْتُهٗ   وَکُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ

وَکُلَّ قَبِیْحٍ اَسْرَرْتُهٗ   وَکُلَّ جَهْلٍ عَمِلْتُهٗ

کَتَمْتُهٗ اَوْ اَعْلَنْتُهٗ   اَخْفَیْتُهٗ اَوْاَظْهَرْ تُهٗ

وَکُلَّ سَیِّئَةٍ

اَمَرْتَ بِاِثْبَاتِهَاالْکِرَمَ الْکَاتِبِیْنَ

الَّذِیْنَ وَ کَّلْتَهُمْ بِحِفْظِ مَایَکُوْنُ مِنِّیْ

وَجَعَلْتَهُمْ شُهُوْداً عَلَیَّ مَعَ جَوَارِ حِیْ

وَکُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ   عَلَیَّ مِنْ وَّ رَآئِهِمْ

وَالشَّاهِدَ لِمَاخَفِیَ عَنْهُمْ

وَ بِرَحْمَتِكَ اَخْفَیْتَهٗ

وَبِفَضْلِكَ سَتَرْتَهٗ

وَاَنْ تُوَفِّرَحَظِّیْ

مِنْ کُلِّ خَیْرٍ اَنْزَلْتَهٗ

اَوْاِحْسَانٍ فَضَّلْتَهٗ

اَوْبِرٍّنَّشَرْ تَهٗ

اَوْرِزْقٍ بَسَطْتَهٗ

اَوْذَنْبٍ تَغْفِرُهٗ   اَوْخَطَإٍ تَسْتُرُه

تو بخش دے اور معاف کردے اسی رات اور اسی لمحے

ہر وہ جرم جس کا میں مرتکب ہوا ہوں اور ہر وہ گناہ جو میں نے کیا ہے

اور ہر وہ برائی جو میں نے چھپائی ہے اور ہر وہ نادانی جو مجھ سے سرزد ہوئی ہے

چاہے چھپی ہوئی ہو یا کھلم کھلا مخفی رکھی ہو یا ظاہر کی ہو

میری ہر ایسی بدعملی کو معاف کردے

جس کے لکھنے کا حکم تو نے کراماً کاتبین کو دیا

جنہیں تو نے میرے ہر عمل کو ثبت کرنے پر مامور کیا ہے

اور انہیں میرے اعضاء کے ساتھ میرے اعمال کا گواہ مقرر کیا ہے

پھر ان سے بڑھ کر تو خود میرے اعمال کا نگران ہے

اور ان باتوں سے بھی باخبر ہے جو اُن کی نظر سے مخفی رہ رہ گئی ہیں

اور جنہیں تو نے اپنی رحمت سے چھپایا ہے

اور جن پر تو نے اپنے کرم سے پردہ ڈال دیا ہے

(اے اللہ!) مجھے زیادہ سے زیادہ حصہ دے

ہر اس بھلائی میں سے جو تو نے نازل فرمائی ہے

ہر احسان میں سے جسے تو نے سرفراز فرمایا ہے

ہر اس نیکی میں سے جسے تو نے عام کیا ہے

ہر اس رزق سے جس میں تو نے وسعت دی ہے

ہر اس گناہ سے جسے تو نے معاف کردیا ہے

اور ہر اس غلطی سے جسے تو نے چھپا دیا ہے

يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ

يَااِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ مَوْلَایَ وَمَالِكَ رِقِّی

یَامَنْ بِیَدِهٖ نَاصِیَتِیْ

یَاعَلِیْمًا بِضُرِّیْ وَمَسْكَنَتِیْ

یَاخَبِیْراً بِفَقْرِیْ وَ فَاقَتِیْ

یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ

اَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ وَقُدْسِكَ

وَاَعْظَمِ صِفَاتِكَ وَاَسْمَآئِكَ

اَنْ تَجْعَلَ اَوْقَاتِیْ مِنَ اللَّیْلِ وَ النَّهَارِ

بِذِكْرِكَ مَعْمُوْرَةً

وَ بِخِدْمَتِكَ مَوْصُولَةً

وَاَعْمَالِیْ عِنْدَكَ مَقْبُوْلَةً

حَتّٰی تَكُوْنَ اَعْمَالِیْ وَ اَوْرَادِیْ

كُلُّهَا وِرْدًا وَّاحِداً

وَحَالِی فِیْ خِدْمَتِكَ سَرْمَداً

یَاسَیِّدِیْ یَامَنْ عَلَیْه مُعَوَّلِیْ

یَامَنْ اِلَیْهِ شَكَوْتُ اَحْوَالِیْ

یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ

قَوِّ عَلٰی خِدْمَتِكَ جَوَارِحِیْ وَاشْدُدْعَلٰی الْعَزِیْمَةِ جَوَانِحِی

اے میرے پروردگار!   اے میرے پروردگار!   اے میرے پروردگار!

اے میرے معبود اور میرے آقا! اے میرے مولا اور میری غلامی کے مالک

اے وہ ذات جس کی گرفت میں میری جان ہے

اے میری بدحالی اور بیچارگی کے جاننے والے

اے میرے فقر و فاقہ سے آگاہی رکھنے والے

اے میرے پروردگار!   اے میرے پروردگار!   اے میرے پروردگار!

میں تجھے واسطہ دیتا ہوں تیرے حق کا تیری پاکیزگی کا

تیری عظیم ترین صفات کا اور تیرے مبارک ناموں کا

میری التجا ہے، کہ

میرے دن رات کے اوقات کو اپنی یاد سے معمور کر دے کہ

ہرلمحہ تیری فرمان برداری میں بسر ہو اور میرے اعمال کو قبول فرما

اس طرح کہ میرے تمام اعمال و اذکار

ایک وِرد کی حیثیت اختیار کرلیں اور مجھے تیری طاعت وعبادت میں

ایک دائمی و سرمدی کیف حاصل ہوئے

اے میرے آقا! اے وہ ذات جو میرا آسرا وبھروسا ہے

اور جس کی سرکار میں میں اپنی ہرالجھن پیش کرتا ہوں

اے میرے پروردگار ! اے میرے پرودگار! اے میرے پروردگار

میرے اعضاء میں اپنی اطاعت کے لئے قوت دے

میرے قوائے عمل کو فرائض کی انجام دہی کے لئے پختہ کر دے

وَهَبْ لِيَ الْجِدَّ فِي خَشْيَتِكَ

وَالدَّوَامَ فِي الْاِتِّصَالِ بِخِدْمَتِكَ

حَتّٰى اَسْرَحَ اِلَيْكَ فِيْ مَيَادِيْنِ السَّابِقِيْنَ

وَاُسْرِعَ اِلَيْكَ فِي الْبَارِزِيْنَ

وَاَشْتَاقَ اِلٰى قُرْبِكَ فِيْ الْمُشْتَاقِيْنَ

وَاَدْ نُوَمِنْكَ دُنُوَّالْمُخْلِصِيْنَ

وَاَخَافَكَ مَخَافَةَ الْمُوْقِنِيْنَ

وَاَجْتَمِعَ فِيْ جِوَارِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ

اَللّٰهُمَّ

وَمَنْ اَرَادَنِي بِسُوْءٍ فَاَرِدْهُ وَمَنْ كَادَنِيْ فَكِدْهُ

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَحْسَنِ عَبِيْدِكَ نَصِيْباًعِنْدَكَ

وَاَقْرَبِهِمْ مَنْزِلَةً مِّنْكَ وَ اَخَصِّهِمْ زُلْفَةً لَّدَيْكَ

فَاِنَّهٗ لَايُنَالُ ذٰلِكَ اِلَّا بِفَضْلِكَ وَجُدْلِيْ بِجُوْدِكَ

وَاعْطِفْ عَلَيَّ بِمَجْدِكَ وَاحْفَظْنِيْ بِرَحْمَتِكَ

اور مجھے توفیق دے کہ میں تجھ سے قرار واقعی ڈرتا ہوں

اور ہمیشہ تیری اطاعت میں سرگرم رہوں

یہاں تک کہ میں بڑی آسانی سے تجھ تک رسائی حاصل کر سکوں

اس میدان میں جہاں ہر کوئی تجھ تک پہنچنے میں

اور نہایت سُرعت سے تجھ تک پہنچ سکوں

ان مقابلہ کرنے والوں میں سے پہل کرتے ہوئے

اور تیرے شیداؤں میں شامل ہو کر تیرے قرب کا شوق پیدا کروں

تیرے مخلص بندوں کی طرح تجھ سے قرب حاصل کرلوں

اور اہل یقین کی طرح اپنے اندر خوف پیدا کروں

اور تیری بارگاہ میں جب مومنین جمع ہوں تو میں ان کے ساتھ ہوں

اے اللہ جو شخص مجھے کوئی بدی کرنیکا ارادہ کرے تو اسے اپنی زد میں لے لے

اور جو مجھ فریب دے تو اُسے اپنا انتقام کی گرفت میں جکڑ لے

مجھے اپنے ان بہترین بندوں میں قرار دے

جو تیرے ہاں مقبول و کامیاب ترین ہیں

جنہیں تیری جناب میں سب سے زیادہ قرب حاصل ہے

اور جو تیرا قرب حاصل کرنے والوں کے درمیان

بندگانِ خاص کا درجہ رکھتے ہیں کیونکہ یہ رُتبہ تیرے فضل کے بغیر ممکن نہیں

اپنی شانِ کریمی سے مجھ پر رحم فرما اور اپنی شان کے مطابق مہربانی فرما

اپنی رحمت سے میری حفاظت کر

وَاجْعَلْ لِّسَانِیْ بِذِکْرِكَ لَهِجاً   وَ قَلْبِیْ بِحُبِّكَ مُتَیَّماً

وَمُنَّ عَلَیَّ بِحُسْنِ اِجَابَتِكَ

وَاَقِلْنِیْ عَثْرَتِیْ وَاغْفِرْ زَلَّتِیْ

فَاِنَّكَ قَضَیْتَ عَلٰی عِبَادِكَ بِعِبَادَتِكَ

وَاَمَرْتَهُمْ بِدُعَآئِكَ

وَضَمِنْتَ لَهُمُ الْاِجَابَةَ

فَاِلَیْكَ یَارَبِّ نَصَبْتُ وَجْهِیْ

وَاِلَیْكَ یَارَبِّ مَدَدْتُ یَدِیْ

فَبِعِزَّتِكَ اسْتَجِبْ لِیْ دُعَآئِیْ

وَبَلِّغْنِیْ مُنَایَ

وَلَاتَقْطَعْ مِنْ فَضْلِكَ رَجَآئِیْ

وَاكْفِنِیْ شَرَّالْجِنِّ وَ الْاِنْسِ مِنْ اَعْدَآئِیْ

یَاسَرِیْعَ الرِّضَا

اِغْفِرْلِمَنْ لَّا یَمْلِكُ اِلَّا الدُّعَآءَ

فَاِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَاتَشَآءُ

یَامَنِ اسْمُهٗ دَوَآءٌ وَذِکْرُهٗ شِفَآءٌ

میری زبان کو اپنے ذکر میں گویا کر میرے دل کو اپنی محبت سے چاشنی عطا کر

میری دعائیں قبول کر کے مجھ پر احسان فرما میری خطائیں معاف کر دے

اور میری لغزشیں بخش دے

چونکہ تو نے اپنے بندوں پر اپنی عبادت واجب کی ہے

انہیں دُعا مانگنے کا حکم دیا ہے

اور ان کی دعائیں قبول کرنے کا ضمانت فراہم کی ہے

اسلئے اے میرے پروردگار! اور اے میرے رب!

میں نے تیرے ہی آگے ہاتھ پھیلایا ہے

پس اپنی عزت کے صدقے میں میری دعا قبول فرما

اور مجھے میری منزل تک پہنچا

مجھے تیرے فضل وکرم سے جو امید ہے اسے منقطع نہ ہونے دے

اور جنوں اور انسانوں میں سے جو بھی میرے دشمن ہوں مجھے اُنکے شر سے بچا

اے اپنے بندوں سے جلد راضی ہونے والے !

اپنے اس بندے کو بخش دے جس کے پاس دعا کے سوا کچھ نہیں

یقیناً تو جو چاہتا ہے کرتا ہے تو اپنی مرضی کا مالک ہے

اے وہ ذات جس کا نام نام ہی دَوا ہے

اور اے وہ ذات جس کا ذکر ہر بیماری کی شفا ہے

وَطَاعَتُهٗ غِنىً

اِرْحَمْ مَّنْ رَّاْسُ مَالِهِ الرَّجَآءُ

وَسِلَاحُهُ الْبُكَآءُ

يَاسَابِغَ النِّعَمِ

يَادَافِعَ النِّقَمِ

يَانُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِيْنَ فِى الظُّلَمِ

يَا عَالِماً لَّا يُعَلَّمُ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

وَ افْعَلْ بِىْ مَااَنْتَ اَهْلُهٗ

وَلَا تَفْعَلْ بِىْ مَآ اَنَا اَهْلُهٗ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

وَالْاَئِمَّةِ الْمَيَامِيْنَ مِنْ اٰلِهٖ

وَسَلَّمَ تَسْلِيْماً كَثِيْرًاكَثِيْراً۔

اور جس کی اطاعت سب سے بے نیاز کر دیتی ہے
اس پر رحم کر جس کی واحد پونجی تیرا آسرا ہے
اور جس کا سامانِ دفاع گریہ وزاری ہے
اے نعمتیں عطا کرنے والے مُنعم حقیقی
اے دُکھ درد کے دفع کرنے والے
اے اُن وحشت زدہ بندوں کیلئے روشنی
جو تاریکیوں میں گھرے ہوئے ہیں
محمدؐ آل محمدؐ علیہم السلام پر رحمتیں نازل فرما
اور میرے ساتھ وہ سلوک کر جو تیرے شایانِ شان ہو
اور میرے ساتھ وہ سلوک نہ کر جس کا میں اہل ہوں
اور اے اللہ رحمتیں نازل فرما اپنے رسولؐ پر
اور ائمۂ معصومینؑ پر جو انکی آلؑ ہیں اور کثرت سے درود بھیج

دعائے امام عصر عجل اللہ فرجہ الشریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِّوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ

صَلَوٰتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى آبَآئِهٖ

فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ

وَلِيّاً وَّ حَافِظاً وَّقَائِداً وَّ نَاصِراً وَّدَلِيْلاً وَّ عَيْناً

حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعاً

وَّ تُمَتِّعَهٗ فِيْهَا طَوِيْلاً

ترجمہ:

خدایا! اپنے ولی حضرت حجۃ بن الحسن

جن پر اور جن کے آباءواجداد پر تیری رحمت ہے

کے لئے اس وقت اور ہر وقت

سرپرست ومحافظ وقائد ومددگار ورہنما ونگراں رہنا تا کہ

انہیں اپنی زمین پر صاحبِ اختیار بنا کر ساکن کردے

اور ایک طویل مدّت تک انہیں یہ اختیارات حاصل رہیں۔

دعائے فرج

یہ دعا امام زمانہؑ نے ایک قیدی کو تعلیم فرمائی تھی جس کو پڑھنے کے بعد اس کو قید سے رہائی نصیب ہوئی۔ نیز جو شخص مصائب و پریشانیوں میں مبتلا ہو اس دعا کو پڑھے تو انشاء اللہ پریشانیوں سے نجات پائے۔ جو امام عصرؑ نے ایک بے گناہ قیدی کو تعلیم دی تھی اور شیخ کفعمیؒ نے اسے ''بلد الامین'' میں نقل کیا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلٰهِیْ عَظُمَ الْبَلَآءُ وَ بَرِحَ الْخَفَآءُ

وَ انْكَشَفَ الْغِطَآءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَآءُ

وَضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَآءُ

وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَ اِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى

وَ عَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِی الشِّدَّةِ وَ الرَّخَآءِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اُولِی الْاَ مْرِ الَّذِيْنَ فَرَضْتَ عَلَيْنَا طَاعَتَهُمْ

وَعَرَّفْتَنَا بِذٰلِكَ مَنْزِلَتَهُمْ

فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجًا عَاجِلًا قَرِيْبًا

كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْهُوَاَقْرَبُ

يَامُحَمَّدُيَا عَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَامُحَمَّدُ

اِكْفِيَانِيْ فَاِنَّكُمَا كَافِيَانِ

وَ انْصُرانِيْ فَاِ نَّكُمَانَاصِرَانِ

يَامَوْلٰينَايَاصاحِبَ الزَّمَانِ

اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ

اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ

يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ الطَّاهِرِيْنَ۔

ترجمہ: خدایا ! مصیبت بہت عظیم ہے اور مصیبت سامنے آ گئی ہے

پردے اُٹھ گئے ہیں اور امیدیں منقطع ہو گئی ہیں۔

زمین تنگ ہو گئی اور اور آسمان کی رحمتیں رُک گئی ہیں

اب تو ہی مددگار ہے اور تجھ ہی سے فریاد ہے

اور تجھ ہی پر نرمی اور سختی میں اعتماد اور بھروسہ ہے۔

خدایا ! اب محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما

وہ صاحبان امر جن کی اطاعت کو تو نے واجب کیا ہے

اور اسی ذریعہ سے ان کی منزلت کا تعارف کرایا۔

ان کے حق کے وسیلہ سے فوراً اور بہت جلد ہماری مشکل کو آسان فرما دے،

پلک جھپکتے یا اس سے بھی کمتر مدت میں۔

(اے محمدؐ اور اے علیؑ ! اور اے علیؑ اور اے محمدؐ !

آپ ہمارے لئے کافی ہو جائیں کہ آپ کافی ہیں

اور ہماری مدد کریں کہ آپ مددگار ہیں۔

اے مولا صاحب الزمانؑ ! فریاد ہے فریاد ہے۔

ہماری خبر گیری کریں - ہماری خبر گیری کریں اور ہماری خبر گیری کریں۔

ابھی، ابھی اور ابھی بہت جلد۔ بہت جلد اور بہت جلد)

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے !

تجھے حضرت محمدؐ اور ان کی طیّب وطاہر آل کا واسطہ۔

دُعائے ندبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ نَبِيِّهٖ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْماً

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَاجَرٰى بِهٖ قَضَآئُكَ فِىْ اَوْلِيَآئِكَ

الَّذِيْنَ اسْتَخْلَصْتَهُمْ لِنَفْسِكَ وَدِيْنِكَ

اِذِاخْتَرْتَ لَهُمْ جَزِيْلَ مَاعِنْدَكَ مِنَ النَّعِيْمِ الْمُقِيْمِ

الَّذِىْ لَازَوَالَ لَهٗ وَلَا اضْمِحْلَالَ بَعْدَ اَنْ شَرَطْتَ عَلَيْهِمُ الزُّهْدَ

فِىْ دَرَجَاتِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الدَّنِيَّةِ وَزُخْرُفِهَا وَزِبْرِجِهَا

فَشَرَطُوْا لَكَ ذَالِكَ وَعَلِمْتَ مِنْهُمُ الْوَفَآءَ بِهٖ

فَقَبِلْتَهُمْ وَقَرَّبْتَهُمْ وَقَدَّمْتَ لَهُمُ الذِّكْرَ الْعَلِيَّ

وَالثَّنَآءَ الْجَلِيَّ وَاَهْبَطْتَ عَلَيْهِمْ مَلآئِكَتَكَ

وَكَرَّمْتَهُمْ بِوَحْيِكَ وَرَفَدْتَهُمْ بِعِلْمِكَ

وَجَعَلْتَهُمُ الذَّرِيْعَةَ اِلَيْكَ وَالْوَسِيْلَةَ اِلٰى رِضْوَانِكَ

فَبَعْضٌ اَسْكَنْتَهٗ جَنَّتَكَ اِلٰى اَنْ اَخْرَجْتَهٗ مِنْهَا

وَبَعْضٌ حَمَلْتَهٗ فِىْ فُلْكِكَ وَنَجَّيْتَهٗ

وَمَنْ اٰمَنَ مَعَهٗ مِنَ الْهَلَكَةِ بِرَحْمَتِكَ

وَبَعْضٌ اتَّخَذْتَهٗ لِنَفْسِكَ خَلِيْلًا وَسَئَلَكَ لِسَانَ صِدْقٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ

ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو عالمین کا پروردگار ہے اور خدا رحمت نازل کرے ہمارے سردار

اور پیغمبر حضرت محمدؐ اور ان کی آل پر اور ان پر سلام ہو۔

خدایا تیری حمد ان تمام فیصلوں پر جو تیرے اولیاء کے بارے میں جاری ہوئے ہیں۔

جن کو تو نے اپنے لئے خالص اور منتخب قرار دیا ہے۔ اور اپنے دین کے لئے چن لیا ہے۔

جب کہ تو نے ان کے لئے ان بہترین اور دائمی نعمتوں کو اختیار کیا ہے۔

جو تیری بارگاہ میں ہیں اور ان کے لئے کوئی زوال اور اضمحلال نہیں ہے

اس کے بعد کہ تو نے ان سے ان دنیائے دنی کے درجات میں

اور اس کی آرائش و زیبائش کے سلسلہ زہد کی شرط کر لی اور انہوں نے تجھ سے اس بات کا وعدہ کر لیا

اور تجھے معلوم تھا کہ وہ اپنے وعدہ کو وفا کریں گے۔

تو تو نے انہیں قبول کر لیا اور اپنے سے قریب تر بنالیا اور ان کے لئے بلند ترین ذکر

اور واضح تعریف کو پیش کر دیا اور ان کے یہاں اپنے ملائکہ کو اتار دیا

اور انہیں اپنی رضا کے لئے وسیلہ قرار دے دیا۔

ان میں سے بعض کو اپنی جنت میں ساکن بنایا

اور پھر انہیں وہاں سے رخصت کر کے جنت میں بھیج دیا۔

اور بعض کو اپنی کشتی میں سوار کر کے انہیں اور ان کے ساتھیوں کو ہلاکت سے

اپنی رحمت کے ذریعہ نجات دے دی اور بعض کو اپنے لئے خلیل بنالیا

اور انہوں نے آخری دور میں صداقت کی زبان کا سوال کیا تو تو نے ان کی دعا کو قبول کر لیا

فَاَجَبْتَهُ وَجَعَلْتَ ذٰلِكَ عَلِيًّا

وَبَعْضٌ كَلَّمْتَهُ مِنْ شَجَرَةٍ تَكْلِيماً وَجَعَلْتَ لَهُ مِنْ اَخِيْهِ رِدْءاً

وَوَزِيْراً وَبَعْضٌ اَوْلَدْتَهُ مِنْ غَيْرِاَبٍ وَاٰتَيْتَهُ الْبَيِّنَاتِ

وَاَيَّدْتَهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَكُلٌّ شَرَعْتَ لَهُ شَرِيْعَةً

وَنَهَجْتَ لَهُ مِنْهَاجاً وَتَخَيَّرْتَ لَهُ اَوْصِيَآءَ

مُسْتَحْفِظاً بَعْدَ مُسْتَحْفِظٍ مِنْ مُدَّةٍ اِلٰى مُدَّةٍ اِقَامَةً لِدِيْنِكَ

وَحُجَّةً عَلٰى عِبَادِكَ وَلِئَلَّا يَزُوْلَ الْحَقُّ عَنْ مَقَرِّهِ

وَيَغْلِبَ الْبَاطِلُ عَلٰى اَهْلِهِ

وَلَا يَقُوْلَ اَحَدٌ لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا مُنْذِراً

وَاَقَمْتَ لَنَا عَلَماً هَادِيًا فَنَتَّبِعَ آيٰاتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَذِلَّ

وَنَخْزٰىٰ اِلٰى اَنِ انْتَهَيْتَ بِالْاَمْرِاِلٰى حَبِيْبِكَ وَنَجِيْبِكَ

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فَكَانَ كَمَا انْتَجَبْتَهُ سَيِّدَ مَنْ خَلَقْتَهُ

وَصَفْوَةَ مَنِ اصْطَفَيْتَهُ وَاَفْضَلَ مَنِ اجْتَبَيْتَهُ

وَاَكْرَمَ مَنِ اعْتَمَدْتَهُ قَدَّمْتَهُ عَلٰى اَنْبِيَائِكَ

وَبَعَثْتَهُ اِلَى الثَّقَلَيْنِ مِنْ عِبَادِكَ وَاَوْطَاْتَهُ مَشَارِقَكَ وَمَغَارِبَكَ

وَسَخَّرْتَ لَهُ الْبُرَاقَ وَعَرَجْتَ بِرُوْحِهِ اِلٰى سَمَآئِكَ

وَاَوْدَعْتَهُ عِلْمَ مَاكَانَ وَمَايَكُوْنُ اِلٰى انْقِضَآءِ خَلْقِكَ

ثُمَّ نَصَرْتَهُ بِالرُّعْبِ وَحَفَفْتَهُ بِجِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ

وَالْمُسَوِّمِيْنَ مِنْ مَلَآئِكَتِكَ

اوراسے بلندوبالاقرار دے دیااور بعض سے درخت کے ذریعہ کلام کیااوران کے لئے ان کے
بھائی کو پشت پناہ اور بوجھ ہٹانے والا قرار دیدیااور بعض کو بغیر باپ کے پیدا کردیا۔
اورانہیں واضح نشانیاں عطا کردیں اورروح القدس کے ذریعہ ان کی تائید کردی
اور ہرایک کے لئے ایک شریعت اورایک طریقۂ حیات مقرر کردیااوران کے لئے اولیاء منتخب کیا
جوایک کے بعدایک دین کے محافظ بنے ایک مدت سے دوسری مدت تک اپنے دین کو قائم کرنے
اوراپنے بندوں پر اپنی حجت تمام کرنے کے لئے اوراس لئے کہ حق اپنے مرکز سے ہٹنے نہ پائے
اور باطل اہل حق پر غالب نہ آنے پائے اور کوئی شخص یہ نہ کہنے پائے کہ تو نے ہماری طرف
ڈرانے والا رسول کیوں نہ بھیج دیااور ہمارے لئے نشان ہدایت کیوں نہ قائم کردیا کہ ہم
ذلیل ورسواہونے سے پہلے تیری آیتوں کا اتباع کرلیتے یہاں تک کہ تیرے امر کا سلسلہ
تیرے حبیب تیرے شریف بندے محمد مصطفیؐ تک پہنچ گیا خداان پراوران کی آل پر
رحمت نازل کرے وہ ویسے ہی شریف تھے جیسے تو نے انہیں بنایا تھا تمام مخلوقات کے سردار
اور تمام منتخب بندوں میں منتخب اور تمام چنے ہوئے بندوں سے افضل
اور تمام معتبر افرادمکرم ومحترم تو نے انہیں تمام انبیاء پر مقدم قرار دیا۔
اورانہیں تمام انس وجن کی طرف مبعوث کیااوران کے لئے تمام مشرق ومغرب کو ہموار کردیا
اور براق کو مسخر کردیااورانہیں اپنے آسمان کی بلندیوں تک لے گیا
اور تمام ماضی اور مستقبل کے علوم کا خزانہ دار بنادیااور دنیا کے خاتمہ تک اس کے بعد رعب وخوف
کے ذریعہ ان کی مددکی اور جبرئیل ومیکائیل اوران تمام فرشتوں کے ذریعہ محفوظ بنادیا

وَوَعَدْتَهٗ اَنْ تُظْهِرَدِيْنَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْكَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ

وَذَالِكَ بَعْدَ اَنْ بَوَّأْ تَهٗ مُبَوَّأَ صِدْقٍ مِنْ اَهْلِهٖ

وَجَعَلْتَ لَهٗ وَلَهُمْ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِىْ بِبَكَّةَ مُبَارَكاً

وَّهُدَى لِّلْعَالَمِيْنَ فِيْهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ اِبْرَاهِيْمَ

وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ آمِناً وَّقُلْتَ

اِنَّمَا يُرِيْدُاللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْراً

ثُمَّ جَعَلْتَ اَجْرَ مُحَمَّدٍصَلَوٰاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

مَوَدَّتَهُمْ فِىْ كِتَابِكَ فَقُلْتَ

قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْراً اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِى الْقُرْبىٰ

وَقُلْتَ مَاسَئَلْتُكُمْ مِنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ

وَقُلْتَ مَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ

اَنْ يَّتَّخِذَ اِلىٰ رَبِّهٖ سَبِيْلاً فَكَانُوْا هُمُ السَّبِيْلَ اِلَيْكَ

وَالْمَسْلَكَ اِلىٰ رِضْوَانِكَ فَلَمَّا انْقَضَتْ اَيَّامُهٗ

اَقَامَ وَلِيَّهٗ عَلِيَّ ابْنَ اَبِىْ طَالِبٍ صَلَوٰاتُكَ عَلَيْهِمَا

وَّاِلهِمَاهَادِياً اِذْكَانَ هُوَالْمُنْذِرَ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ

فَقَالَ وَالْمَلَأُ اَمَامَهٗ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهٗ

وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهٗ وَقَالَ مَنْ كُنْتُ اَنَا نَبِيَّهٗ فَعَلِيٌّ اَمِيْرُهٗ

جن پر تیری نمائندگی کی نشانیاں تھیں اور تو نے ان سے وعدہ کیا کہ ان کے دین کو تمام ادیان پر غالب بنائے گا چاہے مشرکین کو کتنا ہی ناگوار گزرے اور یہ سب اس وقت ہوا

جب تو نے انہیں صداقت کے مرکز پر مستقر کر دیا اور ان کے لئے اور ان کے اہل کے لئے

اس سے پہلے گھر کو قرار دیا جسے تمام انسانوں کے لئے بنایا گیا ہے اور جو مکہ میں ہے اور بابرکت اور عالمین کے لئے ہدایت ہے اس میں کھلی ہوئی نشانیاں اور مقام ابراہیم ہے

اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ محفوظ ہو جاتا ہے اور تو نے اعلان کر دیا ہے

اے اہل بیت اللہ کا ارادہ بس یہ ہے کہ تم سے ہر برائی کو دور رکھے اور تمہیں اس طرح پاک و پاکیزہ قرار دے جو پاکیزگی کا حق ہے اس کے بعد تو نے مرکز رحمت محمدؐ و آل محمدؐ کا اجر اپنی کتاب میں ان کی مودت کو قرار دے کر اعلان کر دیا اے پیغمبرؐ کہہ دو کہ میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا علاوہ اس کے کہ میرے قرابت داروں سے محبت کرو

اور تو نے کہہ دیا کہ میں نے جو اجر مانگا ہے وہ تمہارے ہی فائدہ کے لئے ہے۔

اور کہہ دیا کہ میں تم سے کوئی اجر نہیں چاہتا مگر وہ شخص کہ جو اللہ کی طرف راستہ اختیار کرنا چاہتا ہے تو یہ سب تیری بارگاہ کے لئے راہ ہدایت اور تیری رضا کے لئے بہترین مسلک بن گئے پھر جب ان کے دن تمام ہو گئے تو انہوں نے اپنے ولی علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو قوم کا ہادی مقرر کر دیا اس لئے خود عذاب الٰہی سے ڈرانے والے تھے اور ہر قوم کے لئے ایک ہادی ہے۔

انہوں نے مجمع عام کے سامنے اعلان کر دیا جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ علیؑ بھی مولا ہے

خدایا جو اسے دوست رکھے اسے دوست رکھ اور جو اسے دشمنی کرے اسے دشمن رکھ

اور جو اس کی مدد کرے اس کی مدد کر اور جو اس کو چھوڑ دے اسے نظر انداز کر

اور رسولؐ نے اعلان کیا کہ جس کا میں نبی ہوں اس کے علیؑ امیر ہیں۔

وَقَالَ اَنَا وَعَلِیٌّ مِنْ شَجَرَةٍ وَاحِدَةٍ

وَسَايِرِالنَّاسِ مِنْ شَجَرٍ شَتّٰی وَاَحَلَّهٗ مَحَلَّ هٰرُوْنَ مِنْ مُوْسٰی

فَقَالَ لَهٗ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هٰرُوْنَ مِنْ مُوْسٰی

اِلَّا اَنَّهٗ لَانَبِیَّ بَعْدِیْ وَزَوَّجَهٗ ابْنَتَهٗ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ

وَاَحَلَّ لَهٗ مِنْ مَسْجِدِهٖ مَاحَلَّ لَهٗ وَسَدَّالْاَبْوَابَ اِلَّا بَابَهٗ

ثُمَّ اَوْدَعَهٗ عِلْمَهٗ وَحِكْمَتَهٗ فَقَالَ اَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا

فَمَنْ اَرَادَ الْمَدِيْنَةَ وَالْحِكْمَةَ فَلْيَاْتِهَا مِنْ بَابِهَا

ثُمَّ قَالَ اَنْتَ اَخِیْ وَوَصِيِّیْ وَوَارِثِیْ لَحْمُكَ مِنْ لَحْمِیْ

وَدَمُكَ مِنْ دَمِیْ وَسِلْمُكَ سِلْمِیْ وَحَرْبُكَ حَرْبِیْ

وَالْاِيْمَانُ مُخَالِطٌ لَحْمَكَ وَدَمَكَ كَمَا خَالَطَ لَحْمِیْ وَدَمِیْ

وَاَنْتَ غَداً عَلَی الْحَوْضِ خَلِيْفَتِیْ

وَاَنْتَ تَقْضِیْ دَيْنِیْ وَتُنْجِزُ عِدَاتِیْ

وَشِيْعَتُكَ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ مُبْيَضَّةً وُجُوْهُهُمْ

حَوْلِیْ فِی الْجَنَّةِ وَهُمْ جِيْرَانِیْ وَلَوْلَااَنْتَ

يَا عَلِیُّ لَمْ يُعْرَفِ الْمُؤْمِنُوْنَ بَعْدِیْ

وَكَانَ بَعْدَهٗ هُدیً مِنَ الضَّلَالِ وَنُوْراً مِنَ الْعَمٰی

وَحَبْلَ اللّٰهِ الْمَتِيْنَ وَصِرَاطَهُ الْمُسْتَقِيْمَ لَايُسْبَقُ بِقَرَابَةٍ فِیْ رَحِمٍ

وَلَا بِسَابِقَةٍ فِیْ دِيْنٍ وَلَا يُلْحَقُ فِیْ مَنْقَبَةٍ مِنْ مَنَاقِبِهٖ

يَحْذُوْحَذْوَالرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِمَا وَاٰلِهِمَا

اورفرمایا کہ میں اورعلیؑ ایک ہی شجر سے ہیں اورتمام لوگ مختلف شجروں سے ہیں
اورعلیؑ کوموسیٰ کے لئے ہارونؑ کی منزل پرقراردیا اوران سے کہا کہ تم میرے لئے ویسے ہی ہو
جیسے موسیٰ کے لئے ہارونؑ تھے صرف میرے بعد نبی نہ ہوگا اورپھراپنی بیٹی سردارنساءعالمین کا
ان سے عقدکردیا اوران کے لئے مسجد میں وہ سب حلال کردیا جوخودان کے لئے حلال تھا اور
ان کے دروازے کے علاوہ سب کے دروازے بندکردئے پھرانہیں علم وحکمت کاخزانہ داربنادیا
اوراعلان کیا کہ میں شہرعلم ہوں اورعلیؑ اس کادروازہ ہےتو جوشہر میں داخل ہونا چاہیے
اسے دروازہ پرآنا چاہیے پھرفرمایا کہ یاعلیؑ تم میرے بھائی، وصی اوروارث ہے
تمہارا گوشت میرے گوشت سے تمہاراخون میرے خون سے ہے تمہاری صلح میری صلح ہے اور
تمہاری جنگ میری جنگ ہے- اورایمان تمہارے گوشت اورخون میں اس طرح پیوست ہے
جس طرح میرے گوشت اورخون میں ہے اورتم کل حوض کوثرپرمیرے جانشین ہوگئے اور
تم میرے قرض کواداکروگے اورمیرے وعدوں کوپوراکروگے اورتمہارے شیعہ نورکے منبرپر
ہوں گے ان کے چہرے تابناک ہوں گے وہ میرے گردجنت میں میرے ہمسایہ ہوں گے-
اوراےعلیؑ اگرتم نہ ہوتے تومیرے بعدمومنین کی شفاعت بھی نہ ہوسکتی اوروہ پیغمبر کے بعد
گمراہی میں ہدایت اورتاریکی میں نوراللہ کی مضبوط ریسماں ہدایت اوراس کاسیدھاراستہ تھے
ان سے کوئی آگےنہیں بڑھ سکتا نہ رشتہ داری کی قرابت میں اورنہ دین کے سوابق میں اورکوئی
ان کوان کے مناقب میں پابھی نہیں سکتا ہے وہ ہرامر میں رسول اکرمؐ کے نقش قدم پرتھے
ان دونوں اوران کی اولاد پررحمت نازل کرے

وَيُقَاتِلُ عَلَى التَّاوِيْلِ وَلَاتَاخُذُهُ فِى اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ

قَدْوَتَرَفِيْهِ صَنَادِيْدَ الْعَرَبِ وَقَتَلَ اَبْطَالَهُمْ

وَنَاوَشَ ذُؤْبَانَهُمْ فَاَوْدَعَ قُلُوْبَهُمْ اَحْقَاداً بَدْرِيَّةً

وَخَيْبَرِيَّةً وَحُنَيْنِيَّةً وَغَيْرَهُنَّ فَاَضَبَّتْ عَلٰى عَدَاوَتِهٖ

وَاَكَبَّتْ عَلٰى مُنَا بَذَتِهٖ حَتّٰى قَتَلَ النَّاكِثِيْنَ وَالْقَاسِطِيْنَ وَالْمَارِقِيْنَ

وَلَمَّا قَضٰى نَحْبَهٗ وَقَتَلَهٗ اَشْقَى الْاٰخِرِيْنَ يَتْبَعُ اَشْقَى الْاَوَّلِيْنَ

لَمْ يُمْتَثَلْ اَمْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ فِى الْهَادِيْنَ

بَعْدَ الْهَادِيْنَ وَالْاُمَّةُ مُصِرَّةٌ عَلٰى مَقْتِهٖ مُجْتَمِعَةٌ عَلٰى قَطِيْعَةِ

رَحِمِهٖ وَاِقْصَآءِ وُلْدِهٖ اِلَّا الْقَلِيْلَ مِمَّنْ وَفٰى لِرِعَايَةِ الْحَقِّ فِيْهِمْ

فَقُتِلَ مَنْ قُتِلَ وَسُبِىَ مَنْ سُبِىَ وَاُقْصِىَ مَنْ اُقْصِىَ

وَجَرَى الْقَضَآءُ لَهُمْ بِمَا يُرْجٰى لَهٗ حُسْنُ الْمَثُوْبَةِ

اِذْ كَانَتِ الْاَرْضُ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَسُبْحَانَ رَبِّنَا اِنْ كَانَ

وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ

وَعْدَهٗ وَهُوَالْعَزِيْزُالْحَكِيْمُ فَعَلَى الْاَطَايِبِ مِنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ

وَعَلِيٍّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا وَاٰلِهِمَا فَلْيَبْكِ الْبَاكُوْنَ

وَاِيَّاهُمْ فَلْيَنْدُبِ النَّادِبُوْنَ

اوروہ تاویل قرآن پہ اس شان سے جہاد کرتے تھے کہ اللہ کی راہ میں کسی ملامت کرنے والے کی
ملازمت کی پرواہ نہیں تھی انہوں نے اس راہ میں عرب کے سرداروں کوزیر کیاان کے
بہادروں کوقتل کیاان کے بھیڑوں کوفنا کردیا توان کے دلوں میں بدراورخیبراورحنین
وغیرہ کے لئے کینے ذخیرہ ہوگئے اورانہوں نے ان کی عداوت پراتفاق کرلیااوران سے مقابلہ پر
سرجوڑکرمتحد ہوگئے یہاں تک کہ بیعت توڑنے والوں دشمنان اسلام کومقابلہ پرلانے والوں اور
دین سے نکل جانے والوں کوقتل کردیااورجب اپنی مدت حیات پوری کرلی اورانہیں دورآخر کے
بدترین انسان نے قتل کردیا دورقدیم کے بدترین انسان کا تابع تھاتوپھررسول اکرمؐ کے حکم کی
ہدایت کرنے والوں کے بارے میں ایک کے بعدایک مخالفت ہوتی رہی اورامت
ان کی ناراضگی پرمصراوران سے تعلقات قطع کرلینےاوران کی اولادکودورکردینے پرمتفق رہی
علاوہ ان چندافرادکےجنھوں نے آل رسول کے بارے میں حق کی رعایت کے لئے
وفاداری سے کام لیاتوجوقتل کئے گئے وہ قتل کردیئے گئےاورجوگرفتارکئے گئےوہ گرفتارکرلئے گئے
اورجودربدرکردیئے گئےاوران کے حق میں فیصلہ الٰہی اس طرح جاری ہواجس میں بہترین
ثواب کی امید کی جاتی ہےاس لئے کہ زمین اللہ کی ہےوہ اپنے بندوں میں جس کوچاہتا ہے
اس کاوارث قراردیتاہےاورآخرت صرف صاحبان تقوٰی کے لئے ہےاورہماراپروردگار
پاک وبے نیازہےاس کاوعدہ بہرحال پوراہونے والاہےوہ ہرگزاپنےوعدہ کےخلاف نہیں کرتا
اوروہ صاحب عزت اورصاحب حکمت ہےتواب حضرت محمدؐوعلیؑ کےاہل بیت کے
پاکیزہ کردارافراد(خداان دونوں اوران کی اولادپررحمت نازل کرے)پررونے والوں کو
روناچاہیےاورانہیں پرندبہ کرنے والوں کوندبہ کرناچاہیے

وَلِمِثْلِهِمْ فَلْتَذْرِفِ الدُّمُوْعُ

وَلْيَصْرُخِ الصَّارِخُوْنَ وَيَضِجُّ الضَّآجُّوْنَ

وَيَعِجُّ الْعَآجُّوْنَ اَيْنَ الْحَسَنُ اَيْنَ الْحُسَيْنُ

اَيْنَ اَبْنَآءُ الْحُسَيْنِ صَالِحٌ بَعْدَ صَالِحٍ وَصَادِقٌ بَعْدَ صَادِقٍ

اَيْنَ السَّبِيْلُ بَعْدَ السَّبِيْلِ اَيْنَ الْخِيَرَةُ بَعْدَ الْخِيْرَةِ

اَيْنَ الشُّمُوْسُ الطَّالِعَةُ اَيْنَ الْاَقْمَارُالْمُنِيْرَةُ اَيْنَ الْاَنْجُمُ الزَّاهِرَةُ

اَيْنَ اَعْلَامُ الدِّيْنِ وَقَوَاعِدُ الْعِلْمِ

اَيْنَ بَقِيَّةُ اللّٰهِ الَّتِىْ لَاتَخْلُوْا مِنَ الْعِتْرَةِ الْهَادِيَةِ

اَيْنَ الْمُعَدُّ لِقَطْعِ دَابِرِالظَّلَمَةِ

اَيْنَ الْمُنْتَظَرُ لِاِقَامَةِ الْاَمْتِ وَالْعِوَجِ

اَيْنَ الْمُرْتَجٰى لِاِزَالَةِ الْجَوْرِوَالْعُدْوَانِ

اَيْنَ الْمُدَّخَرُ لِتَجْدِيْدِالْفَرَائِضِ وَالسُّنَنِ

اَيْنَ الْمُتَخَيَّرُ لِاِعَادَةِ الْمِلَّةِ وَالشَّرِيْعَةِ

اَيْنَ الْمُؤَمَّلُ لِاِحْيَآءِ الْكِتَابِ وَحُدُوْدِهٖ

اَيْنَ مُحْيِىْ مَعَالِمِ الدِّيْنِ وَاَهْلِهٖ اَيْنَ قَاصِمُ شَوْكَةِ الْمُعْتَدِيْنَ

اَيْنَ هَادِمُ اَبْنِيَةِ الشِّرْكِ وَالنِّفَاقِ

اَيْنَ مُبِيْدُاَهْلِ الْفُسُوْقِ وَالْعِصْيَانِ وَالطُّغْيَانِ

اَيْنَ حَاصِدُ فُرُوْعِ الْغَيِّ وَالشِّقَاقِ

اورانہیں جیسے افراد کے مصائب پر آنسو بہانا چاہیےاور فریاد کرنے والوں کوفریاد کرنا چاہیے
اورنالہ وشیون کرنے والوں کونالہ وشیون اورشورگریہ بلند کرنا چاہیے۔
کہاں ہیں حسنؑ اور کہاں ہیں حسینؑ کہاں ہیں اولادِ حسینؑ نیک کردار کے بعد نیک کردار
صادق کے بعد صادق کہاں ہے راہ ہدایت کے بعد دوسرا راہ ہدایت
کہاں ہے ایک منتخب کے بعد دوسرا منتخب روزگار کہاں ہے طلوع کرتے ہوئے آفتاب
کہاں ہیں چمکتے ہوئے ماہتاب کہاں ہیں روشن ستارے
کہاں ہیں دین کے لہراتے ہوئے پرچم اور علم کے مستحکم ستون
کہاں ہے وہ بقیۃ اللہ جس سے ہدایت کرنے والی عترت پیغمبرؐ سے دنیا خالی نہیں ہوسکتی
کہاں ہے وہ جسے سلسلہ ظلم کو قطع کرنے کے لئے مہیا کیا گیا
کہاں ہے جس کا کجی اور انحراف کو درست کرنے کے لئے انتظار ہورہا ہے
کہاں ہے وہ جس سے ظلم وتعدی کو زائل کرنے کی امیدیں وابستہ ہیں۔
کہاں ہے وہ جسے فرائض وسنن کی تجدید کے لئے ذخیرہ کیا گیا ہے
کہاں ہے وہ جسے مذاہب اور شریعت کو دوبارہ منظر عام پر لانے کے لئے منتخب کیا گیا
کہاں ہے وہ جس سے کتاب اور خدا اور اس کے حدود کی زندگی کی امیدیں وابستہ ہیں۔
کہاں ہے دین اور اہل دین کے آثار کا زندہ کرنے والا
کہاں ہے اہل ستم کی شوکت کی کمر توڑنے والا
کہاں ہے شرک ونفاق کی عمارت کو منہدم کرنے والا
کہاں ہے فسق ومعصیت اور سرکشی کرنے والوں کو تباہ کرنے والا
کہاں ہے گمراہی اور اختلاف کی شاخوں کا کاٹ دینے والا

اَيْنَ طَامِسُ آثَارِ الزَّيْغِ وَالْاَهْوَآءِ

اَيْنَ قَاطِعُ حَبَائِلِ الْكِذْبِ وَالِافْتِرَآءِ اَيْنَ مُبِيْدُالْعُتَاةِ وَالْمَرَدَةِ

اَيْنَ مُسْتَاْصِلُ اَهْلِ الْعِنَادِ وَالتَّضْلِيْلِ وَالْاِلْحَادِ

اَيْنَ مُعِزُّ الْاَوْلِيَآءِ وَمُذِلُّ الْاَعْدَآءِ اَيْنَ جَامِعُ الْكَلِمَةِ عَلَى التَّقْوٰى

اَيْنَ بَابُ اللّٰهِ الَّذِىْ مِنْهُ يُؤْتٰى اَيْنَ وَجْهُ اللّٰهِ الَّذِىْ اِلَيْهِ يَتَوَجَّهُ الْاَوْلِيَآءُ

اَيْنَ السَّبَبُ الْمُتَّصِلُ بَيْنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ

اَيْنَ صَاحِبُ يَوْمِ الْفَتْحِ وَنَاشِرُرَايَةِ الْهُدٰى

اَيْنَ مُؤَلِّفُ شَمْلِ الصَّلَاحِ وَالرِّضَا

اَيْنَ الطَّالِبُ بِذُحُوْلِ الْاَنْبِيَآءِ وَاَبْنَاءِ الْاَنْبِيَآءِ

اَيْنَ الطَّالِبُ بِدَمِ الْمَقْتُوْلِ بِكَرْبَلَآءَ

اَيْنَ الْمَنْصُوْرُ عَلٰى مَنِ اعْتَدٰى عَلَيْهِ وَافْتَرٰى

اَيْنَ الْمُضْطَرُّ الَّذِىْ يُجَابُ اِذَا دَعٰى

اَيْنَ صَدْرُالْخَلَآئِقِ ذُوالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى

اَيْنَ ابْنُ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَابْنُ عَلِيٍّ الْمُرْتَضٰى

وَابْنُ خَدِيْجَةَ الْغَرَّآءِ وَابْنُ فَاطِمَةَ الْكُبْرٰى

بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ وَنَفْسِىْ لَكَ الْوِقَآءُ وَالْحِمٰى

کہاں ہے انحراف اور خواہشات کے آثار کو محو کر دینے والا

کہاں ہے کذب اور افتراء پردازیوں کی رسیوں کو کاٹ دینے والا

کہاں ہے سرکشوں اور باغیوں کو ہلاک کرنے والا

کہاں ہے عناد والحاد و گمراہی کے ذمہ داریوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دینے والا

کہاں ہے دوستوں کو عزت دینے والا اور دشمنوں کو ذلیل کرنے والا

کہاں ہے تمام کلمات کو تقویٰ پر جمع کرنے والا

کہاں ہے وہ دروازہ فضل خدا جس سے اس کی بارگاہ میں حاضر ہوا جاتا ہے

کہاں ہے وہ وجہ اللہ جس کی طرف اس کے دوست متوجہ ہوتے ہیں

کہاں ہے وہ سلسلہ جو زمین و آسمان کا اتصال قائم کرنے والا ہے

کہاں ہے وہ جو روز فتح کا مالک ہے اور پرچم ہدایت کا لہرانے والا ہے

کہاں ہے وہ جو نیکی اور رضا کے منتشر اجزاء کو جمع کرنے والا ہے

کہاں ہے انبیاء اور اولاد انبیاء کے خون ناحق کا بدلہ لینے والا

کہاں ہے شہید کربلا کے خون ناحق کا مطالبہ کرنے والا

کہاں ہے وہ جس کی ہر ظلم اور افتراء کرنے والے کے مقابلہ میں مدد کی جانے والی ہے

کہاں ہے وہ مضطر جس کی دعا مستجاب ہونے والی ہے وہ جب بھی دعا کرے

کہاں ہے ساری مخلوقات کا سربراہ صاحب صلاح و تقویٰ

کہاں ہے رسول مصطفیٰؐ کا فرزند اور علی مرتضیٰؑ کا دلبر اور خدیجہؑ کا نور نظر

اور فاطمہؑ کبریٰ کا لخت جگر تجھ پر میرے ماں باپ قربان

اور میرا نفس تیرے لئے سپر اور محافظ ہے

يَابْنَ السَّادَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ يَابْنَ النُّجَبَآءِ الْاَكْرَمِيْنَ

يَابْنَ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ يَابْنَ الْخِيَرَةِ الْمُهَذَّبِيْنَ

يَابْنَ الْغَطَارِفَةِ الْاَنْجَبِيْنَ يَابْنَ الْاَطَآئِبِ الْمُطَهَّرِيْنَ

يَابْنَ الْخَضَارِمَةِ الْمُنْتَجَبِيْنَ يَابْنَ الْقَمَاقِمَةِ الْاَكْرَمِيْنَ

يَابْنَ الْبُدُوْرِ الْمُنِيْرَةِ يَابْنَ السُّرُجِ الْمُضِيْئَةِ

يَابْنَ الشُّهُبِ الثَّاقِبَةِ يَابْنَ الْاَنْجُمِ الزَّاهِرَةِ

يَابْنَ السُّبُلِ الْوَاضِحَةِ يَابْنَ الْاَعْلَامِ اللَّآئِحَةِ

يَابْنَ الْعُلُوْمِ الْكَامِلَةِ يَابْنَ السُّنَنِ الْمَشْهُوْرَةِ

يَابْنَ الْمَعَالِمِ الْمَاْثُوْرَةِ يَابْنَ الْمُعْجِزَاتِ الْمَوْجُوْدَةِ

يَابْنَ الدَّلَآئِلِ الْمَشْهُوْدَةِ يَابْنَ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ

يَابْنَ النَّبَاءِ الْعَظِيْمِ يَاابْنَ مَنْ هُوَفِيْٓ اُمِّ الْكِتَابِ لَدَى اللّٰهِ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ

يَابْنَ الْاٰيٰاتِ وَالْبَيِّنَاتِ يَابْنَ الدَّلَآئِلِ الظَّاهِرَاتِ

يَابْنَ الْبَرَاهِيْنِ الْوَاضِحَاتِ الْبَاهِرَاتِ يَابْنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَاتِ

يَابْنَ النِّعَمِ السَّابِغَاتِ يَابْنَ طٰهٰ وَالْمُحْكَمَاتِ

يَابْنَ يٰسٓ وَالذَّارِيَاتِ يَابْنَ الطُّوْرِ وَالْعَادِيَاتِ

يَابْنَ مَنْ دَنٰى فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى

دُنُوًّا وَاقْتِرَاباً مِنَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى لَيْتَ شِعْرِىْ

اَيْنَ اسْتَقَرَّتْ بِكَ النَّوٰى بَلْ اَىُّ اَرْضٍ تُقِلُّكَ اَوْثَرٰى

اے مقرب سرداروں کے فرزند اے مکرم اشراف کے فرزند

اے ہدایت یافتہ ہدایت کرنے والوں کے فرزند

اے مہذب اور پاکیزہ خصال منتخب افراد کے فرزند

اے شریف ترین بزرگوں کے فرزند اے پاکیزہ اور طیب حضرات کے فرزند

اے منتخب روزگار سرداروں کے فرزند اے مکرم اور محترم ہدایت کے مناروں کے فرزند

اے چمکتے ہوئے ماہتابوں کے فرزند اے روشن چراغوں کے فرزند

اے ضودیتے ہوئے شہابوں کے فرزند اے تابناک ستاروں کے فرزند

اے واضح راہ ہائے ہدایت کے فرزند اے روشن پرچم ہائے دین کے فرزند

اے کامل علوم کے فرزند اے مشہور سنن کے فرزند

اے ماثور آثار ودین کے فرزند اے موجود معجزات کے فرزند

اے واضح دلائل کے فرزند اے صراط مستقیم کے فرزند اے ضیاء عظیم کے فرزند

اے اس کے فرزند جو کتاب خدا میں خدا کے نزدیک علی اور حکیم ہے

اے آیات و بینات کے فرزند اے ظاہر اور روشن دلائل کے فرزند

اے واضح اور طاہر برہانوں کے فرزند اے کامل دلیلوں کے فرزند

اے وسیع ترین نعمتوں کے فرزند اے طٰہٰ و محکمات کے فرزند

اے یاسین اور ذاریات کے فرزند اے طور اور عادیات کے فرزند

اے اس کے فرزند جو قرب خدا میں اس قدر بڑھا کہ دو کمانوں کا یا اس سے کم فاصلہ رہ گیا

اور وہ خدائے علی اعلیٰ سے قریب تر ہوتا چلا گیا اے کاش مجھے معلوم ہوتا کہ

تیرا مستقر اور مرکز دوری نے کہاں پایا ہے اور کس زمین نے تجھے بسا رکھا ہے

اَبِرَضْوىٰ اَوْغَيْرِها اَمْ ذِىْ طُوىٰ عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ اَرَى الْخَلْقَ
وَلَاتُرَىٰ وَلَا اَسْمَعُ لَكَ حَسِيْساً
وَلَا نَجْوىٰ عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ تُحِيْطَ بِكَ دُوْنَي الْبَلْوىٰ
وَلَايَنَالُكَ مِنِّىْ ضَجِيْجٌ وَلَاشَكْوىٰ بِنَفْسِىْ
اَنْتَ مِنْ مُغَيَّبٍ لَمْ يَخْلُ مِنَّا بِنَفْسِىْ
اَنْتَ مِنْ نَازِحٍ مَانَزَحَ عَنَّا بِنَفْسِى
اَنْتَ اُمْنِيَّةُ شَآئِقٍ يَتَمَنّٰى مِنْ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ ذَكَرا فَحَنَّا بِنَفْسِىْ
اَنْتَ مِنْ عَقِيْدِ عِزٍّ لَايُسَامٰى بِنَفْسِىْ
اَنْتَ مِنْ اَثِيْلِ مَجْدٍ لَايُجَارَى بِنَفْسِىْ
اَنْتَ مِنْ تِلَادِ نِعَمٍ لَاتُضَاهٰى بِنَفْسِىْ
اَنْتَ مِنْ نَصِيْفِ شَرَفٍ لَايُسَاوىٰ اِلٰى مَتٰى اَحَارُ فِيْكَ
يَا مَوْلَاىَ وَاِلٰى مَتٰى وَاَىَّ خِطَابٍ اَصِفُ فِيْكَ وَاَىَّ نَجْوىٰ
عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ اُجَابَ دُوْنَكَ وَاُنَاغٰى
عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ اَبْكِيَكَ وَيَخْذُلَكَ الْوَرىٰ
عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ يَجْرِىَ عَلَيْكَ دُوْنَهُمْ مَاجَرَىٰ

مقام رضوی ہے یا کوئی خطہ ارض یا مقام طوی ہے

میرے لئے یہ بہت سخت ہے کہ ساری دنیا کو دیکھوں اور تو نظر نہ آئے

اور نہ تیری آواز سنوں نہ تیری گفتگو

میرے لئے یہ بہت سخت ہے کہ بلائیں احاطہ کئے رہیں اور تجھ تک نہ میری فریاد پہنچے

اور نہ شکایت میری جان قربان

تو ایسا غائب ہے جو کبھی مجھ سے الگ نہیں ہوا میری جان قربان

تو ایسا بعید ہے جو کبھی ہم سے دور نہیں ہوا میری جان قربان

تو ہر مشتاق کی آرزو ہے وہ مومن مرد یا عورت جس نے تجھے یاد کیا اور

تجھ سے اظہار محبت کیا میری جان قربان

تجھ عزت کے پاسبان پر جس کی برابری نہیں ہو سکتی میری جان قربان

تجھ بزرگی کے بنیادی حصہ دار پر جس کا مقابلہ ممکن نہیں میری جان قربان

تجھ نعمتوں کے قدیم ترین مرکز پر جس کی مماثلت نہیں ہو سکتی میری جان قربان

تجھ شرف کے برابر کے شریک پر جس کی کوئی برابری نہیں کر سکتا

میرے مولا کب تک میں آپ کے بارے میں حیران و سرگرداں رہوں گا

اور کس انداز سے تیرے بارے میں خطاب کروں گا اور کیسے راز و نیاز کروں گا

میرے لئے یہ بڑی سخت بات ہے کہ سب کا جواب سنوں اور تیرا جواب نہ سنوں

یہ بڑی سخت منزل ہے کہ میں گریہ کروں اور دنیا تجھے نظر انداز کردے

میرے لئے یہ بڑی سخت بات ہے کہ سارے حالات و مصائب صرف تجھ ہی پر گزرتے رہیں

هَلْ مِنْ مُعِيْنٍ فَاُطِيْلَ مَعَهُ الْعَوِيْلَ وَالْبُكَآءَ

هَلْ مِنْ جَزُوْعٍ فَاُسَاعِدَ جَزَعَهُ اِذَا خَلا

هَلْ قَذِيَتْ عَيْنٌ فَسَاعَدَتْهَا عَيْنِيْ عَلَى الْقَذٰى

هَلْ اِلَيْكَ يَابْنَ اَحْمَدَ سَبِيْلٌ فَتُلْقٰى

هَلْ يَتَّصِلُ يَوْمُنَا مِنْكَ بِغَدِهٖ فَنَحْظٰى

مَتٰى نَرِدُ مَنَاهِلَكَ الرَّوِيَّةَ فَنَرْوٰى مَتٰى نَنْتَقِعُ مِنْ عَذْبِ مَآئِكَ

فَقَدْ طَالَ الصَّدٰى مَتٰى نُغَادِيْكَ وَنُرَاوِحُكَ فَنُقِرَّعَيْناً مَتٰى تَرَانَا

وَنَرَاكَ وَقَدْ نَشَرْتَ لِوَآءَ النَّصْرِتُرٰى اَتَرَانَانَحُفُّ بِكَ

وَاَنْتَ تَأُمُّ الْمَلَاءَ وَقَدْ مَلَأْتَ الْاَرْضَ عَدْلًا

وَاَذَقْتَ اَعْدَآئَكَ هَوَاناً وَعِقَاباً وَاَبَرْتَ الْعُتَاةَ

وَجَحَدَةَ الْحَقِّ وَقَطَعْتَ دَابِرَالْمُتَكَبِّرِيْنَ

وَاجْتَثَثْتَ اُصُوْلَ الظَّالِمِيْنَ وَنَحْنُ نَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ كَشَّافُ الْكُرَبِ وَالْبَلْوٰى وَاِلَيْكَ اَسْتَعْدِيْ فَعِنْدَكَ الْعَدْوٰى

وَاَنْتَ رَبُّ الْاٰخِرَةِ وَالدُّنْيَا فَاَغِثْ يَاغِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

عُبَيْدَكَ الْمُبْتَلٰى وَاَرِهٖ سَيِّدَهٗ يَاشَدِيْدَ الْقُوٰى وَاَزِلْ عَنْهُ بِهِ الْاَسٰى

وَالْجَوٰى وَبَرِّدْ غَلِيْلَهٗ يَامَنْ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى

وَمَنْ اِلَيْهِ الرُّجْعٰى وَالْمُنْتَهٰى

کیا کوئی میرا مددگار ہے جس کے ساتھ مل کر گریہ وزاری کروں

کیا کوئی فریادی ہے جس کی تنہائی میں اس کی مساعدت کروں

کیا کوئی اور آنکھ ہے جس میں خس وخاشاک ہوں تو میں اس کا بے چینی میں ساتھ دے سکوں

کیا فرزند رسول کیا کوئی راستہ ہے جو تیری منزل تک پہنچا سکے اور

کیا ہمارا آج کا دن اپنے کل سے متصل ہوگا کہ ہم اس سے استفادہ کر سکیں

آخر ہم کب آپ کے سیراب کرنے والے چشموں پر وارد ہوں گے اور کب شیریں سے

سیراب ہوں گے کہ اب پیاس کا عرصہ بہت طویل ہو گیا ہے

آخر کب ہماری صبح وشام آپ کی خدمت میں ہوگی کہ ہم اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا کر سکیں

کب آپ ہمیں اور ہم آپ کو دیکھیں گے کہ آپ نصرت الٰہی کے پرچم کو لہرا رہے ہیں

کب آپ دیکھیں گے کہ ہم آپ کے گرد حاضر ہیں اور آپ قوم کی قیادت کر رہے ہوں

اور زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیا ہو اور دشمنوں کو ذلت اور عذاب کا مزہ چکھا دیا ہو

اور سرکشوں اور حق کے منکروں کو ہلاک کر دیا ہو اور مغروروں کے سلسلہ کو قطع کر دیا ہو

اور ظالموں کی جڑوں کو اکھاڑ دیا ہو اور ہم کہہ رہے ہوں کہ ساری تعریف اللہ کے لئے ہے

جو رب العالمین ہے خدایا تو رنج وغم اور بلاؤں کو دور کرنے والا ہے اور تجھ سے فریاد کرتے ہیں کہ

تیرے پاس مدد کا سارا سامان ہے اور تو آخرت اور دنیا دونوں کا مالک ہے

تو اے فریاد کرنے والوں کی فریاد رسی کرنے والے اپنے مصیبت زدہ بندے کی مدد کر

اور اے مستحکم طاقت والے اسے اس کے مولیٰ کی زیارت کرا دے اور اس کے رنج وغم

اور درد و تکلیف کو زائل کر دے اور اس کی تشنگی کو رفع کر دے

اے وہ خدا جو عرش کا حاکم ہے اور جس کی طرف سب کی بازگشت اور انتہا ہے

اَللّٰهُمَّ وَنَحْنُ عَبِيْدُكَ التَّآئِقُوْنَ اِلٰى وَلِيِّكَ الْمُذَكِّرِ بِكَ

وَبِنَبِيِّكَ خَلَقْتَهُ لَنَا عِصْمَةً وَمَلَاذاً

وَاَقَمْتَهُ لَنَا قِوَاماً وَمَعَاذاً

وَجَعَلْتَهُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ مِنَّا اِمَاماً فَبَلِّغْهُ مِنَّا تَحِيَّةً وَّسَلَاماً

وَّزِدْنَا بِذَالِكَ يَارَبِّ اِكْرَاماً

وَّاجْعَلْ مُسْتَقَرَّهُ لَنَا مُسْتَقَرّاً وَّمُقَاماً

وَاَتْمِمْ نِعْمَتَكَ بِتَقْدِيْمِكَ اِيَّاهُ اَمَا مَنَا حَتّٰى تُوْرِدَنَا جِنَانَكَ

وَمُرَافَقَةَ الشُّهَدَآءِ مِنْ خُلَصَآئِكَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ جَدِّهٖ

وَرَسُوْلِكَ السَّيِّدِ الْاَكْبَرِ وَعَلٰى اَبِيْهِ السَّيِّدِ الْاَصْغَرِ

وَجَدَّتِهِ الصِّدِّيْقَةِ الْكُبْرٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰى مَنِ اصْطَفَيْتَ مِنْ آبَائِهِ الْبَرَرَةِ

وَعَلَيْهِ اَفْضَلَ وَاَكْمَلَ وَاَتَمَّ وَاَدْوَمَ وَاَكْثَرَوَاَوْفَرَ

مَاصَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ اَصْفِيَآئِكَ

وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلَيْهِ صَلٰوةً لَاغَايَةَ لِعَدَدِهَا

وَلَانِهَايَةَ لِمَدَدِهَا وَلَانِفَادَ لِاَمَدِهَا

اَللّٰهُمَّ وَاَقِمْ بِهِ الْحَقَّ وَاَدْحِضْ بِهِ الْبَاطِلَ

وَاَدِلْ بِهٖ اَوْلِيَآئَكَ وَاَذْلِلْ بِهٖ اَعْدَآئَكَ

وَصِلِ اللّٰهُمَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ وُصْلَةً تُؤَدِّيْ اِلٰى مُرَافَقَةِ سَلَفِهٖ

خدایا ہم تیرے بندے ہیں تیرے دلی کی زیارت کے مشتاق جو تجھے

اور تیرے نبی کو یاد دلانے والا ہے اور جس کو تو نے ہمارے لئے پناہ گاہ اور سہارا بتایا ہے

اور ہمارے لئے قیام کا ذریعہ اور پناہ کا سہارا بنا کر قائم کیا

اور ہم میں کے صاحبان ایمان کے لئے امام بنایا تو اب ہماری طرف سے تحیت اور سلام پہنچا دے

اور اس طرح ہمارے اعزاز میں اضافہ فرما اور ان کے مرکز کو ہمارا مرکز اور ہماری منزل قرار دے

اور اپنی نعمت کو اس طرح مکمل کر دے کہ انہیں ہمارے سامنے منظر عام پر لے آ یہاں تک کہ

ہمیں اپنی جنت میں وارد کر دے اور اپنے مخلص شہیدوں کو رفاقت نصیب کر

خدایا محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر اور صلوات نازل فرما حضرت محمدؐ پر جو ان کے جد

اور تیرے رسولؐ سردار اکبر ہیں اور ان کے باپ پر جو سردار اصغر ہیں

اور ان کی جد ماجدہ جو صدیقہ کبریٰ فاطمہؑ بنت محمدؐ ہیں

اور جن کو بھی تو نے ان کے نیک کردار آباء و اجداد میں منتخب قرار دیا ہے۔

اور خود ان پر بھی بہترین مکمل ترین تام وتمام دائم و قائم اور کثیر و وافر صلوات

جو تو نے کسی منتخب مختار اور چنے ہوئے بندے پر نازل کی ہے اور ان پر وہ رحمت نازل کر

جس کے عدد کی حد نہیں ہے اور جس کی مدت کی انتہا نہیں ہے اور جس کی وسعت کا خاتمہ نہیں ہے

خدایا ان کے ذریعہ حق کو قائم کر اور باطل کو فنا کر دے

اپنے دوستوں کو بلندی عطا فرما اور اپنے دشمنوں کو ذلیل و رسوا کر

اور ہمارے اور ان کے درمیان اس طرح کا رابطہ قائم کر دے کہ اس کے نتیجہ میں

ہمیں ان کے بزرگوں کی رفاقت حاصل ہو

وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ يَاْخُذُ بِحُجْزَتِهِمْ وَيَمْكُثُ فِىْ ظِلِّهِمْ

وَاَعِنَّا عَلٰى تَادِيَةِ حُقُوْقِهٖ اِلَيْهِ وَالْاِجْتِهَادِ فِىْ طَاعَتِهٖ

وَاجْتِنَابِ مَعْصِيَتِهٖ وَامْنُنْ عَلَيْنَا بِرِضَاهُ

وَهَبْ لَنَا رَأْفَتَهٗ وَرَحْمَتَهٗ وَدُعَآئَهٗ وَخَيْرَهٗ

مَانَنَالُ بِهٖ سَعَةً مِن رَّحْمَتِكَ وَفَوْزاً عِنْدَكَ

وَاجْعَلْ صَلٰوتَنَا بِهٖ مَقْبُوْلَةً وَذُنُوْبَنَا بِهٖ مَغْفُوْرَةً

وَدُعَائَنَا بِهٖ مُسْتَجَاباً وَاجْعَلْ اَرْزَاقَنَا بِهٖ مَبْسُوْطَةً

وَهُمُوْمَنَا بِهٖ مَكْفِيَّةً وَحَوَائِجَنَابِهٖ مَقْضِيَّةً

وَاَقْبِلْ اِلَيْنَا بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَاقْبَلْ تَقَرُّبَنَا اِلَيْكَ

وَانْظُرْ اِلَيْنَا نَظْرَةً رَحِيْمَةً نَسْتَكْمِلُ بِهَا الْكَرَامَةَ عِنْدَكَ

ثُمَّ لَاتَصْرِفْهَا عَنَّا بِجُوْدِكَ

وَاسْقِنَا مِنْ حَوْضِ جَدِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

بِكَأْسِهٖ وَبِيَدِهٖ رَيًّا رَوِيًّا هَنِيْئًا سَآئِغاً لَاظَمَاً بَعْدَهٗ

يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو ان کے دامن سے وابستہ ہوں اور
ان کے سیاہ میں پناہ لے سکیں
اور ہماری مدد کر کہ ہم ان کے حقوق کو ادا کر سکیں اور ان کی اطاعت کی کوشش کریں
اور ان کی نافرمانی سے پرہیز کریں اور ہم پر یہ احسان کر کہ ان کی رضا حاصل ہو جائے اور ہمیں
ان کی مہربانی اور رحمت اور دعا اور خیر عطا فرما کہ جس سے ہم تیری وسیع رحمتوں کو حاصل کر سکیں
اور تیرے نزدیک کامیاب ہو سکیں
اور ہماری نماز کو ان کے ذریعہ مقبول بنا دے اور ہمارے گناہوں کو بخش دے
اور ہماری دعا کو مستجاب قرار دے اور ہمارے رزق کو وسعت عطا فرما
اور ہمارے رنج و غم میں ہماری کفایت فرما اور ہماری حاجتوں کو پوری فرما
اور ہماری طرف اپنے صاحب کرم چہرے سے توجہ فرما اور ہمارے تقرب کو قبول فرما
اور ہماری طرف ایسی نظر کرم فرما جس کے ذریعہ ہم تیری بارگاہ میں عزت کی تکمیل کر سکیں
اور اس کے بعد اپنے جود و کرم کے رخ کو ہماری طرف سے نہ موڑنا
اور ہمیں ان کے جد کے جام کوثر اور ان کے دست کرم سے مکمل طور پر سیراب فرما
جس کے بعد پھر تشنگی نہ پیدا ہو

اے سب سے زیادہ رحم و کرم کرنے والے

دعائے یستشیر

سیدابن طاؤس اپنی کتاب "مہج الدعوات" میں جناب امیرالمومنین علیہ السلام کی سند سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یہ دعا تعلیم فرمائی تھی اور آنحضرت کا ارشاد تھا کہ ہر اچھے برے وقت میں اسے پڑھتا رہوں اور آپ کی یہ تاکید تھی کہ میں اپنے جانشینوں کو بھی اس کی تعلیم دوں اور زندگی بھر اس کا ورد کروں۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ اے علیؑ تم صبح وشام اس دعاء کو پڑھتے رہنا کیونکہ یہ عرش خداوندی کے خزانوں میں سے ایک گنج گراں مایہ ہے۔

ابی ابن کعب نے سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس دعاء کے مزید فضائل بیان کرنے کی درخواست کی۔حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس دعاء کی تمام خوبیاں ظاہر کرنے کے لئے لفظوں کا ذخیرہ ناکافی ہے البتہ اس کی بعض فضیلتیں یہ ہیں کہ جوں ہی کوئی شخص یہ دعا پڑھنا شروع کرتا ہے تو رحمت خداوندی اسے گھیر لیتی ہے۔خداوند عالم دعاء پڑھنے والے کو سکون کی نعمت عطا فرماتا ہے،اس کی آواز عرش تک پہنچتی ہے اور برکتیں اس کا مقدر بن جاتی ہیں۔جو شخص اس دعا کو تین مرتبہ پڑھے گا اس کو دنیا وآخرت کی ہر مراد ملے گی۔عذاب قبر سے نجات حاصل ہوگی۔قیامت کے دن اس کے درجے بلند ہوں گے۔اور بہشت میں اسے اس کی خواہش کے مطابق جگہ نصیب ہوگی۔

یہ سب سن کر جناب سلمان فارسی نے حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے کچھ فضائل ظاہر کرنے کی استدعا کی تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ سلمان! قسم اس معبود کی جس نے مجھے نبوت عطا کی۔ اگر یہ دعا کسی دیوانے پر پڑھی جائے تو اس کا جنوں رفع ہو جائے گا۔ وضع حمل کے وقت کسی عورت پر پڑھی جائے تو بچے کی پیدائش میں آسانی ہوگی۔

اگر کوئی بندہ مومن اسے چالیس شب جمعہ پڑھتا رہے تو اس کے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ وہ شخص غم دوراں سے چھٹکارا پائے گا۔ اور اسے باطنی امراض سے نجات حاصل ہوگی۔ اے سلمان! جو شخص خلوص دل سے یہ دعا پڑھ کر سو جائے تو خداوند عالم ہزاروں فرشتے بھیجے گا جو اس کے لئے استغفار کریں گے۔ اور حضورؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ اے سلمان! اگر اس دعا کے پڑھنے کے بعد کوئی اللہ کو پیارا ہو جائے تو اسے بارگاہ رب العزت میں شہیدوں کا رتبہ حاصل ہوگا۔

دعائے یستشیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

الْمُدَبِّرُ بِلَاوَزِیْرٍ وَلَا خَلْقٍ مِنْ عِبَادِہٖ یَسْتَشِیْرُ اَلْاَوَّلُ غَیْرُ مَوْصُوْفٍ

وَالْبَاقِیُّ بَعْدَ فَنَاءِ الْخَلْقِ الْعَظِیْمُ الرُّبُوْبِیَّۃِ نُوْرُالسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْن

وَفَاطِرُھُمَا وَمُبْتَدِءُ ھُمَا بِغَیْرِ عَمَدٍخَلَقَھُمَا

وَفَتَقَھُمَا فَتْقًا فَقَامَتِ السَّمٰوٰتُ طَائِعَاتٍ بِاَمْرِہٖ

وَاسْتَقَرَّتِ الْاَرْضُوْنَ بِاَوْتَادِھَا فَوْقَ الْمَاءِ

ثُمَّ عَلَا رَبُّنَا فِی السَّمٰوٰتِ الْعُلٰی الرَّحْمٰنُ عَلٰی الْعَرْشِ اسْتَوٰی لَہٗ

مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی

فَاَنَا اَشْھَدُ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللہُ لَا رَافِعَ لِمَا وَضَعْتَ

وَلَا وَاضِعَ لِمَا رَفَعْتَ وَلَا مُعِزَّ لِمَنْ اَذْلَلْتَ

وَلَا مُذِلَّ لِمَنْ اَعْزَزْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ

وَلَامُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

وَاَنْتَ اللہُ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

ہر تعریف صرف اس اللہ کے لئے ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جس کی بادشاہی حقیقی
اور ظاہر اور واضح ہے جو کسی مددگار کے بغیر تمام امور کی خود ہی تدبیر کرتا ہے
اور اپنے کسی بندے سے رائے کا محتاج نہیں، وہی اول ہے اور توصیف کی حدود سے بالاتر ہے
اور تمام خلق کی فنا کے بعد باقی رہنے والا ہے اس کی پروردگاری برتر (بے مثال) ہے۔
وہ آسمانوں اور زمینوں کا اجالا ہے اور ان دونوں کا پیدا کرنے والا ہے۔
اور دونوں کو اپنی قدرت سے بلا ستون بنایا زمین، آسمان کو اس نے پیدا کیا اور دونوں کو اپنے
فائدے ظاہر کرنے کی لاجواب صلاحیت دی۔
آسمان اس کی فرمانبرداری کے ساتھ اپنی حدوں میں قائم ہوئے
اور زمین اپنے پہاڑوں کے توازن سے پانی پر قرار پذیر ہوئی
پھر ہمارے پروردگار نے اونچے آسمانوں کو حسن انتظام سے سرفراز کیا،
تمام کائنات کا انتظام اس کے قبضہ قدرت میں ہے۔
زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اسی کے لئے ہے
اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسی کا ہے اور جو کچھ زمین کے نیچے ہے اسی کا ہے،
ہم گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً اللہ تو ہی ہے جس کو تو پست کرے کوئی اس کو بلند نہیں کر سکتا
اور جس کو تو بلند کرے اس کو کوئی پست نہیں کر سکتا،
جس کو تو ذلیل کرے اس کو کوئی عزت دے نہیں سکتا۔
جس کو تو عزت عطا کرے اس کو کوئی ذلیل نہیں کر سکتا۔
جس کو تو دے کوئی روک نہیں سکتا اور جس کو تو محروم رکھے اس کو کوئی بھی کچھ نہیں دے سکتا
تو ہمارا مقصود ہے تیرے سوا کوئی معبود ہے ہی نہیں

كُنْتَ اِذْلَمْ تَكُنْ سَمَاءٌ مَّبْنِيَّةٌ وَلَا اَرْضٌ مَدْحِيَّةٌ

وَلَا شَمْسٌ مُضِيْئَةٌ وَلَا لَيْلٌ مُظْلِمٌ وَلَانَهَارٌ مُضِيْئٌ وَلَا بَحْرٌ لُجِّيٌّ

وَلَا جَبَلٌ رَاسٍ وَلَا نَجْمٌ سَارٍ وَلَا قَمَرٌ مُنِيْرٌ

وَلَا رِيْحٌ تَهُبُّ وَلَاسَحَابٌ يَسْكُبُ وَلَا بَرْقٌ يَلْمَعُ وَلَا رَعْدٌ يُسَبِّحُ

وَلَا رُوْحٌ تَنَفَّسُ وَلَا طَائِرٌ يَطِيْرُ وَلَا نَارٌ تَتَوَقَّدُ وَلَامَاءٌ يَطَّرِدُ

كُنْتَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَكَوَّنْتَ كُلَّ شَيْءٍ وَقَدَرْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

وَابْتَدَعْتَ كُلَّ شَيْءٍ وَاَغْنَيْتَ وَاَفْقَرْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ

وَاَضْحَكْتَ وَاَبْكَيْتَ وَعَلٰى الْعَرْشِ اسْتَوَيْتَ

فَتَبَارَكْتَ يَا اَللّٰهُ وَتَعَالَيْتَ

اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآاِلٰهَ اِلَّآاَنْتَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ

اَمْرُكَ غَالِبٌ وَعِلْمُكَ نَافِذٌ وَكَيْدُكَ غَرِيْبٌ وَوَعْدُكَ صَادِقٌ

وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَحُكْمُكَ عَدْلٌ

وَكَلَامُكَ هُدًى وَوَحْيُكَ نُوْرٌ وَرَحْمَتُكَ وَاسِعَةٌ وَعَفْوُكَ عَظِيْمٌ

وَفَضْلُكَ كَثِيْرٌ وَعَطَاؤُكَ جَزِيْلٌ وَحَبْلُكَ مَتِيْنٌ

وَاِمْكَانُكَ عَتِيْدٌ وَجَارُكَ عَزِيْزٌ

وَبَاسُكَ شَدِيْدٌ وَمَكْرُكَ مَكِيْدٌ

اَنْتَ يَارَبِّ مَوْضِعُ كُلِّ شَكْوٰى

وَحَاضِرُ كُلِّ مَلَاءٍ وَشَاهِدُ كُلِّ نَجْوٰى مُنْتَهٰى كُلِّ حَاجَةٍ

مُفَرِّجُ كُلِّ حَزِيْنٍ غِنٰى كُلِّ مِسْكِيْنٍ

تو تھا اس وقت جب مضبوط آسمان نہ تھے اور بچھی ہوئی زمین نہ تھی

اور روشنی بکھیرنے والا سورج نہ تھا، اندھیری رات نہ تھی، اجالا دن نہ تھا، گہرا سمندر نہ تھا،

زمین میں پیوست پہاڑ نہ تھے، رواں دواں تارے نہ تھے اور نہ روشنی دینے والا چاند تھا،

چلنے والی ہوا نہ تھی، باراں والے بادل، چمکنے والی بجلی نہ تھی، اس وقت رعد کی تسبیح تھی

نہ سانس لینے والا جاندار، نہ کوئی اڑنے والا پرندہ، نہ بھڑکتی آگ، نہ بہتا پانی تھا،

تو ہر چیز سے پہلے تھا ہر چیز تو نے بنائی، ہر چیز پر تیری قدرت تھی، ہر شئے تو نے از خود بنائی،

تو ہی تونگری دیتا ہے تو ہی محتاج کرتا ہے، تو ہی مارتا ہے تو ہی جلاتا ہے،

تو ہی ہنساتا ہے اور تو ہی رلاتا ہے عرش پر تو ہی قابض ہے،

اے اللہ تو ہی صاحب برکت ہے، تو ہی بلندی والا ہے، تو ہی ایسا اللہ ہے کہ

تیرے سوا کوئی معبود ہے ہی نہیں تو ہی ہر ایک کو پیدا کرنے والا اور دانائی دینے والا ہے

تیرا حکم غالب ہے، تیرا علم مکمل و نافذ ہے، تیری تدبیر عجیب و غریب ہے، تیرا وعدہ سچا ہے،

تیری بات بالکل ٹھیک ٹھیک ہوتی ہے، تیرا حکم (فیصلہ) انصاف پر مبنی ہوتا ہے،

تیرا کلام ہدایت ہے تیری وحی نور ہے تیری رحمت بے پایاں ہے تیری درگذر بہت بڑی ہے

تیرا فضل بڑا دامن دار ہے تیری عطا گراں قدر ہے تیری رسی (وسیلہ) مستحکم و مضبوط ہے

تیری چاہت فوراً جا معہ وجود پہنتی ہے تیری پناہ میں آجانے والا آبرومند ہے

تیرا انتقام سخت ہے تیری تدبیر اٹل ہے

اے پروردگار تو ہی ہر شکایت کی جگہ ہے (عرض حال کا ٹھکانہ ہے)

تو انجمن میں موجود ہے اور ہر سرگوشی کا نگراں ہے ہر حاجت کی انتہا تو ہی ہے

ہر رنجیدہ کے دکھ دور کرنے والا ہر بے مایہ کی دولت تو ہی ہے

حِصْنُ كُلِّ هَارِبٍ اَمَانُ كُلِّ خَائِفٍ

حِرْزُ الضُّعَفَاءِ كَنْزُ الْفُقَرَاءِ مُفَرِّجُ الْغَمَّاءِ

مُعِيْنُ الصَّالِحِيْنَ ذَالِكَ اللهُ رَبُّنَا لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

تَكْفِىْ مِنْ عِبَادِكَ مَنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ

وَاَنْتَ جَارُ مَنْ لَاذَبِكَ وَتَضَرَّعَ اِلَيْكَ

عِصْمَةُ مَنِ اعْتَصَمَ بِكَ مِنْ عِبَادِكَ

نَاصِرُ مَنِ انْتَصَرَ بِكَ

تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنِ اسْتَغْفَرَكَ

جَبَّارُ الْجَبَابِرَةِ عَظِيْمُ الْعُظَمَاءِ كَبِيْرُ الْكُبَرَاءِ

سَيِّدُ السَّادَاتِ مَوْلَى الْمَوَالِىْ صَرِيْخُ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ

مُنَفِّسٌ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ

مُجِيْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ اَسْمَعُ السَّامِعِيْنَ

اَبْصَرُ النَّاظِرِيْنَ اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ

اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ قَاضِىْ حَوَائِجَ الْمُؤْمِنِيْنَ

مُغِيْثُ الصَّالِحِيْنَ اَنْتَ اللهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ

اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ وَاَنْتَ الْمَالِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ

وَاَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ وَاَنْتَ الرَّازِقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ

وَاَنْتَ الْمُعْطِىْ وَاَنَا السَّائِلُ

جوتیری طرف بھاگ آئے اس کا قلعہ ہے ہر خوف زدہ کی امان

اور ہرناتواں کا بچاؤ ہر فقیر کا خزانہ ہے تمام دھندلکوں کا چھانٹنے والا ہے

اور نیک کاروں کا مددگار تو ہی ہے یہ اللہ ہمارا پروردگار ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

تیرے بندوں میں سے جو بھی تجھ پر بھروسہ کرے تو اس کے لئے کافی ہے

جو تیری طرف آئے اور تیری بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنا رونا روئے تو اس کی پناہ گاہ ہے

جس نے تیری حفاظت چاہی تو اس کا محافظ ہے

تیرے جس بندے نے تجھ سے مدد مانگی تو نے اس کی نصرت فرمائی

جو تجھ سے اپنے گناہ کی معافی چاہتا ہے تو اس کو معاف فرما دیتا ہے

گردن کشوں کا سر جھکانے والا تمام عظمت والوں سے عظیم تر ہر بڑے سے بڑا

سرداروں کا سردار آقاؤں کا آقا فریاد کنندگان کا فریاد رس دکھی لوگوں کا دکھ مٹانے والا

پریشان بے قرار لوگوں کی دعاء قبول کرنے والا تمام سننے والوں سے زیادہ سننے والا

تمام دیکھنے والوں سے زیادہ دیکھنے والا تمام فیصلہ کرنے والوں سے بہتر فیصلہ کرنے والا

تمام حساب کرنے والوں سے جلد تر حساب کرنے والا تمام مہربانوں سے زیادہ مہربانی کرنے والا

تمام معافی دینے والوں سے برتر و بہتر ایمان والوں کی حاجتیں پوری کرنے والا

نیکوں کی فریاد کو پہنچنے والا اللہ تو ہی ہے تیرے سوا کوئی معبود ہے ہی نہیں تمام عالموں کا پروردگار ہے

تو (میرا) پیدا کرنے والا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں تو مالک ہے میں تیرا مالی ہے

تو پروردگار ہے میں بندہ تو روزی دینے والا اور میں مرزوق

اور تو عطا کرنے والا اور میں تیرا بھکاری

وَاَنْتَ الْجَوَّادُ وَاَنَا الْبَخِيْلُ

وَاَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ

وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ

وَاَنْتَ الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ وَاَنْتَ السَّيِّدُ وَاَنَا الْعَبْدُ

وَاَنْتَ الْغَافِرُ وَاَنَا الْمُسِيْءُ وَاَنْتَ الْعَالِمُ وَاَنَا الْجَاهِلُ

وَاَنْتَ الْحَلِيْمُ وَاَنَا الْعَجُوْلُ وَاَنْتَ الرَّحْمٰنُ وَاَنَا الْمَرْحُوْمُ

وَاَنْتَ الْمُعَافِيْ وَاَنَا الْمُبْتَلٰى وَاَنْتَ الْمُجِيْبُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ

وَاَنَا اَشْهَدُ بِاَنَّكَ

اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمُعْطِيْ عِبَادِكَ بِلَاسُؤَالٍ

وَاَشْهَدُ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْفَرْدُ

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

وَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَاسْتُرْ عَلَيَّ عُيُوْبِيْ

وَافْتَحْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّرِزْقاً وَاسِعاً

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

وَالْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ—

اورتو سخی اور میں کنجوس اور تو طاقت ور اور میں کمزور

اورتو عزت والا اور میں ذلیل و بے حقیقت

اورتو بے نیاز ہے اور میں محتاج وفقیر اور تو سردار و مالک ہے اور میں تیرا بندہ

اورتو بخشنے والا ہے اور میں بد اعمال اور تو عالم ہے اور میں جاہل و ناداں

تو بردبار ہے اور میں جلد باز اور تو بڑا مہربان اور میں رحمت کا محتاج

اورتو صحت دینے والا اور میں بلا میں گھرا ہوا بیمار اور تو دعاؤں کا قبول کرنے والا اور میں بے قرار

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ اللہ تو ہی ہے تیرے سوا کوئی معبود ہے ہی نہیں

تو اپنے بندوں کو بغیر مانگے عطا کرتا ہے

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً تو یکتا اور یگانہ اللہ ہے

اور تیری ہی طرف سب کی بازگشت ہے

اللہ اپنی رحمت کا ملہ نازل فرما محمدؐ اور اس کے پاک و پاکیزہ اہلبیت پر

اور میرے گناہ بخش دے اور میرے عیبوں کو چھپا رکھ

اور مجھ پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور بافراغت رزق کے در کو مجھ پر کھول دے

اے تمام مہربانی کرنے والوں سے زیادہ مہربان،

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا مالک ہے

اور ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے وہی بہتر کارساز ہے

کوئی طاقت وقوت نہیں ہے مگر بلند و بزرگ تر اللہ کی توفیق و تائید سے۔

آٹھ آیتوں کا عمل

سورہ حج میں آٹھ ایسی آیتیں ہیں جو خاص ہیں، اور بہشت کے دروازے بھی آٹھ ہیں اوران آٹھ آیتوں کو ورد کرنے سے انشاء اللہ بہشت کے آٹھ دروازے اس کے لئے کھل جائیں گے ان آیتوں کے کلمے کے عدد ایک لاکھ چوبیں ہزار ہوتے ہیں تو اس سے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ ہر ایک نبی کا ایک کلمہ ہے جیسا کہ قرآن شریف میں حضرت عیسیٰؑ کو خدا نے کلمہ فرمایا ہے جو کوئی ان آیتوں کو پڑھے گا تو اس کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی ارواح کی طرف سے فیض پہنچے گا۔ان آیتوں میں اسمائے حسنہ چالیس ہیں اور وہ اسم ذات اور اہم صفات ہیں، اسی سبب سے ان آیتوں کے پڑھنے والے کے لئے ہر ایک اسم سے اس کے لئے یہ پردہ اور حجاب دور ہو جائے گا۔اس کے علاوہ ہر آیت کے متبرک اسم پر ختم ہوتی ہے یعنی ہر ایک آیت کا آخری کلمہ خدا خدا کا متبرک اسم ہے اور آخری آٹھویں آیت خدا کے دو اسم رؤف اور رحیم پہ ختم ہوتی ہے۔اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ ہر ایک کا انجام خدا کی مہربانی اور لطف کے ساتھ ہوتا ہے۔

ابن عباس سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے ہر طریقے سے سارے قرآن شریف کا مطالعہ کیا لیکن ان آٹھ آیتوں سے کوئی دوسری آیت بزرگ تر نہیں دیکھی اور میں نے ان آیتوں کی تفصیلات کے بارے میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ آٹھ آیتیں خدا کے خزانوں میں سے آٹھ خزانے ہیں اور خدا کے بے شمار بھیدوں میں سے آٹھ بھید ہیں اور یہ آیتیں اسم اعظم سے خالی نہیں ہیں۔اس لئے جو کوئی ان آٹھ آیتوں کو پڑھا کرے گا تو جناتوں کے طوفان سے اور شیطانوں کے شر سے محفوظ رہے گا

اوراس کے لئے ظاہراورباطن کے روزی کے دروازے کھل جائیں گےاورہرگز ہرگز اس کو دنیا کا کوئی غم اوررنج نہ ہونے پائے گااور نہ اسے کوئی تکلیف پہنچنے پائے گی اورزمانہ کے بادشاہ اوردین کے بزرگ اس کے مددگار رہیں گے جس کام کی طرف وہ دل لگائے گااس کے لئے کوشش کرےگاوہ کام اس کی مرضی کے مطابق پوراہوگا دشمنوں اورحسد کرنے والوں کی بدی سے محفوظ رہے گا۔ جنات بھی انسان کی مرضی کے مطابق چلیں گےاوروہ خدا کی پناہ میں رہےگااورسفر کےتمام خطرات سے محفوظ رہے گا۔

آٹھ آیتوں کے پڑھنے کاطریقہ

پہلے ''یااللہ'' گیارہ مرتبہ پڑھے پھر یہ دعاپڑھے:

يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ
يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا عَلِيُّ يَا كَبِيْرُ يَا لَطِيْفُ
يَا خَبِيْرُ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا رَؤُفُ يَا رَحِيْمُ
اِفْتَحْ لِي بَابَ رَحْمَتِكَ وَاجْعَلْ لِي مِنْ اَمْرِيْ فَرَجاً وَمَخْرَجاً بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍوَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

اے روزی دینے والا بہتر، اے دانا، اے بردبار، اے معاف کرنے والے، اے بخشنے والے،
اے سننے والے، اے دیکھنے والے، اے بلند، اے قدرت والے، اے لطیف،
اے خبر رکھنے والے، اے بے نیاز، اے تعریف کے لائق، اے مہربان، اے رحیم،
میرے لئے کھولدے اپنی رحمت کے دروازے کومیرے لئے میرے معاملے میں نکلنے کا راستہ پیدا کراورشادگی عطا کر، اپنی رحمت کے صدقے میں،
اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربانی کرنے والے، اے اللہ اپنی رحمت کا ملنازل کر (محمدؐ) اوران کی تمام پاکیزہ آل پر۔

پھر پندرہ مرتبہ یا اللہ کہے:

اس کے بعد یہ آٹھ آیتیں مندرجہ ذیل پڑھیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(١) وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوا اَوْمَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقاً حَسَناً وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

(٢) لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُدْخَلاً يَرْضَوْنَهُ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ

(٣)ذَالِكَ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَاعُوْقِبَ بِهِ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّغَفُوْرٌ

(٤)ذَالِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ

(٥) ذَالِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَالْحَقُّ وَاَنَّ مَايَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ هُوَالْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَالْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ

(٦) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ

(٧)لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَالْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ

(٨) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَلَكُمْ مَافِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهِ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهِ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُفٌ رَّحِيْمٌ—

ترجمہ :

(۱) اور جن لوگوں نے خدا کی راہ میں اپنے وطن چھوڑے پھر شہید کئے گئے یا (آپ اپنی موت) سے مر گئے خدا انہیں (آخرت میں) ضرور عمدہ روزی عطا فرمائے گا اور بے شک تمام روزی دینے والوں میں خدا ہی سب سے بہتر ہے

(۲) وہ ضرور انہیں ایسی جگہ، (بہشت میں) پہنچا دے گا جس سے وہ نہال ہو جائیں گے خدا تو بے شک بڑا واقف کار بردبار ہے

(۳) یہی (ٹھیک) ہے اور جو شخص (اپنے دشمن کو) اتنا ہی ستائے جتنا یہ اس کے ہاتھوں سے ستایا گیا تھا اس کے بعد پھر (دوبارہ دشمنوں کی طرف سے) اس پر زیادتی کی جائے تو خدا اس (مظلوم) کی ضرور مدد کرے گا بے شک خدا بڑا معاف کرنے والا بخشنے والا ہے

(۴) یہ (مدد) اس وجہ سے (دی جائے گی) کہ خدا (بڑا قادر ہے وہی تو) رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ خدا (سب کچھ) جانتا ہے

(۵) اور اس وجہ سے (بھی) کہ یقیناً خدا ہی برحق ہے اور اس کے سوا جن کو لوگ (وقت مصیبت) پکارا کرتے ہیں، سب کے سب باطل ہیں اور (یہ بھی) یقینی (ہے کہ) خدا ہی (سب سے) بلند و برتر بزرگ ہے

(۶) (ارے) کیا تو نے اتنا بھی نہیں دیکھا کہ خدا ہی آسمان سے پانی برساتا ہے تو زمین سرسبز (شاداب) ہو جاتی ہے بے شک خدا (بندوں کے حال پر) بڑا مہربان واقف کار ہے

(۷) جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض سب کچھ) اسی کا ہے اور اس میں تو شک ہی نہیں کہ خدا (سب سے) بے پروا (اور) سزاوار ہے

(۸) کیا تو نے اس پر نظر نہ ڈالی کہ جو کچھ روئے زمین میں ہے سب کو خدا ہی نے تمہارے قابو میں کر دیا ہے اور کشتی (بھی) جو اسی کے حکم سے دریا میں چلتی ہے اور وہی تو آسمان کو روکے ہوئے ہے کہ زمین پر نہ گر پڑے مگر (جب) اس کا حکم ہوگا (گر پڑے گا) اس میں شک نہیں کہ خدا لوگوں پر بڑا مہربان رحم والا ہے۔

دعائے عہد

امام جعفر صادق سے نقل ہوا ہے کہ جو شخص چالیس روز تک ہر صبح اس دعائے عہد کو پڑھے تو وہ امام (ع) کے مددگاروں میں سے ہوگا اور اگر وہ امام (ع) کے ظہور سے پہلے فوت ہو جائے تو خداوند کریم اسے قبر سے اٹھائیگا تا کہ وہ امام کے ہمراہ ہو جائے وہ دعائے عہد یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النُّورِالْعَظِیْمِ وَرَبَّ الْکُرْسِیِّ الرَّفِیْعِ

وَرَبَّ الْبَحْرِ الْمَسْجُورِ وَمُنْزِلَ التَّورٰةِ وَالْاِنْجِیلِ وَالزَّبُورِ

وَرَبَّ الظِّلِّ وَالْحَرُورِ وَمُنْزِلَ الْقُرْآنِ الْعَظِیْمِ

وَرَبَّ الْمَلآئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَالْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْکَرِیْمِ وَبِنُورِوَجْهِكَ الْمُنِیْرِ

وَمُلْكِكَ الْقَدِیْمِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ بِهِ السَّمٰوٰاتُ وَالْاَرَضُونَ

وَبِاسْمِكَ الَّذِیْ یَصْلَحُ بِهِ الْاَوَّلُونَ وَ الْآخِرُونَ

یَا حَیّاً قَبْلَ کُلِّ حَیٍّ وَ یَا حَیّاً بَعْدَ کُلِّ حَیٍّ وَ یَا حَیّاً حِیْنَ لَاحَیَّ

یَا مُحْیِیَ الْمَوتٰی وَ مُمِیْتَ الْاَحْیَاءِ یَا حَیُّ

لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اَللّٰھُمَّ بَلِّغْ مَوْلٰنَا الْاِمَامَ الْھَادِی الْمَھْدِیَّ الْقَآئِمَ بِاَمْرِكَ

صَلَوٰاتُ اللّٰهِ عَلَیهِ وَعَلٰی آبَائِهِ الطَّاهِرِیْنَ

اے معبود اے عظیم نور کے پروردگار اے بلند کرسی کے پروردگار اے موجیں مارتے سمندر کے پروردگار اور اے تورات، انجیل اور زبور کے نازل کرنے والے اور اے سایہ اور دھوپ کے پروردگار اے قرآن عظیم کے نازل کرنے والے اے مقرب فرشتوں، فرستادہ نبیوں اور رسولوں کے پروردگار اے معبود بے شک میں سوال کرتا ہوں تیری ذات کریم کے واسطے سے تیری روشن ذات کے نور کے واسطے سے اور تیری قدیم بادشاہی کے واسطے سے اے زندہ اے پائندہ تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے جس سے چمک رہے ہیں سارے آسمان اور ساری زمینیں تیرے نام کے ساسطے سے جس سے اولین و آخرین نے بھلائی پائی اے زندہ ہر زندہ سے پہلے اور اے زندہ ہر زندہ کے بعد اور اے زندہ جب کوئی زندہ نہ تھا اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے زندوں کو موت دینے والے اے وہ زندہ کہ تیرے سوائے کوئی معبود نہیں اے معبود ہمارے مولا امام ہادی مہدی (عج) کو جو تیرے حکم سے قائم ہیں ان پر اور ان کے پاک بزرگان پر خدا کی رحمتیں ہوں۔

عَنْ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِىْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا

سَهْلِهَا وَجَبَلِهَا وَبَرِّهَا وَبَحْرِهَا وَعَنِّى وَعَنْ وَالِدَىَّ مِنَ الصَّلَوَاتِ

زِنَةَ عَرْشِ اللّٰهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

وَمَا اَحْصَاهُ عِلْمُهٗ وَاَحَاطَ بِهٖ كِتَابُهٗ

اَللّٰهُمَّ اِنِّى اُجَدِّدُ لَهٗ فِى صَبِيْحَةِ يَومِى هٰذَا

وَمَا عِشْتُ مِنْ اَيَّامِى عَهْداً وَعَقْداً

وَبَيْعَةً لَهٗ فِىْ عُنُقِى لَا اَحُوْلُ عَنْهُ وَلَا اَزُوْلُ اَبَداً

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِى مِنْ اَنْصَارِهٖ وَاَعْوَانِهٖ وَالذَّآبِّيْنَ عَنْهُ

وَالْمُسَارِعِيْنَ اِلَيْهِ فِى قَضَآءِ حَوَائِجِهٖ

وَالْمُمْتَثِلِيْنَ لِاَوَامِرِهٖ وَالْمُحَامِيْنَ عَنْهُ

وَالسَّابِقِيْنَ اِلٰى اِرَادَتِهٖ وَالْمُسْتَشْهَدِيْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ

اَللّٰهُمَّ اِنْ حَالَ بَيْنِى وَبَيْنَهُ الْمَوْتُ الَّذِى جَعَلْتَهٗ عَلٰى عِبَادِكَ حَتْماً مَقْضِيّاً

فَاَخْرِجْنِىْ مِنْ قَبْرِىْ مُؤْتَزِراً كَفَنِى شَاهِراً سَيْفِى

مُجَرِّداً قَنَاتِى مُلَبِّياً دَعْوَةَ الدَّاعِىْ فِى الْحَاضِرِ وَالْبَادِىْ

اَللّٰهُمَّ اَرِنِى الطَّلْعَةَ الرَّشِيْدَةَ وَالغُرَّةَ الْحَمِيْدَةَ

وَاكْحُلْ نَاظِرِىْ بِنَظْرَةٍ مِنِّىْ اِلَيْهِ وَعَجِّلْ فَرَجَهٗ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهٗ

وَاَوْسِعْ مَنْهَجَهٗ وَاسْلُكْ بِى مَحَجَّتَهٗ

وَاَنْفِذْ اَمْرَهٗ وَاشْدُدْ اَزْرَهٗ وَاْمُرِ اللّٰهُمَّ بِهٖ بِلَادَكَ

وَاَحْيِ بِهٖ عِبَادَكَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ

اور تمام مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کی طرف سے جو زمین کے مشرقوں اور مغربوں میں ہیں میدانوں اور پہاڑوں اور خشکیوں اور سمندروں میں میری طرف سے میرے والدین کی طرف سے بہت درود پہنچا دے جو ہم وزن ہو عرش اور اسکے کلمات کی روشنائی کے اور جو چیزیں اس کے علم میں ہیں اور اس کی کتاب میں درج ہیں اے معبود میں تازہ کرتا ہوں ان کے لئے آج کے دن کی صبح کو اور جب تک زندہ ہوں باقی ہے یہ پیمان یہ بندھن اور ان کی بیعت جو میری گردن پر ہے نہ اس سے مکھڑوں گا نہ کبھی ترک کروں گا اے معبود مجھے ان کے مددگاروں ان کے ساتھیوں اور ان کا دفاع کرنے والوں میں قرار دے اور حاجت برآوری کے لئے ان کی طرف بڑھنے والوں، انکے احکام پر عمل کرنے والوں، انکی طرف سے دعوت دینے والوں، انکے ارادوں کو جلد پورے کرنے والوں اور انکے سامنے شہید ہونے والوں میں قرار دے

اے معبود اگر میرے اور میرے امام (ع) کے درمیان موت حائل ہو جائے جو تو نے اپنے بندوں کے لئے آمادہ کر رکھی ہے تو پھر مجھے قبر سے اس طرح نکالنا کہ کفن میرا لباس ہو میری تلوار بے نیام ہو میرا نیزہ بلند ہو داعی حق کی دعوت پر لبیک کہوں شہر اور گاؤں میں

اے معبود مجھے حضرت کا رخ زیبا آپ کی درخشاں پیشانی دکھا

ان کے دیدار کو میری آنکھوں کا سرمہ بنا ان کی کشائش میں جلدی فرما

ان کے ظہور کو آسان بنا ان کا راستہ وسیع کر دے اور مجھ کو ان کی راہ پر چلا

ان کا حکم جاری فرما ان کی قوت کو بڑھا

اور اے معبود ان کے ذریعے اپنے شہر آباد کر اور اپنے بندوں کو عزت کی زندگی دے کیونکہ تو نے فرمایا اور تیرا قول حق ہے

(ظَهَرَالْفَسَادُ فِیْ الْبَرِّوَالْبَحْرِ بِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْ النَّاسِ)

فَاَظْهِرِ اللّٰهُمَّ لَنَا وَلِیَّكَ وَبْنَ بِنْتِ نَبِیِّكَ

الْمُسَمّٰی بِاسْمِ رَسُولِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ حَتّٰی لَایَظْفَرَ بِشَیْءٍ

مِنَ الْبَاطِلِ اِلَّا مَزَّقَهُ

وَیُحِقَّ الْحَقَّ وَیُحَقِّقَهُ وَاجْعَلْهُ اللّٰهُمَّ مَفْزَعاً لِمَظْلُومِ عِبَادِكَ

وَنَاصِراً لِمَنْ لَا یَجِدُ لَهُ نَاصِراً غَیْرَكَ

وَمُجَدِّداً لِمَا عُطِّلَ مِنْ اَحْکَامِ کِتَابِكَ

وَمُشَیِّداً لِمَا وَرَدَ مِنْ اَعْلَامِ دِیْنِكَ

وَسُنَنِ نَبِیِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ

وَاجْعَلْهُ اللّٰهُمَّ مِمَّنْ حَصَّنْتَهُ مِنْ بَأسِ الْمُعْتَدِیْنَ

اَللّٰهُمَّ وَسُرَّ نَبِیَّكَ مُحَمَّداً صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهِ بِرُؤْیَتِهِ وَمَنْ تَبِعَهُ

عَلٰی دَعْوَتِهِ

وَارْحَمِ اسْتِکَانَتَنَا بَعْدَهُ

اَللّٰهُمَّ اکْشِفْ هٰذِهِ الْغُمَّةَ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بِحُضُوْرِهِ

وَعَجِّلْ لَنَا ظُهُوْرَهُ اِنَّهُمْ یَرَوْنَهُ بَعِیْداً وَنَرَاهُ قَرِیْباً

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

تین مرتبہ داہنے ہاتھ سے اپنے زانو پر ماریں اور ہر بار کہیں

اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ

کہ ظاہر ہوا فساد خشکی اور سمندر میں یہ نتیجہ ہے لوگوں کے غلط اعمال وافعال کا

پس اے معبود! ظہور کر ہمارے لئے اپنے ولی (ع) اور اپنے نبی (ص) کی دختر (س) کے فرزند کا جن کا نام تیرے رسول کے نام پر ہے یہاں تک کہ وہ باطل کا نام ونشان مٹا ڈالیں حق کو حق کہیں اور اسے قائم کریں

اے معبود قرار دے انکو اپنے مظلوم بندوں کے لئے جائے پناہ اور ان کے مددگار جن کا تیرے سوا کوئی مددگار نہیں بنا ان کو اپنی کتاب کے ان احکام کے زندہ کرنے والے جو بھلا دئے گئے ان کو اپنے دین کے خاص احکام اور اپنے نبی (ص) کے طریقوں کو رائج کرنے والے بنا

ان پر اور انکی آل (ع) پر خدا کی رحمت ہو اور اے معبود انہیں ان لوگوں میں رکھ جنکو تو نے ظالموں کے حملے سے بچایا

اے معبود خوشنود کر اپنے نبی محمد (ص) کو ان کے دیدار سے اور جنہوں نے ان کی دعوت میں انکا ساتھ دیا اور ان کے بعد ہماری حالت زار پر رحم فرما

اے معبود ان کے ظہور سے امت کی اس مشکل اور مصیبت کو دور کر دے اور ہمارے لئے جلد انکا ظہور فرما کہ لوگ انکو دور اور ہم انہیں نزدیک سمجھتے ہیں

تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

پھر تین بار دائیں ران پر ہاتھ مارے اور ہر بار کہے

جلد آیئے جلد آیئے اے میرے آقا اے زمانہ حاضر کے امام (ع)

باب پنجم
زیارات

زیارت وارثہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اَمِيْرِالْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيِّ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ عَلِيٍّ الْمُرْتَضٰى

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَاللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهِ وَالْوِتْرَالْمَوْتُوْرَ

اَشْهَدُاَنَّكَ قَدْاَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ آتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ

وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاَطَعْتَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ

فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذَالِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ

سلام ہو آپ پر اے جناب آدم صفی اللہ کے وارث

سلام ہو آپ پر اے جناب نوح نبی اللہ کے وارث

سلام ہو آپ پر اے جناب ابراہیم خلیل اللہ کے وارث

سلام ہو آپ پر اے جناب موسیٰ کلیم اللہ کے وارث

سلام ہو آپ پر اے جناب عیسیٰ روح اللہ کے وارث

سلام ہو آپ پر اے حضرت محمد مصطفیٰ حبیب خدا کے وارث

سلام ہو آپ پر اے حضرت امیر المومنین ولی خدا کے وارث

سلام ہو آپ پر اے فرزند حضرت محمد مصطفیٰ

سلام ہو آپ پر اے فرزند حضرت علی مرتضیٰ

سلام ہو آپ پر اے فرزند حضرت فاطمہ زہراؑ

سلام ہو آپ پر اے فرزند جناب خدیجۃ الکبریٰ

سلام ہو آپ پر اے وہ شہید جس کے خون کا طالب خدا ہے اور فرزند بھی ایسے ہی شہید کا کہ جس کے خون کا طالب خدا ہے اور جو مصیبت کا سبب ہو اور مصیبت زدہ ہو

میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک آپ نے نماز قائم کی اور آپ نے زکوۃ دی

اور نیک باتوں کا حکم دیا اور بری باتوں سے منع کیا

اور مرضی پر چلے خدا کی اور اس کے رسول کی یہاں تک کہ آپ شہید کیے گئے

پس لعنت کرے خدا اس گروہ پر جس نے آپ کو قتل کیا

اور لعنت کرے خدا اس گروہ پر جس نے آپ پر ظلم کیا

اور لعنت کرے خدا اس گروہ پر جس نے آپ کے قتل ہونے کو سنا اور اس پر راضی رہا

يَا مَوْلَایَ يَا اَبَا عَبْدِاللّٰهِ

اَشْهَدُ اَنَّكَ نُوْرًا فِی الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ

وَالْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةِ بِاَنْجَاسِهَا

وَلَمْ تُلْبِسْكَ مِنْ مُدْلَهِمَّاتِ ثِيَابِهَا

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّيْنِ وَاَرْكَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِیُّ الرَّضِیُّ الزَّكِیُّ الْهَادِیُ الْمَهْدِیُّ

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوٰی

وَاَعْلَامُ الْهُدٰی وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰی وَالْحُجَّةُ عَلٰی اَهْلِ الدُّنْيَا

وَاُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلَآئِكَتَهُ وَ اَنْبِيَآئَهُ وَ رُسُلَهُ

اَنِّی بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَ بِاِيَابِكُمْ مُوْقِنٌ

بِشَرَائِعِ دِيْنِی وَ خَوَاتِيْمِ عَمَلِی

وَقَلْبِی لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَاَمْرِی لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَعَلٰی اَرْوَاحِكُمْ

وَعَلٰی اَجْسَادِكُمْ وَ عَلٰی اَجْسَامِكُمْ

وَعَلٰی شَاهِدِكُمْ وَ عَلٰی غَائِبِكُمْ

وَعَلٰی ظَاهِرِكُمْ و عَلٰی بَاطِنِكُمْ

اے آقا میرے اے ابوعبداللہ الحسینؑ

میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک آپ ایک ہی نور تھے پشتہائے بزرگ میں

اور رحمہائے پاک وپاکیزہ میں نہیں چھوا آپ کو نجاسات جاہلیت نے

اور نہ اس نے پہنایا آپ کو اپنا سیاہ لباس

میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ دین کے ستون اور ارکان مومنین ہیں

اور گواہی دیتا ہوں کہ بے شک آپ ایسے امام ہیں جو کہ نیک وپرہیزگار

اور راضی رضائے خدا اور پاکیزہ ہادی اور ہدایت یافتہ ہیں

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تحقیق جو آئمہ معصومین ہیں آپ کی ذریت میں

وہ کلمہ پرہیزگاری ہیں

نشان ہائے ہدایت ہیں اور رسن مضبوط ہیں اور حجت خدا ہیں اہل دنیا پر

اور میں گواہ کرتا ہوں اللہ کو اور اس کے ملائکہ کو اور اس کے انبیاء کو اور اس کے رسولوں کو

اس بات پر کہ میں ایمان لایا ہوں اور یقین کرنے والا ہوں کہ

آپ حضرات کی رجعت ہوگی دین کے طریقوں سے اور اپنے عمل کے خاتمہ سے

اور میرا قلب آپ کے قلب سے میل رکھنے والا ہے اور میرا امر آپ کے امر کا تابع ہے

صلوات خدا ہو آپ حضرات پر اور آپ حضرات کی روحوں پر

جسدوں پر اور جسموں پر

اور آپ حضرات کے حاضر پر اور غائب پر

اور ظاہر پر اور باطن پر

زیارت حضرت علی اکبر علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ نَبِيِّ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيدِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الشَّهِيدُ وَابْنُ الشَّهِيدِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمَظْلُومُ وَابْنُ الْمَظْلُومِ

لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهِ

آپ پر سلام ہو اے رسول (ص) خدا کے فرزند

آپ پر سلام ہو اے نبی (ص) خدا کے فرزند

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین (ع) کے فرزند

آپ پر سلام ہو اے حسین (ع) شہید کے فرزند

سلام ہو آپ پر کہ آپ شہید ہیں اور شہید کے فرزند ہیں

آپ پر سلام ہو کہ آپ مظلوم اور مظلوم کے فرزند ہیں

خدا کی لعنت ہو ان پر جنہوں نے آپ کو قتل کیا

خدا کی لعنت ہو ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم کیا

خدا کی لعنت ہو ان پر جنہوں نے یہ واقعہ سنا تو اس پر خوش ہوئے۔

زیارت حضرت عباس علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُومِنِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الْمُطِيْعُ لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ جَاهَدْتَ وَ نَصَحْتَ وَ صَبَرْتَ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنَ

لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ لَكُمْ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْآخَرِيْنَ

وَ اَلْحَقَهُمْ بِدَرَكِ الْجَحِيْمِ

ترجمہ:

سلام ہو آپ پر اے فرزند امیر المومنین علیہ السلام

سلام ہو آپ پر اے صالح بندے اللہ اور اسکے رسول کے اطاعت گذار

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے آخری دم تک جہاد کیا خیر خواہی کی اور صبر کیا

خدا لعنت کرے ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم ڈھایا اولین و آخرین میں سے سب پر

اور ان ظالموں کو واصل جہنم فرمائے۔

زیارت سائر شہداء کربلا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ وَ اَحِبَّائِهِ،
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَصْفِيَاءَ اللّٰهِ وَ اَوِدَّآئَهٗ ،
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ دِيْنِ اللّٰهِ،
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ،
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَمِيْرِالْمُوْمِنِيْنَ ،
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةَ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ ،
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِى مُحَمَّدٍ
الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَلِيِّ الزَّكِيِّ النَّاصِحِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِى عَبْدِ اللّٰهِ
بِاَبِى اَنْتُمْ وَ اُمِّى طِبْتُمْ
وَ طَابَتِ الْاَرْضُ الَّتِى فِيْهَا دُفِنْتُمْ
وَ فُزْتُمْ فَوزاً عَظِيْماً
فَيَا لَيْتَنِى كُنْتُ مَعَكُمْ فَاَفُوزَ مَعَكُمْ.

ترجمہ:

اے!اولیاءاللہ، آپ پر سلام ہو اور اے اللہ کے پیارو، آپ پر سلام ہو

اے خدا کے برگزیدہ اور منتخب لوگو، آپ پر سلام ہو

اے دین خدا کی مدد کرنے والو، آپ پر سلام ہو

اے رسول (ص) خدا کی نصرت کرنے والو، آپ پر سلام ہو

اے امیرالمومنین (ع) کی امداد کرنے والو، آپ پر سلام ہو

اے فاطمہ (ع) کی حمایت کرنے والو جو تمام عورتوں کی سردار ہیں، آپ پر سلام ہو

اے ابو محمد (ع) حسن بن علی کے مددگارو کہ جو خدا کے ولی اور نصیحت کرنے والے ہیں، سلام ہو آپ پر

اے ابوعبداللہ حسین (ع) کی نصرت کرنے والو، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، تم پاکیزہ ہوا اور وہ زمین بھی پاک ہے جس میں آپ (ع) مدفون ہیں

آپ نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی، اے کاش کہ میں بھی آپ کے ساتھ ہوتا تو یہ کامیابی حاصل کرتا۔

زیارت امام حسینؑ روز عاشورہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَااَبَاعَبْدِاللّٰهِ   اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَيْكَ يَابْنَ اَمِيرِالْمُؤْمِنِينَ وَ ابْنَ سَيِّدِالْوَصِيِّيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِينَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاثَارَاللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهِ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُور

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِى حَلَّتْ بِفِنَآئِكَ

عَلَيْكُمْ مِنِّي جَمِيعًا سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدا

مَابَقِيتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ

يَااَبَاعَبْدِاللّٰهِ لَقَدْعَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ

وَ جَلَّتْ وَعظُمَتِ الْمُصِيبَةُ بِكَ عَلَيْنَا

وَعَلٰى جَمِيعِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ

وَ جَلَّتْ وَ عَظُمَتْ مُصِيبَتُكَ فِى السَّمٰوٰاتِ عَلٰى جَمِيعِ اَهْلِ السَّمٰوٰاتِ

فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسَّسَتْ اَسَاسَ الظُّلْمِ

وَ الْجَوْرِعَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً دَفَعَتْكُمْ عَنْ مَقَامِكُمْ

وَ اَزَالَتْكُمْ عَنْ مَرَاتِبِكُمُ الَّتِى رَتَّبَكُمُ اللّٰهُ فِيهَا

وَ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكُمْ

وَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُمَهِّدِينَ لَهُمْ بِالتَّمْكِينِ مِنْ قِتَالِكُمْ

سلام ہو آپ پر اے ابوعبداللہ سلام ہو آپ پر اے فرزند رسولؐ خدا

سلام ہو آپ پر اے فرزند امیر المومنینؑ اور اے فرزند سید الوصیین

سلام ہو آپ پر اے فرزند فاطمہ سیدۂ نساء عالمین

سلام ہو آپ پر اے شہید راہِ خدا اور فرزند شہید راہِ خدا جس کا انتقام خدا کے ذمہ ہے

سلام ہو آپ پر اور ان ارواح پر جو آپ کی بارگاہ میں وارد ہیں

آپ سب پر اللہ کا سلام جب تک میں باقی رہوں اور یہ لیل ونہار باقی رہیں

اے ابی عبداللہ یہ حادثہ بہت عظیم ہے اور یہ مصیبت بہت سخت ہے ہمارے لئے بھی

اور تمام اہل اسلام کے لئے بھی

اور یہ مصیبت بہت بڑی اور جلیل وعظیم ہے آسمانوں پر آسمان والوں کے لئے

اللہ اس قوم پر لعنت کرے جس نے آپ اہلبیت علیہم السلام پر ظلم وجور کئے

اور اس قوم پر لعنت کرے جس نے آپ کو آپ کے مقام سے ہٹا دیا

اور اس جگہ سے گرا دیا جس منزل پر خدا نے آپ کو رکھا تھا

اللہ لعنت کرے اس قوم پر جس نے آپ کو قتل کیا

اور قتل کی زمین ہموار کی قتال کا سامان فراہم کیا

بَرِئْتُ اِلَی اللّٰہِ وَ اِلَیْکُمْ مِنْهُمْ

وَ مِنْ اَشْیٰاعِهِمْ وَ اَتْبٰاعِهِمْ وَ اَوْلِیآئِهِم

یٰااَبٰاعَبْدِاللّٰہِ اِنِّی سِلْمٌ لِمَنْ سٰالَمَکُمْ

وَحَرْبٌ لِمَنْ حٰارَبَکُمْ اِلیٰ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

وَ لَعَنَ اللّٰہُ اٰلَ زِیٰادٍ وَاٰلَ مَرْوٰانَ

وَ لَعَنَ اللّٰہُ بَنِی اُمَیَّةَ قَاطِبَةً

وَلَعَنَ اللّٰہُ ابْنَ مَرْجٰانَةَ وَ لَعَنَ اللّٰہُ عُمَرَبْنَ سَعْدٍ وَ لَعَنَ اللّٰہُ شِمْرًا

وَلَعَنَ اللّٰہُ اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَاَلْجَمَتْ وَ تَنَقَّبَتْ لِقِتٰالِكَ

بِاَبِي اَنْتَ وَ اُمِّی لَقَدْعَظُمَ مُصٰابِی بِكَ

فَاَسْئَلُ اللّٰہَ الَّذِیْ اَکْرَمَ مَقامَكَ

وَ اَکْرَمَنِی بِكَ اَنْ یَرْزُقَنِی طَلَبَ ثٰارِكَ مَعَ اِمٰامٍ مَنْصُوْرٍ

مِنْ اَهْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهِ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِی عِنْدَكَ وَجِیهًا بِالْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلاٰمُ

فِی الدُّنْیٰا وَ الْاٰخِرَةِ

یٰااَبٰاعَبْدِاللّٰہِ اِنِّیٓ اَتَقَرَّبُ اِلیَ اللّٰہِ وَ اِلٰی رَسُولِهِ

وَ اِلیٰ اَمِیرِالْمُؤْمِنِینَ وَ اِلٰی فٰاطِمَةَ وَاِلَی الْحَسَنِ

وَ اِلَیْكَ بِمُوٰالاٰ تِك

میں اللہ اور آپ کی بارگاہ میں ان سب سے ان کے ماننے والوں سے

اوران کے اتباع اور اولیاء سے بری اور بیزار ہوں۔

اے حضرت ابوعبداللہ میری صلح اس سے ہے جس سے آپ کی صلح ہے

اور میری جنگ اس سے ہے جس سے آپ کی جنگ ہے روز قیامت تک

اللہ آل زیاد اور آل مروان پر لعنت کرے اور تمام بنی امیہ پر لعنت کرے

اللہ لعنت کرے ابن مرجانہ پر عمر بن سعد پر اور شمر پر

اللہ لعنت کرے اس قوم پر جس نے زین کسایا لگام لگائی یا نقاب ڈالی

آپ کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے میرے ماں باپ قربان

آپ کی ہر مصیبت میرے لئے بہت عظیم ہے

میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جس نے آپ کے مقام کو بزرگ بنایا ہے

اور مجھے آپ کو ذریعہ کرامت دی ہے کہ مجھے توفیق دے کہ

میں آپ کے خون کا بدلہ لے سکوں اس امام منصور کے ساتھ جو اہلبیت علیہم السلام کے فرد ہیں

خدایا مجھے اپنی بارگاہ میں حسینؑ کے صدقہ میں آبرومند بنا دینا

دنیا وآخرت دونوں میں

یا اباعبداللہ میں اللہ رسولؐ امیرالمومنینؑ فاطمہؑ اور حسنؑ اور آپ کا قرب چاہتا ہوں۔

آپ کی محبت کے ذریعہ

وَ بِالْبَرَآئَةِ مِمَّنْ اَسَسَّ اَساسَ ذٰلِكَ وَ بَنٰى عَلَيْهِ بُنْيانَهُ

وَ جَرىٰ فِىْ ظُلْمِهِ وَ جَوْرِهِ عَلَيْكُمْ وَ عَلىٰٓ اَشْيا عِكُمْ

بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَ اِلَيْكُمْ مِنْهُمْ

وَ اَتَقَرَّبُ اِلٰى اللّٰهِ ثُمَّ اِلَيْكُمْ بِمُوالاٰ تِكُمْ وَ مُوالاٰةِ وَلِيِّكُمْ

وَ بِالْبَرآئَةِ مِنْ اَعْدآئِكُمْ وَالنّٰاصِبِينَ لَكُمُ الْحَرْبَ

وَ بِالْبَرآئَةِ مِنْ اَشْياعِهِمْ وَ اَتْبٰاعِهِمْ

اِنِّى سِلْمٌ لِمَنْ سٰالَمَكُمْ وَحَربٌ لِمَنْ حٰارَ بَكُمْ

وَ وَلِيٌّ لِمَنْ واٰلاٰ كُمْ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عٰاداٰكُمْ

فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِىٓ اَكْرَمَنِى بِمَعْرِفَتِكُمْ وَ مَعْرِفَةِ اَوْلِيآئِكُمْ

وَ رَزَقَنِى الْبَرآئَةَ مِنْ اَعْدآئِكُمْ

اَنْ يَجْعَلَنِى مَعَكُمْ فِى الدُّنْيا وَ الْآخِرَةِ

وَ اَنْ يُثَبِّتَ لِى عِنْدَكُمْ قَدَمَ صِدْقٍ فِى الدُّنْيا وَ الْآخِرَةِ

وَاَسْئَلُهُ اَنْ يُبَلِّغَنِى الْمَقامَ الْمَحْمُودَ لَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ

وَ اَنْ يَرْزُقَنِى طَلَبَ ثٰارِى مَعَ اِمٰامٍ هُدىً

ظٰاهِرٍ نٰاطِقٍ بِالْحَقِّ مِنْكُمْ

وَ اَسْئَلُ اللّٰهَ بِحَقِّكُمْ وَ بِالشَّأنِ الَّذِى لَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ

اَنْ يُعْطِيَنِى بِمُصٰابِى بِكُمْ اَفْضَلَ مٰايُعْطِى مُصٰابًا بِمُصِيبَتِهِ

اوران سے بیزاری کے ذریعہ جنہوں نے ظلم کی بنیاد قائم کی اور اس پر عمارت تعمیر کی

اوراس سلسلہ کو جاری رکھا آپ پر اور آپ کے چاہنے والوں پر

میں اللہ اور آپ کی بارگاہ میں ان تمام لوگوں سے بری ہوں

اورخدا کا قرب چاہتاہوں اس کے بعد آپ کا قرب چاہتاہوں آپ کی محبت کے ذریعہ

اورآپ کے اولیاء کی محبت کے ذریعہ

اورآپ کے دشمنوں اور آپ سے جنگ کرنے والوں سے برائت کے ذریعہ

اوران کے پیروکاروں سے برائت کے ذریعہ

میری صلح اس سے ہے جس سے آپ کی صلح ہے

اورمیری جنگ اس سے ہے جس سے آپ کی جنگ ہے

میں آپ کے دوستوں کا دوست اور آپ کے دشمنوں کا دشمن ہوں

میرا سوال اس پروردگار سے ہے جس نے مجھے آپ کی اور آپ کے اولیاء کی معرفت دی ہے

اورآپ کے دشمنوں سے برائت کی توفیق دی ہے کہ

مجھے دنیا وآخرت میں آپ کے ساتھ قرار دیدے

اورآپ کی بارگاہ میں بلند درجات اور بلند منزل عطا فرمادے دنیا وآخرت میں

اورمجھے اس مقام تک پہنچادے جو آپ حضرات کے لئے ہے اور

توفیق دے کہ میں امام مہدیؑ کے ساتھ آپ کا انتقام لے سکوں جو حق کا اظہار کرنے والا ہے

اورپروردگار سے میرا سوال آپ کے حق کے وسیلہ سے اور آپ کی شان کے وسیلہ سے یہ ہے

کہ مجھے اس مصیبت میں وہ بہترین اجر عطا فرمائے جو کسی بھی مصیبت زدہ کو

کسی مصیبت میں عطا فرمایا ہے

مُصِیْبَۃٌ مَآاَعْظَمَھَا   وَ اَعْظَمَ رَزِیَّتَھَافِی الْاَ سْلاٰمِ

وَ فِی جَمِیعِ السَّمٰوٰاتِ وَ الْاَرْضِ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِی فِی مَقٰامِی ھٰذٰامِمَّنْ تَنٰالُہُ

مِنْکَ صَلَوٰاتٌ وَ رَحْمَۃٌ وَ مَغْفِرَۃٌ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ مَحْیٰایَ مَحْیٰامُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ

وَ مَمٰاتِی مَمٰاتَ مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذٰا یَوْ مٌ تَبَرَّکَتْ بِہِ بَنُواُمَیَّۃَ

وَ ابْنُ اٰکِلَۃِ الْاَکْبٰادِاللَّعِینُ ابْنُ اللَّعِینِ

عَلیٰ لِسٰانِکَ وَ لِسٰانِ نَبِیِّکَ صَلیَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہِ

اَ للّٰھُمَّ الْعَنْ اَبٰاسُفْیٰانَ وَ مُعٰوِیَۃَ وَ یَزِیْدَبْنَ مُعٰاوِ یَۃَ

عَلَیْھِمْ مِنْکَ اللَّعْنَۃُ اَبَدَاْلاٰ بِدِیْنَ

وَ ھٰذٰآیَوْمٌ فَرِحَتْ بِہِ اٰلُ زِیٰادٍ وَآلُ مَرْوٰانَ

بِقَتْلِھِمُ الْحُسَیْنَ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ

اَللّٰھُمَّ فَضٰاعِفْ عَلَیْھِمُ اللَّعْنَ مِنْکَ وَ الْعَذٰابَ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ فِی ھٰذَ ا الْیَوْمِ

وَ فِی مَوْقِفِی ھٰذٰاوَ اَیّٰامِ حَیٰوتِی بِالْبَرٰآئَۃِ مِنْھُمْ

وَ اللَّعْنَۃِ عَلَیْھِمْ وَ بِالْمُوٰالاٰتِ لِنَبِیِّکَ

وَ اٰلِ نَبِیِّکَ عَلَیْہِ وَ عَلَیْھِمُ السَّلاٰمُ

اف یہ مصیبت کس قدر عظیم ہے اسلام اور اہل اسلام کے لئے اور تمام آسمان و زمین کیلئے

خدایا مجھے اس مقام پر ان لوگوں میں قرار دیدے جن پر تیری صلوات اور رحمت اور مغفرت ہو

خدایا میری حیات کو محمدؐ و آل محمدؐ کی زندگی اور میری موت کو ان کے راستہ پر قرار دینا

خدایا یہ وہ دن ہے جس کو بنی امیہ اور جگر خوارہ کی اولاد نے باعثِ برکت بنالیا تھا

یہ سب ملعون اور فرزند ملعون تھے تیری اور تیرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآل وسلم کی زبان پر

ہر اس مقام پر اور ہر اس منزل پر جہاں تیرے پیغمبرؐ نے قیام فرمایا ہے

خدایا لعنت فرما ابوسفیان، معاویہ اور یزید بن معاویہ پر (ان سب پر تیری لعنتیں ہمیشہ رہیں)

یہ وہ دن ہے جس میں آل زیاد و آل مروان نے حسینؑ کو قتل کرنے کی بناء پر خوشی منائی

خدایا ان پر اپنی لعنت اور عذاب میں اضافہ کردے

خدایا میں آج کے دن اس مقام پر اور زندگی بھر تیرا قرب چاہتا ہوں ان سب سے بیزاری

اور لعنت کے ذریعہ اور تیری نبیؐ اور آل نبی سے محبت کے ذریعہ (ان سب پر تیرا سلام)

خدایا اس پہلے ظالم پر لعنت کر جسے محمدؐ و آل محمدؐ پر ظلم کیا ہے اور اس کا اتباع کرنے والے پر

خدایا اس گروہ پر لعنت کر جسے حسینؑ سے جنگ کی اور جس نے جنگ پر اس سے اتفاق کرلیا

اور قتل حسینؑ پر ظالموں کی بیعت کرلی خدایا ان سب پر لعنت کر

سلام ہو آپ پر اے اباعبداللہ اور ان ارواح پر جو آپ کی بارگاہ میں نازل ہوئی ہیں

تیرا قرب چاہتا ہوں ان سب سے بیزاری اور لعنت کے ذریعہ

اور تیرے نبیؐ اور آل سے محبت کے ذریعہ

پھر سو مرتبہ کہے

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

وَ اٰخِرَ تَابِعٍ لَهُ عَلٰى ذٰلِكَ

اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَةَ الَّتِي جَاهَدَتِ الْحُسَيْنَ

وَ شَايَعَتْ وَ بَايَعَتْ وَ تَابَعَتْ عَلٰى قَتْلِهِ اَللّٰھُمَّ الْعَنْهُمْ جَمِيعاً

اس کے بعد سو مرتبہ کہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

وَ عَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِي حَلَّتْ بِفِنَائِكَ

عَلَيْكَ مِنِّي سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَا بَقِيتُ وَ بَقِيَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ

وَ لَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّي لِزِيَارَتِكُمْ

اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ وَ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ

وَ عَلٰى اَوْلَادِ الْحُسَيْنِ وَ عَلٰى اَصْحَابِ الْحُسَيْنِ

پھر یوں دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّي

وَ ابْدَأْ بِهِ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِيَ وَ الثَّالِثَ وَ الرَّابِعَ

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ يَزِيدَ خَامِساً

وَ الْعَنْ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَ ابْنَ مَرْجَانَةَ وَ عُمَرَ بْنَ سَعْدٍ

وَ شِمْراً وَ اٰلَ اَبِي سُفْيَانَ وَ اٰلَ زِيَادٍ وَ اٰلَ مَرْوَانَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

سو مرتبہ کہے

خدایا اس پہلے ظالم پر لعنت کر جس نے محمدؐ و آلِ محمدؐ پر ظلم کیا ہے اور اس کا اتباع کرنے والے پر

خدایا اس گروہ پر لعنت کر جس نے حسینؑ سے جنگ کی اور جس نے جنگ پر اس سے اتفاق کر لیا

اور قتلِ حسینؑ پر ظالموں کی بیعت کر لی خدایا ان سب پر لعنت کر۔

سو مرتبہ کہے

سلام ہو آپ پر اے ابا عبداللہ اور ان ارواح پر جو آپ کی بارگاہ میں نازل ہوئی ہیں۔

آپ پر میرا سلام ہمیشہ جب تک میں زندہ ہوں اور شب و روز باقی رہیں۔

اللہ اس زیارت کو آخری نہ قرار دے۔

سلام ہو حسین علیہ السلام پر اور علی بن حسینؑ پر

اور اولادِ حسین علیہ السلام پر اور اصحابِ حسینؑ پر

پھر یوں دعا کرے

خدایا سب سے پہلے اس پر لعنت فرما جو سب سے پہلا ظالم ہے۔

اس کے بعد دوسرا پھر تیسرا پھر چوتھا اور پانچویں درجہ میں یزید پر لعنت فرما

خدایا لعنت فرما عبیداللہ بن زیاد ابن مرجانہ ابن سعد

(خدایا لعنت فرما) شمر آلِ ابوسفیان آلِ زیاد اور آلِ مروان پر روزِ قیامت تک

اس کے بعد سجدہ میں جا کر کہے:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشّٰاکِرِینَ لَکَ عَلٰی مُصٰابِھِمْ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی عَظِیمِ رَزِیَّتي

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْني شَفٰاعَةَ الْحُسَیْنِ یَوْمَ الْوُرُوْدِ

وَ ثَبِّتْ لِی قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَکَ مَعَ الْحُسَیْنِ

وَاَصْحٰابِ الْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْامُھَجَھُمْ دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلاٰمُ

سجدہ میں جا کر کہے

خدایا تیری وہ حمد جو شکر گذاروں نے مصیبتوں پر کی ہے

شکر ہے اللہ کا میری اس عظیم مصیبت پر۔

خدایا مجھے روز قیامت شفاعت حسینؑ عطا فرمانا

اور ثبات قدم دینا حسینؑ اور اصحاب حسینؑ کے ساتھ

جنھوں نے تیرے حسینؑ کے سامنے اپنی جانیں قربان کردی ہیں۔

زیارت وقتِ آخر روز عاشورہ

یوم عاشور کے آخر وقت کھڑا ہو جائے اور رسول اللہ، امیر المؤمنین، جناب فاطمہ، امام حسن اور باقی ائمہ جو اولاد امام حسین علیہم السلام میں سے ہیں، ان سب پر سلام بھیجے اور گریہ کی حالت میں ان کو پرسہ دے اور یہ زیارت پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيسٰى رُوحِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيِّ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الشَّهِيْدِ سِبْطِ رَسُولِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِوَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِاللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهِ،

آپ پر سلام ہو اے آدمؑ کے وارث جو برگزیدہ خدا ہیں

آپ پر سلام ہو اے نوحؑ کے وارث جو اللہ کے نبی ہیں۔

آپ پر سلام ہو اے ابراہیمؑ کے وارث جو اللہ کے دوست ہیں

آپ پر سلام ہو اے موسیٰؑ کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں۔

آپ پر سلام ہو اے عیسیٰؑ کے وارث جو خدا کے روح ہیں۔

آپ پر سلام ہو اے محمدؐ کے وارث جو خدا کے حبیب ہیں۔

آپ پر سلام ہو اے علیؑ کے وارث جو مومنوں کے امیر اور ولی خدا ہیں

آپ پر سلام ہو اے حسنؑ کے وارث جو شہید ہیں اللہ کے رسولؐ کے نواسے ہیں۔

آپ پر سلام ہو اے خدا کے رسولؐ کے فرزند۔

آپ پر سلام ہو اے بشیر ونذیر اور وصیوں کے سردار کے فرزند۔

آپ پر سلام ہو اے فرزند فاطمہؑ جو جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں۔

آپ پر سلام ہو اے ابو عبد اللہؑ۔

آپ پر سلام ہو اے خدا کے پسند کیے ہوئے اور پسندیدہ کے فرزند۔

آپ پر سلام ہو اے شہید راہ خدا اور شہید کے فرزند۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوِتْرَ الْمَوْتُورِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِئ الزَّكِيُّ

وَ عَلَى اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَآئِكَ

وَ اَقَامَتْ فِيْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّي مَا بَقِيْتُ وَ بَقِيَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارِ،

فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ

وَ جَلَّ الْمُصَابُ فِيْ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُسْلِمِيْنَ

وَ فِي اَهْلِ السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِيْنَ وَ فِي سُكَّانِ الْاَرَضِيْنَ

فَاِنَّالِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيهِ رَاجِعُونَ،

وَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ وَ تَحِيَّاتُهُ عَلَيكَ

وَ عَلَى آبَآئِكَ الطَّاهِرِينَ الطَّيِّبِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ

وَ عَلَى ذَرَارِيْهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَایَ وَ عَلَيْهِمْ وَ عَلَى رُوحِكَ وَ عَلَى اَرْوَاحِهِمْ،

وَ عَلَى تُرْبَتِكَ وَ عَلَى تُرْبَتِهِمْ،

اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَ رِضْوَاناً وَ رَوْحاً وَ رَيْحَاناً،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَولَایَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَابْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ،

وَيَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ، وَ يَابْنَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ،

آپ پر سلام ہو اے وہ مقتول جس کے قاتل ہلاک ہو گئے

آپ پر سلام ہو اے ہدایت و پاکیزگی والے امام

اور سلام ان روحوں پر جو آپ کے آستاں پر سو گئیں اور آپ کی قربت میں رہ رہی ہیں

اور سلام ہو ان پر جو آپ کے زائروں کے ساتھ آئیں

میرا آپ پر سلام ہو جب تک میں زندہ ہوں اور جب تک رات دن کا سلسلہ قائم ہے۔

یقیناً آپ پر بہت بڑی مصیبت گزری ہے اور اس سے بہت زیادہ سوگواری ہے

مومنوں اور مسلمانوں میں آسمانوں میں رہنے والی ساری مخلوق میں

اور زمین میں رہنے والی خلقت میں

پس اللہ ہم ہی کے لئے ہیں اور ہم اس کی طرف لوٹ کر جائیں گے

خدا کی رحمتیں ہوں اور اس کی برکتیں

آپ پر سلام ہو اور آپ کے آباءواجداد پر جو پاک نہاد نیک سیرت اور برگزیدہ ہیں

اور ان کی اولاد پر کہ جو ہدایت یافتہ پیشوا ہیں

آپ پر سلام ہو اے میرے آقا

اور ان سب پر سلام ہو آپ کی روح پر اور ان کی روحوں پر

اور سلام ہو آپ کے مزار پر اور ان کے مزاروں پر

اے اللہ! ان سے مہربانی خوشنودی مسرت اور خوش روئی کے ساتھ پیش آئے

آپ پر سلام ہو اے میرے سردار اے ابو عبداللہؑ

اے نبیوں کے خاتم کے فرزند اے اوصیائی کے سردار کے فرزند

اے جہانوں کی عورتوں کی سردار کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهِيْدُ، يَابْنَ الشَّهِيْدِ،يَا أَخَ الشَّهِيْدِ،يَا اَبَا الشُّهَدَآءِ،

اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّی فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ

وَ فِی هٰذَا الْيَومِ وَ فِی هٰذَا الْوَقْتِ

وَ فِی كُلِّ وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَ سَلَاماً،

سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ

يَابْنَ سَيِّدِالْعَالَمِيْنَ وَ عَلَی الْمُسْتَشْهِدِيْنَ مَعَكَ

سَلَاماً مُتَّصِلاً مَا اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ،

اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍ الشَّهِيْدِ،

اَلسَّلَامُ عَلَی عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ،

اَلسَّلَامُ عَلَی الْعَبَّاسِ بْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ،

اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَآءِ مِنْ وُلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ،

اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَآءِ مِنْ وُلْدِ الْحَسَنِ،

اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَآءِ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ،

اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَآءِ مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَ عَقِيْلٍ،

اَلسَّلَامُ عَلَی كُلِّ مُسْتَشْهِدٍ مَعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

وَّ بَلِّغْهُمْ عَنِّی تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَ سَلَاماً،

آپ پر سلام ہو اے شہید اے فرزند شہید اے برادر شہید اے پدر شہیداں

اے اللہ! پہنچا ان کو میری طرف سے اس گھڑی میں آج کے دن میں اور موجودہ وقت میں

اور ہر ہر وقت میں بہت بہت درود اور سلام،

آپ پر اللہ کا سلام ہو اللہ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں اے جہانوں کے سردار کے فرزند

اور ان پر جو آپ کے ساتھ شہید ہوئے سلام ہو لگاتار سلام جب تک رات دن باہم ملتے ہیں۔

سلام ہو حسینؑ ابن علیؑ شہید پر سلام ہو علیؑ ابن حسینؑ شہید پر

سلام ہو عباسؑ ابن امیرالمومنینؑ شہید پر

سلام ہو ان شہیدوں پر جو امیرالمومنینؑ کی اولاد میں سے ہیں

ان شہیدوں پر سلام ہو جو اولاد حسنؑ سے ہیں

ان شہیدوں پر سلام ہو جو اولاد حسینؑ سے ہیں۔

ان شہیدوں پر سلام ہو جو جعفرؑ اور عقیلؑ کی اولاد سے ہیں

مومنوں میں سے ان سب شہیدوں پر سلام ہو جو ان کے ساتھ شہید ہوئے

اے اللہ! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر

اور پہنچا ان کو میری طرف سے بہت بہت درود اور سلام۔

اَلسَّلَامُ عَلَيكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَآءَ فِی وَلَدِكَ الْحُسَينِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكِ الْعَزَآءَ فِی وَلَدِكَ الْحُسَينِ،

اَلسَّلَامُ عَلَيكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَآءَ فِی وَلَدِكَ الْحُسَينِ،

يَا مَولَایَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ ،

اَنَا ضَيْفُ اللّٰهِ وَ ضَيْفُكَ وَ جَارُ اللّٰهِ وَ جَارُكَ،

وَلِكُلِّ ضَيْفٍ وَ جَارٍ قِرىً وَ قِرَایَ فِی هٰذَا الْوَقْتِ

اَنْ تُسْأَلُ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَ تَعَالٰی

اَنْ يَرْزُقَنِی فَكَاكَ رَقَبَتِی مِنَ النَّارِ،

اِنَّهُ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ قَرِيْبٌ مُجِيْبٌ.

آپ پر سلام ہو اے خدا کے رسولؐ خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں
آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے
آپ پر سلام ہو اے فاطمہؑ خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں
آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے
آپ پر سلام ہو اے امیر المومنینؑ خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں
آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے
آپ پر سلام ہو اے ابومحمد حسنؑ خدائے تعالیٰ آپ کے بھائی حسینؑ کے بارے میں
آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے

اے میرے سردار اے ابوعبداللہؑ

میں اللہ کا مہمان اور آپ کا مہمان ہوں اور خدا کی پناہ اور آپ کی پناہ میں ہوں
یہاں ہر مہمان اور پناہ گیر کی پذیرائی ہوتی ہے
اور اس وقت میری پذیرائی یہی ہے کہ آپ سوال کریں اللہ سے جو پاک تر اور عالی قدر ہے
یہ کہ میری گردن کو عذاب جہنم سے آزاد کر دے۔

بے شک وہ دعا کا سننے والا ہے نزدیک تر قبول کرنے والا۔

زیارت اربعین

یہ وہ زیارت ہے جو امام حسین علیہ السلام کے چہلم کے دن یعنی بیس صفر کو پڑھی جاتی ہے۔ شیخ نے تہذیب میں اور مصباح میں امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا مومن کی پانچ علامات ہیں (۱) ہر شب و روز میں اکاون رکعت نماز پڑھنا کہ اس سے مراد سترہ رکعت فریضہ اور چونتیس رکعت نافلہ ہے (۲) زیارت اربعین کا پڑھنا، (۳) دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا، (۴) سجدہ کرتے وقت اپنی پیشانی خاک پر رکھنا (۵) نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے پڑھنا۔

شیخ نے تہذیب اور مصباح میں صفوان جمال (ساربان) سے روایت کیا ہے کہ اس نے کہا مجھ کو میرے آقا امام جعفر صادق علیہ السلام نے زیارت اربعین کے بارے میں ہدایت فرمائی کہ جب سورج بلند ہو جائے تو حضرت کی زیارت کرو اور کہو:

اَلسَّلَامُ عَلَى وَلِيِّ اللّٰهِ وَحَبِيبِهٖ،

اَلسَّلَامُ عَلَى خَلِيلِ اللّٰهِ وَنَجِيبِهٖ،

اَلسَّلَامُ عَلَى صَفِيِّ اللّٰهِ وَابْنِ صَفِيِّهٖ،

اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ الْمَظْلُومِ الشَّهِيدِ،

اَلسَّلَامُ عَلَى اَسِيرِ الْكُرُبَاتِ وَقَتِيلِ الْعَبَرَاتِ،

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَشْهَدُ اَنَّهُ وَلِيُّكَ وَابْنُ وَلِيِّكَ

وَصَفِيُّكَ وَابْنُ صَفِيِّكَ، اَلْفَائِزُ بِكَرَامَتِكَ،

اَكْرَمْتَهُ بِالشَّهَادَةِ وَحَبَوْتَهُ بِالسَّعَادَةِ

وَاجْتَبَيْتَهُ بِطِيبِ الْوِلَادَةِ وَجَعَلْتَهُ سَيِّداً مِنَ السَّادَةِ

وَقَائِداً مِنَ الْقَادَةِ وَذَائِداً مِنَ الذَّادَةِ

وَاَعْطَيْتَهُ مَوَارِيثَ الْاَنْبِيَاءِ وَجَعَلْتَهُ حُجَّةً عَلَى خَلْقِكَ مِنَ الْاَوْصِيَاءِ،

فَاَعْذَرَ فِی الدُّعَاءِ وَمَنَحَ النُّصْحَ

وَبَذَلَ مُهْجَتَهُ فِيكَ لِيَسْتَنْقِذَ عِبَادَكَ مِنَ الْجَهَالَةِ

وَحَيْرَةِ الضَّلَالَةِ، وَقَدْ تَوَازَرَ عَلَيْهِ مَنْ غَرَّتْهُ الدُّنْيَا

وَبَاعَ حَظَّهُ بِالْاَرْذَلِ الْاَدْنَىٰ وَشَرَىٰ آخِرَتَهُ بِالثَّمَنِ الْاَوْكَسِ

وَتَغَطْرَسَ وَتَرَدَّىٰ فِی هَوَاهُ وَاَسْخَطَكَ وَاَسْخَطَ نَبِيَّكَ

ترجمہ:

سلام ہو خدا کے ولی اور اس کے پیارے پر

سلام ہو خدا کے سچے دوست اور چنے ہوئے پر

سلام ہو خدا کے پسندیدہ اور اس کے پسندیدہ کے فرزند پر

سلام ہو حسین (ع) پر جو ستم دیدہ شہید ہیں

سلام ہو حسین (ع) پر جو مشکلوں میں پڑے اور انکی شہادت پر آنسو بہے اے معبود میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ تیرے ولی اور تیرے ولی کے فرزند تیرے پسندیدہ اور تیرے پسندیدہ کے فرزند ہیں جنہوں نے تجھ سے عزت پائی تو نے انہیں شہادت کی عزت دی انکو خوش بختی نصیب کی اور انہیں پاک گھرانے میں پیدا کیا

تو نے قرار دیا انہیں سرداروں میں سردار پیشواؤں میں پیشوا مجاہدوں میں مجاہد اور انہیں نبیوں کے ورثے عنایت کیےتو نے قرار دیا ان کو اوصیاء میں سے اپنی مخلوقات پر حجت پس انہوں نے تبلیغ کا حق ادا کیا بہترین خیر خواہی کی اور تیری خاطر اپنی جان قربان کی تا کہ تیرے بندوں کو نجات دلائیں نادانی وگمراہی کی پریشانیوں سے جب کہ ان پر ان لوگوں نے ظلم کیا جنہیں دنیا نے مغرور بنا دیا تھا جنہوں نے اپنی جانیں معمولی چیز کے بدلے بیچ دیں اور اپنی آخرت کے لئے گھاٹے کا سودا کیا انہوں نے سرکشی کی اور لالچ کے پیچھے چل پڑے انہوں نے تجھے غضبناک اور تیرے نبی (ص) کو ناراض کیا

وَاَطَاعَ مِنْ عِبَادِكَ اَهْلِ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ
وَحَمَلَةَ الْاَوْزَارِ الْمُسْتَوجِبِينَ النَّارَ
فَجَاهَدَهُمْ فِيكَ صَابِراً مُحْتَسِباً
حَتّٰى سُفِكَ فِي طَاعَتِكَ دَمُهُ وَاسْتُبِيحَ حَرِيمُهُ ،
اَللّٰهُمَّ فَالْعَنْهُمْ لَعْناً وَبِيلاً وَعَذِّبْهُمْ عَذَاباً اَلِيماً
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ ،
اَلسَّلَامُ عَلَيكَ يَابْنَ سَيِّدِ الْاَوْصِيَاءِ ،
اَشْهَدُ اَنَّكَ اَمِينُ اللّٰهِ وَابْنُ اَمِينِهِ عِشْتَ سَعِيْداً
وَمَضَيْتَ حَمِيْداً وَمُتَّ فَقِيْداً مَظْلُوماً شَهِيداً
وَاَشْهَدُاَنَّ اللّٰه مُنْجِزٌمَاوَعَدَكَ وَمُهْلِكٌ مَنْ خَذَلَكَ
وَمُعَذِّبٌ مَنْ قَتَلَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ وَفَيْتَ بِعَهْدِاللّٰهِ
وَجَاهَدْتَ فِي سَبِيْلِهِ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِينُ
فَلَعَنَ اللّٰه مَنْ قَتَلَكَ وَلَعَنَ اللّٰه مَنْ ظَلَمَكَ
وَلَعَنَ اللّٰه اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰالِكَ فَرَضِيَتْ بِهِ ،
اَللّٰهُمَّ اِنِّي اُشْهِدُكَ اَنِّي وَلِيٌّ لِمَنْ وَالٰاهُ
وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاهُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّي يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ
اَشْهَدُ اَنَّكَ كُنْتَ نُوراً فِي الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ
وَالْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا
وَلَمْ تُلْبِسْكَ الْمُدْلَهِمَّاتُ مِنْ ثِيَابِهَا

انہوں نے تیرے بندوں میں سے انکی بات مانی جوضدی اور بے ایمان تھے کہ اپنے گناہوں کا بوجھ لے کر جہنم کی طرف چلے گئے

پس حسین (ع) ان سے تیرے لئے لڑے جم کر ہوشمندی کیساتھ یہاں تک کہ تیری فرمانبرداری کرنے پر انکا خون بہایا گیا اور انکے اہل حرم کولوٹا گیا

اے معبود لعنت کر ان ظالموں پر سختی کے ساتھ اور عذاب دے ان کو دردناک عذاب

آپ پر سلام ہو اے رسول (ص) کے فرزند آپ پر سلام ہو اے سردار اوصیاء کے فرزند میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ خدا کے امین اور اسکے امین کے فرزند ہیں

آپ نیک بختی میں زندہ رہے قابل تعریف حال میں گزرے اور وفات پائی وطن سے دور کہ آپ ستم زدہ شہید ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا آپ کو جزا دے گا جسکا اس نے وعدہ کیا اور اسکو تباہ کردیگا وہ جس نے آپکا ساتھ چھوڑا اور اسکو عذاب دیگا جس نے آپکو قتل کیا

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا آپ کو جزا دے گا جسکا اس نے وعدہ کیا اور اسکو تباہ کریگا وہ جس نے آپ کا ساتھ چھوڑا اور اس کو عذاب دے گا جس نے آپ کو قتل کیا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا کی دی ہوئی ذمہ داری نبھائی آپ نے اس کی راہ میں جہاد کیا حتیٰ کہ شہید ہو گئے پس خدا لعنت کرے جس نے آپ کو قتل کیا خدا لعنت کرے جس نے آپ پر ظلم کیا اور خدا لعنت کرے اس قوم پر جس نے یہ واقعہ شہادت سنا تو اس پر خوشی ظاہر کی اے معبود میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ ان کے دوست کا دوست اور ان کے دشمنوں کا دشمن ہوں

میرے ماں باپ قربان آپ پر اے فرزند رسول خدا (ص) میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نور کی شکل میں رہے صاحب عزت صلبوں میں اور پاکیزہ رحموں میں جنہیں جاہلیت نے اپنی نجاست سے آلودہ نہ کیا اور نہ ہی اس نے اپنے بے ہنگم لباس آپ کو پہنائے ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّينِ

وَاَرْكَانِ الْمُسْلِمِينَ وَمَعْقِلِ الْمُؤْمِنِينَ

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الهَادِي الْمَهْدِيُّ

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوىٰ

وَاَعْلَامِ الْهُدىٰ وَالْعُرْوَةِ الْوُثْقىٰ وَالْحُجَّةُ عَلَى اَهْلِ الدُّنْيَا

وَاَشْهَدُ اَنِّي بِكُمْ مُومِنٌ وَبِاِيَابِكُمْ مُوقِنٌ بِشَرَايِعِ دِينِي

وَخَوَاتِيمِ عَمَلِي وَقَلْبِي لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَاَمْرِيْ لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ

وَنُصْرَتِي لَكُمْ مُعَدَّةٌ حَتّىٰ يَأْذَنَ اللّٰهُ لَكُم،

فَمَعَكُمْ لَامَعَ عَدُوِّكُم صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُم

وَعَلىٰ اَرْوَاحِكُمْ وَاَجْسَادِكُمْ وَشَاهِدِكُمْ وَغَائِبِكُمْ

وَظَاهِرِكُمْ وَبَاطِنِكُمْ آمِينَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ دین کے ستون ہیں مسلمانوں کے سردار ہیں اور مومنوں کی پناہ گاہ ہیں
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امام (ع) ہیں نیک و پرہیز گار پسندیدہ پاک رہبر راہ یافتہ اور میں
گواہی دیتا ہوں کہ جو امام آپ کی اولاد میں سے ہیں وہ پرہیز گاری کے ترجمان ہدایت کے
نشان محکم تر سلسلہ اور دنیا والوں پر خدا کی دلیل و حجت ہیں
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کا اور آپ کے بزرگوں کا ماننے والا اپنے دینی احکام اور عمل کی جزا
پر یقین رکھنے والا ہوں
میرا دل آپکے دل کیساتھ پیوستہ میرا معاملہ آپ کے معاملے کے تابع اور میری مدد آپ کے
لئے حاضر ہے حتی کہ خدا آپ کو اذن قیام دے پس آپ کے ساتھ ہوں آپ کے ساتھ نہ کہ
آپ کے دشمن کے ساتھ
خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر آپ کی پاک روحوں پر آپ کے پاک جسموں پر آپ کے حاضر پر
آپ کے غائب پر آپ کے ظاہر اور آپ کے باطن پر
ایسا ہی ہو جہانوں کے پروردگار

زیارت مطلقہ امیر المومنین علیہ السلام

(معروف بہ زیارت امین اللہ)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ فِيْ اَرْضِهٖ وَحُجَّتَهٗ عَلٰى عِبَادِهٖ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ
اَشْهَدُ اَنَّكَ جَاهَدْتَ فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ
وَعَمِلْتَ بِكِتَابِهٖ وَاتَّبَعْتَ سُنَنَ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ
حَتّٰى دَعَاكَ اللّٰهُ اِلٰى جِوَارِهٖ فَقَبَضَكَ اِلَيْهِ بِاِخْتِيَارِهٖ
وَاَلْزَمَ اَعْدَائِكَ الْحُجَّةَ
مَعَ مَالَكَ مِنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَةِ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ
اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ نَفْسِيْ مُطْمَئِنَّةً
بِقَدَرِكَ رَاضِيَةً بِقَضَائِكَ مُوْلَعَةً
بِذِكْرِكَ وَدُعَائِكَ مُحِبَّةً لِصَفْوَةِ اَوْلِيَائِكَ
مَحْبُوْبَةً فِيْ اَرْضِكَ وَسَمَائِكَ صَابِرَةً عَلٰى نُزُوْلِ بَلَائِكَ
شَاكِرَةً لِفَوَاضِلِ نَعْمَائِكَ ذَاكِرَةً لِسَوَابِغِ آلَائِكَ
مُشْتَاقَةً اِلٰى فَرْحَةِ لِقَائِكَ مُتَزَوِّدَةً التَّقْوٰى لِيَوْمِ جَزَائِكَ
مُسْتَنَّةً بِسُنَنِ اَوْلِيَائِكَ مُفَارِقَةً لِاَخْلَاقِ اَعْدَائِكَ
مَشْغُوْلَةً عَنِ الدُّنْيَا بِحَمْدِكَ وَثَنَائِكَ

سلام ہو آپ پر اے امین خدا اس کی زمین میں اور اس کی حجت اس کے بندوں پر

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ

میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک راہ خدا میں آپ نے وہ جہاد کیا جو حق ہے جہاد کا

اور اس کی کتاب پر عمل کیا اور اتباع کرتے رہے اس کے نبی کی

صلوات بھیجے خدا ان پر اور ان کی آل پر

یہاں تک کہ خدا نے آپ کو اپنے جوار میں بلا لیا

اور آپ کو اپنے اختیار سے اپنی طرف کر لیا

اور آپ کے دشمنوں پر حجت لازم کر دی

علاوہ آپ کی ان مکمل حجتوں کے جو اس کی ساری مخلوق پر ہیں

خداوندا قرار دے تو میرے نفس کو اپنے قدر کے ساتھ مطمئن

اور اپنی قضا پر راضی اپنے ذکر و دعا پر فریفتہ

اور اپنے خاص اولیاء کا محبّ

اور اپنی زمین و آسمان میں محبوب اور اپنی بلا کے نزول پر صابر

اور اپنی نعمتوں پر شکر گزار اور اپنی نعمتوں کا ذکر کرنے والا

اور اپنی خوشنودی کی مسرت کا مشتاق

اور تیرے یوم جزا کے لئے تقویٰ کو زادِ راہ بنانے والا

اور تیرے اولیاء کی سنتوں کا پیرو

اور تیرے دشمنوں کے اخلاق سے علاحدہ رہنے والا

دنیا کو چھوڑ کر تیری حمد و ثناء میں مشغول رہنے والا

قبر کے سرہانے جائیں اور پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَ الْمُخْبِتِيْنَ اِلَيْكَ وَالِهَةٌ

وَسُبُلَ الرَّاغِبِيْنَ اِلَيْكَ شَارِعَةٌ

وَاَعْلَامَ الْقَاصِدِيْنَ اِلَيْكَ وَاضِحَةٌ

وَاَفْئِدَةَ الْعَارِفِيْنَ مِنْكَ فَازِعَةٌ

وَاَصْوَاتَ الدَّاعِيْنَ اِلَيْكَ صَاعِدَةٌ

وَاَبْوَابَ الْاِجَابَةِ لَهُمْ مُفَتَّحَةٌ

وَدَعْوَةَ مَنْ نَاجَاكَ مُسْتَجَابَةٌ   وَتَوْبَةَ مَنْ اَنَابَ اِلَيْكَ مَقْبُوْلَةٌ

وَعَبْرَةَ مَنْ بَكٰى مِنْ خَوْفِكَ مَرْحُوْمَةٌ

وَالْاِغَاثَةَ لِمَنِ اسْتَغَاثَ بِكَ مَوْجُوْدَةٌ

وَالْاِعَانَةَ لِمَنِ اسْتَعَانَ بِكَ مَبْذُوْلَةٌ

وَعِدَاتِكَ لِعِبَادِكَ مُنْجَزَةٌ

وَزَلَلَ مَنِ اسْتَقَالَكَ مُقَالَةٌ

وَاَعْمَالَ الْعَامِلِيْنَ لَدَيْكَ مَحْفُوْظَةٌ

وَاَرْزَاقَكَ اِلَى الْخَلَائِقِ مِنْ لَدُنْكَ نَازِلَةٌ

وَعَوَائِدَ الْمَزِيْدِ اِلَيْهِمْ وَاصِلَةٌ   وَذُنُوْبَ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ مَغْفُوْرَةٌ

وَحَوَائِجَ خَلْقِكَ عِنْدَكَ مَقْضِيَّةٌ

وَجَوَائِزَ السَّائِلِيْنَ عِنْدَكَ مُوَفَّرَةٌ   وَعَوَائِدَ الْمَزِيْدِ مُتَوَاتِرَةٌ

وَمَوَائِدَ الْمُسْتَطْعِمِيْنَ مُعَدَّةٌ   وَمَنَاهِلَ الظِّمَاءِ مُتْرَعَةٌ

خداوند تیری طرف جھکنے والوں کے دل سرگشتہ ہیں

تیری جانب رغبت کرنے والوں کی راہیں کھلی ہیں

اور تیرا قصد کرنے والوں کے لئے نشان واضح ہیں

اور معرفت والوں کے دل تجھ سے خوفزدہ ہیں

اور پکارنے والوں کی آوازیں تیری طرف بلند ہیں

اور قبولیت کے دروازے ان کے لئے کھلے ہیں

اور جو تجھے پکارے اس کی دعا مستجاب ہے جو تجھ سے عفو کا طالب ہو اس کی توجہ قبول ہے

جو تیرے خوف سے روئے اس کے آنسو قابلِ ترحم ہیں

جو تجھ سے فریاد کرے اس کی فریادرسی ہوتی ہے اور جو تجھ سے مدد چاہے وہ امداد پاتا رہتا ہے

اور تیرے بندوں کے ساتھ تیرے وعدے پورے ہوا کرتے ہیں

جو تجھ سے درگزر چاہے اس کی لغزش معاف ہے

اور عمل والوں کے اعمال تیرے پاس محفوظ ہیں

رزق خلائق کی طرف تیری طرف سے اترتے رہتے ہیں

اور مزید نعمتیں ان تک پہنچتی رہتی ہیں اور استغفار کرنے والوں کے گناہ بخشے جاتے ہیں

اور خلق کی حاجتیں تجھ سے پوری ہوتی ہیں

سائلین کے جائزے تیرے پاس وافر ہیں اور مزید نعمتیں متواتر وارد ہوتی ہیں

اور طعام طلب کرنے والوں کے لئے دسترخوان تیار ہیں

پیاسوں کے لئے گھاٹ چھلک رہے ہیں

اَللّٰھُمَّ فَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ وَاقْبَلْ ثَنَائِیْ

وَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَوْلِیَائِیْ

بِحَقِّ مُحَمَّدٍوَعَلِیٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ

اِنَّکَ وَلِیُّ نَعْمَائِیْ وَمُنْتَھٰی مُنَایَ

وَغَایَةُ رَجَائِیْ فِیْ مُنْقَلَبِیْ وَمَثْوَایَ

اور پڑھیں

اَنْتَ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ اغْفِرْ لِاَوْلِیَائِنَا

وَکُفَّ عَنَّا اَعْدَائَنَا وَاشْغَلْھُمْ عَنْ آذَانَا

وَاَظْھِرْ کَلِمَةَ الْحَقِّ

وَاجْعَلْھَا الْعُلْیَا وَاَدْحِضْ کَلِمَةَ الْبَاطِلِ

وَاجْعَلْھَا السُّفْلٰی اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

پس خداوندا میری دعا قبول فرمائے میری مدح پسند کرے

میرے اور میرے حاکموں کے درمیان یکجائی قرار دے

صدقہ میں محمد مصطفیٰ وعلیٰ مرتضیٰ وفاطمہ زہراؑ وحسن مجتبیٰ وحسین شہید کربلا کے

بے شک تو ولی نعمت ہے میرے آرزو کی جگہ ہے

میرے امید کی انتہا ہے میرے یہاں رہنے اور واپس جانے میں

اس کے بعد یہ فقرے بھی ہیں:

تو میرا معبود ہے میرا مالک ہے میرا حاکم ہے ہمارے دوستوں کو بخش دے

اور ہمارے دشمنوں کو ہم سے روک دے اور ان کو ہمیں ستانے نہ دے

اور کلمۂ حق کو ظاہر فرما اور اس کو بلند فرما

اور کلمۂ باطل کو دور فرما اور اسے پست فرما

بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

باب ششم

نوحہ ومرثیہ

قطعہ

اماں تیرے مریض کو قیدی بنایا تھا
طوقِ گراں بخار میں اس کو پنھایا تھا
کانٹوں پہ ننگے پاؤں عدو نے پھرایا تھا
اماں سوائے شکر نہیں لب ہلایا تھا
بلوایا تھا یزید نے دربار عام میں
اماں سکینہؑ مر گئی زندانِ شام میں

نوحہ

زینبؑ نے کہا رو کر ارمان نکالوں گی نوشاہ بنالوں گی اس وقت رضا دوں گی
اللہ کرے ایسا وقت آیا تو شادی کا خط بھیج کے صغرا کو یثرب سے بلالوں گی
جب دولہا بنا لوں گی چھاتی سے لگالوں گی
اٹھارہ برس والے سہرے کی بلا لوں گی
تم ان کو سدھارو گے بابا کو پکارو گے میں اپنے بھتیجے کو کس طرح سنبھالوں گی
بھائی سے نہ اٹھے گا مقتل میں تیرا لاشہ میں پالنے والی ہوں گودی میں اٹھالوں گی

نوحہ

پروان چڑھالوں ارمان نکالوں
ٹھہرو علی اکبرؑ تمہیں دولھا تو بنالوں

پھل برچی کا کھائے ہوئے سوتے ہو زمیں پر
اے لال میں کس طرح کلیجے کو سنبھالوں

اے لال تیرے بیاہ کی زینبؑ کو ہوس تھی
ان خوں بھرے ہاتھوں میں مہندی تو لگالوں

یوں گھر سے میرے لال کو لیجائیں نہ حضرت
سایہ کریں آنچل کا میں بہنوں کو بلا لوں

ٹھہراؤ جنازے کو میں حسرت تو نکالوں
ارمان بھرے لال کا ارمان نکالوں

پہنا کے ذرا دیکھ لوں پوشاکِ شہنشاہ
تابوت ہے پھولوں کا میں سہرا تو چڑھالوں

نوحہ

شبیرؑ کا ماتم چاند میں ہے شبیرؑ کا ماتم تاروں میں ہے
اے ماہِ محرم تیری ضیا کیو ں پھیکی پڑتی جاتی ہے
کیوں تیری چاندنی دنیامیں اشکوں کی لڑی برساتی ہے
سینے کا داغ یہ کہتا ہے
تم بھی ہو ماتم داروں میں

اے چاند زمین کربل پر اک چاند ہمارا آیا تھا
جو حشر تلک تا بندوں میں کچھ ایسے ستارے لایا تھا
اک سب سے چھوٹا تارا تھا
ان ننھے تاروں میں

ایمان اسی کا کامل ہے جو تلواروں میں دھنستا ہے
اس دنیا میں وہ زندہ ہے جو موت کے آگے ہنستا ہے
دو لاکھ تھے کلمہ گو لیکن
اک حرؑ نکلا غم خواروں میں

تیروں میں نمازیں کون پڑھے اب ایسے نمازی ہی نہ رہے
غسل اپنے لہو سے کون کرے دنیا میں وہ غازی ہی نہ رہے
میداں میں اذانیں دے دے کر
سر ٹیک دیا تلواروں میں

اصغرؑ کا سن چھ ماہ کا تھا لیکن وہ شجاعت پائی تھی
کروٹ پر کروٹ لیتے تھے انگڑائی پر انگڑائی تھی
میدان میں ہو نصرت کی صدا
بچے ہمکے گہواروں میں

نوحہ درحال جناب علی اکبرؑ

ہائے اکبرؑ کی جان جاتی ہے نوجوانی میں ہاتھ ملتی ہے
ذرا آہستہ تیر کھینچو حسینؑ گردنِ شیر خوار ڈھلتی ہے
ننھا لاشہ نہ رکھو ریتی پر کربلا کی زمین جلتی ہے
کھائی برچھی جو ہائے اکبرؑ نے کیا کسی کی بھی موت ڈھلتی ہے
رات بھر زندگی پہ اکبرؑ کی شمع روتی ہے یا کہ جلتی ہے
اکبرؑ نوجواں تڑپتے ہیں زندگی کروٹیں بدلتی ہے
کعبہ جلتا ہے قبلہ جلتا ہے مسند مصطفےٰؐ جو جلتی ہے
کیا قیامت کی ہے خلش مرزا بنت شہؑ پیاس سے مچلتی ہے

نوحہ درحال جناب علی اکبرؑ

پردیس میں زینبؑ کھو بیٹھی　　اٹھارہ برس کے پالے کو
روتے ہیں کھڑے سب آل نبیؐ　　اٹھارہ برس کے پالے کو

ارمان نہ نکلا بانوؑ کا　　تھا لاش پہ نوحہ بانوؑ کا
پائے گی کہاں یہ کوکھ جلی　　اٹھارہ برس کے پالے کو

کہتے ہیں یہ رو کر شاہ ھدیٰؑ　　تقدیر میں یونہی لکھا تھا
اب صبر کرو اے بنت علیؑ　　اٹھارہ بر کے پالے کو

سرور سے یہ کہتی ہے زینبؑ　　مجھ کوتو بڑا ہے اس کا قلق
سہرا بھی نہ زینبؑ باندھ سکی　　اٹھارہ برس کے پالے کو

دل تھام کے اکبرؑ کی مادر　　سرور سے یہ کہتی ہے رو کر
کھو آئے کہاں اے ابن علیؑ　　اٹھارہ برسے کے پالے کو

قسمت کا کروں میں کس سے گلا　　خدمت کا عوض کچھ بھی نہ ملا
میدان میں کھو کر بیٹھی رہی　　اٹھارہ برس کے پالے کو

نوحہ الوداع

الوداع زہراؑ کے دلبر الوداع
الوداع جانِ پیمبرؐ الوداع

تم کہاں بیٹھے ہو اے زین العباؑ
چھوڑ کر آجاؤ بستر الوداع

آج پھر ٹوٹی ہوئی ہم نے کمر
باندھی ہے پٹکے سے کس کر الوداع

امت جد کی شفاعت کے لئے
جاتے ہیں ہم پیش داور الوداع

السلام اے اہل بیت مصطفٰیؐ
موت آ پہنچی ہے سر پر الوداع

دیکھ لو یہ آخری دیدار ہے
اب نہ ہم آئیں گے پھر کر الوداع

روتی ہیں سیدانیاں بکھرائے بال
شور ہے خیمہ کے اندر الوداع

نوحہ امام حسینؑ

راج دلارا زہراؑ کا زخمی ہے اور پیاسا ہے
بوند نہیں ہے پانی کا خون کا دریا بہتا ہے
راہِ خدا میں جلدی کی آگے جانے والوں نے
صبح کے ساتھی چھوٹ گئے شام ہوئی اب تنہا ہے
اکبرؑ و قاسمؑ کوئی نہیں آس بندھے تو کس سے بندھے
دریا چھین نے والا بھی دریا چھین کے سوتا ہے
بجھ گئی شمعِ قبرِ نبیؐ دشتِ بلا کیا روشن ہو
بیچ میں خیمے جلتے ہیں چاروں طرف اندھیارا ہے
موت یہ تیری کیسی تھی مرنے والے تیرے لئے
مجلس بستی بستی ہے ماتم صحرا صحرا ہے
خون کی ندی ایسی چڑھی صبح سے لے کر شام تلک
چاند نبیؐ کے ڈوب گئے سورج ڈوبنے والا ہے
حلق پہ تیغِ قاتل ہے جانِ پیمبرؐ سجدے میں
دونوں عالم صدقے ہو کیسا پیارا سجدہ ہے
کل جو نبیؐ کے دوش پہ تھا آج وہ سر ہے نیزے پر
ایک زمانہ ایسا تھا ایک زمانہ ایسا ہے

نوحہ شام غریباں

یا علیؑ کربلا میں آگ لگی
خانہ مصطفےؐ میں آگ لگی

جل رہی ہے رسولؐ کی مسند
قلبِ خیر النساءؑ میں آگ لگی

سر برہنہ ہے دل جلی زینبؑ
چادر فاطمہؑ میں آگ لگی

جل رہا ہے کسی کا پیراہن
اور کسی کی ردا میں آگ لگی

رو کے کہتی ہے ثانیٔ زہراؑ
اٹھو عابدؑ عبا میں آگ لگی

دیکھو آ کر نجف سے عین اللہؑ
یا علیؑ نینوا میں آگ لگی

جل رہے ہیں طیور کے پر بھی
کربلا کی ہوا میں آگ لگی

ساری سیدانیاں ہیں جنگل میں
سیدہؑ کی ردا میں آگ لگی

کربلا سے جو شام تک پہنچے
قلب زین العباؑ میں آگ لگی

مادر فاطمہؑ کا در جلتی
دیکھو اب کربلا میں آگ لگی

نوحہ (وصیت امام حسینؑ)

شہ کہتے تھے زینبؑ تمھیں اللہ کو سونپا ۔۔۔ ہم جاتے ہیں بہنا
ہوشیار ہو وقت آیا برادر کی قضا کا ۔۔۔ ہم جاتے ہیں بہنا

پردیس میں دینا نہ دعا تم کو برادر ۔۔۔ پر کیا کروں خواہر
مجبور ہوں کچھ بس نہیں جو حکم خدا کا ۔۔۔ ہم جاتے ہیں بہنا

صغرا کو دعا کہنا گلے خوب لگانا ۔۔۔ یثرب میں جو جانا
پھر اور زیادہ کہوں فرصت نہیں حاشا ۔۔۔ ہم جاتے ہیں بہنا

کہنا کہ تیری یاد میں بابا تیرا اصغرؑ ۔۔۔ حسرت زدہ اٹھا
گر پانی ملے فاتحہ شربت پہ دلانا ۔۔۔ ہم جاتے ہیں بہنا

اب بعد میرے بچے ہیں سب تیرے حوالے ۔۔۔ ہیں نازوں کے پالے
گر یاد کرے مجھ کو تسلی انہیں دینا ۔۔۔ ہم جاتے ہیں بہنا

مارے جو سکینہؑ کو کبھی شمر ستمگر　　　　اور چھینے گا گوہر
بیٹی کو میرے ہاتھ سے ظالم کے چھڑانا　　　　ہم جاتے ہیں بہنا

دربار میں لیجائے اگر قوم ستمگر　　　　اک رسّی میں کس کر
امت کی شکایت نہ زباں پر کبھی لانا　　　　ہم جاتے ہیں بہنا

سینے پہ اگر میرے چڑھے شمر ستمگر　　　　وہ کاٹے میرا سر
یہ حال میرا بچوں کو زینبؑ نہ سنانا　　　　ہم جاتے ہیں بہنا

نوحہ (رخصت امام حسینؑ)

رو رو کہتے تھے شاہِ مدینہ — مرنے جاتا ہے بابا سکینہؑ
اب نہ پاؤ گی بابا کا سینہ — مرنے جاتا ہے بابا سکینہؑ

اٹھو اے میری نازوں کی پالی — اے مری لاش پر رونے والی
کل ہے تو اور ظلمِ کمینہ — مرنے جاتا ہے بابا سکینہؑ

آئے گی کل تیرے سر پہ آفت — ہوئے گی تجھ پہ برپا قیامت
شاق تیرا ہے اعدا کو جینا — مرنے جاتا ہے بابا سکینہؑ

کل تیرے چھینے جائیں گے گوہر — اور طمانچے لگائیں گے رخ پر
خوں رواں ہوگا مثل پسینہ — مرنے جاتا ہے بابا سکینہؑ

کوئی دیوے غذا تجھ کو لا کر — فاقہ کش اور بیکس سمجھ کر
ہاتھ پھیلا نہ دینا سکینہؑ — مرنے جاتا ہے بابا سکینہؑ

سر پہ ماں کا پھپھی کا ہے سایہ | نہ کرو ان سے دم بھر کنارا
راتوں کو ان کے سینے پہ سونا | مرنے جاتا ہے بابا سکینہ ؑ

روکے کہتے تھے حامدؔ یہ سرور | اپنی دختر سے با دیدۂ تر
اب نہ پاؤ گی بابا کا سینہ | مرنے جاتا ہے بابا سکینہ ؑ

نوحہ (تابوت)

اے مومنو اٹھاؤ جنازہ حسینؑ کا دو فاطمہ غریب کو پرسہ حسینؑ کا
سب شیعہ خاک منہ پہ ملو بال کھول دو سر ننگے آج ہو گیا کنبہ حسینؑ کا
یہ مجلسِ عزا ہے علم ہے نہ تعزیہ ویراں ہے آج تعزیہ خانہ حسینؑ کا
جس طرح سے یہ تیر ہیں تابوت میں لگے یوں ہی چھدا ہوا تھا کلیجہ حسینؑ کا
ذُلدُل کو خالی دیکھ کے ہوتا ہے یہ خیال آیا تھا خیمے میں یوں ہی گھوڑا حسینؑ کا
سب شیعہ خاک اڑا کے کہو ہے یہ الوداع جاتا ہے ہند سے غمِ تازہ حسینؑ کا
یہ روز آج وہ ہے کہ کہتی تھیں فاطمہؑ صد حیف آج جل گیا خیمہ حسینؑ کا
دفناؤ تعزیوں کو کہ عشرہ گذر گیا اب زیرِ خاک سونپ دو لاشہ حسینؑ کا
کاٹی گئی ہے آج محمدؐ کی بوسہ گاہ اک اک شہید ہو گیا پیارا حسینؑ کا

نوحہ

(۱)

کہتا تھا محمدؐ کا جانی اے حر میں کروں کیا مہمانی
یاں ہے نہ میسر اب پانی اے حر میں کروں کیا مہمانی

(۲)

اے شیر جنگل میں تجھ سے ہوا آگے مرے تو کٹوایا گلا
اے یار بہت ہے حیرانی اے حر میں کروں کیا مہمانی

(۳)

اصغر ہے تڑپتا جھولے میں ہے آگ بھڑکتی سینے میں
بے رحم ہے قوم شیطانی اے حر میں کروں کیا مہمانی

(۴)

گر میرے وطن کو تو آتا میں دل سے تری دعوت کرتا
یاں ظلم کے ہیں ظالم بانی اے حر میں کروں کیا مہمانی

(۵)

کرتا نہ گلہ نانا سے مرا میں تیری ضیافت کر نہ سکا
پلوایا نہ مرتے دم پانی اے حر میں کروں کیا مہمانی

یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں
شیعہ تمہارے لال کے ماتم میں روتے ہیں

صبر و رضا کے آپ ہو مختار فاطمہ
اعدا نے لوٹا آپ کا گھر بار فاطمہ
مہلت ملی نہ رونے سے زنہار فاطمہ
یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں

جب یاد ہم کو آتی ہے غربت حسینؑ کی
اے بی بی ہم نہ کر سکے نصرت حسینؑ کی
اب سر پٹک کے سنتے ہیں حالت حسینؑ کی
یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں

پہلو پہ در لعیں نے گرایا تو چپ ہوئیں
گھر آگ سے عدو نے جلایا تو چپ ہوئیں
ہے ہے حسنؑ کو زہر دلایا تو چپ ہوئیں
رونے کو منع کر کے رلایا تو چپ ہوئیں
یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں

ہے ہے تمہارے لال پہ کیا کیا ہوئے ستم
پانی دیا نہ ظالموں نے ہائے مرتے دم
سوکھا گلا ہی کاٹ دیا بانی ستم
یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں

بی بی سنبھالئے دل ناچار کو ذرا
کاٹا گیا تمہارا چمن سب ہرا بھرا
بچپن سے بھی نہ چین نہ یکدم ذرا ملا
اب صبر کیجئے رونے کی دیکر ہمیں رضا
یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں

ہم پرسہ دینے آئے ہیں بی بی حسینؑ کا
چالیسواں ہے آج شہ مشرقین کا
گڑتا ہے لاشہ آج ترے نور عین کا
چھپتا ہے چاند فاتح بدر و حنین کا
یا فاطمہ نہ روییۓ ہم جان کھوتے ہیں

مرثیہ

آفت میں گرفتار ہیں ناموسِ پیمبرؐ　　مجبور ہیں نا چار ہیں ناموسِ پیمبرؐ
سرور کے عزادار ہیں ناموسِ پیمبرؐ　　اور جینے سے بیزار ہیں ناموسِ پیمبرؐ
زنداں کی صعوبت ہے غریبُ الوطنی ہے
غل ہائے حسینًا کا ہے اور سینہ زنی ہے

اس نیند میں تھا بالی سکینہؑ کو نہ آرام　　سر پیٹتی تھی ہاتھوں سے رو کر سحر و شام
سب بھولی تھی بابا ہی کا بس یاد تھا اک نام　　کہتی تھی کہ بس اب نہیں جینے کی میں ناکام
پاؤنگی کہاں فاطمہؑ زہرا کے پسر کو
ہیں ڈھونڈتی آنکھیں مرے مظلوم پدر کو

یاد آتا ہے بابا کا وہ چھاتی پہ سلانا　　وہ پیار کی باتیں وہ مرا ناز اٹھانا
وہ پیٹھ پہ شفقت سے مرے ہاتھ پھرانا　　اور پیار سے ہر وقت وہ منہ چومتے جانا
تا حشر بس اب شاد نہ ہوئے گی سکینہؑ
چین آئیگا جب قبر میں سوئے گی سکینہؑ

یہ نیل طمانچوں کے کسے آہ دکھاؤں　　کانوں کے میں دکھ کا کسے احوال سناؤں
عباس چچا کو بھلا کس طرح سے پاؤں　　اکبرؑ ہیں کہاں جن کو حمایت کو بلاؤں
ڈر شمر کا یہ ہے کہ میں چلا نہیں سکتی
وہ آ نہیں سکتے میں وہاں جا نہیں سکتی

حاکم سے سنی شمر نے یہ جس گھڑی گفتار　　داخل ہوا زنداں میں وہ رسی لئے مکار
اس شکلِ نجس پر جو نظر پڑ گئی اک بار　　مادر سے لگی کہنے سکینہؑ جگر افگار

شمر آیا ہے گودی میں چھپا لو ہمیں اماں
ڈر لگتا ہے چھاتی سے لگا لو ہمیں اماں

اماں یہ وہی ہے میں تمہارے گئی واری　　جسنے مرے کانوں سے مری بالی اتاری
یہ ہے وہی چھینی تھی ردا جسنے تمہاری　　مارے تھے طمانچے مجھے اس نے کئی باری

پازیب بھی کمبخت نے چھینی تھی بنی سے
کبراؑ کو ڈراتا تھا یہ نیزے کی انی سے

آگ اسنے مرے بابا کے خیمے میں لگائی　　مسند بھی اسی نے مرے بابا کی جلائی
مانی نہ ذرا اس نے محمد کی دہائی　　بیڑی مرے بھائی کو اسی نے تھی پہنائی

چھینی تھی ردا بی بیوں کے سر سے اسی نے
اور کھینچا تھا سجادؑ کو بستر سے اسی نے

کرتی تھی سکینہؑ یہ بیاں بادلِ پرغم　　جو ہاتھ میں رسّی لئے آپہنچا وہ ظالم
باندھا جو اسیروں کو ہوا سب کا یہ عالم　　گلدستہ میں جوں باندھتے ہیں پھولوں کو باہم

سب چھوٹے بڑے گیارہ اسیرانِ ستم تھے
سجادؑ یہ فرماتے تھے وہ بارھویں ہم تھے

ناموسِ پیمبرؐ پہ عجب وقت پڑا تھا　　رسّی میں برابر بندھا اک اک کا گلا تھا
سجادؑ کی گردن میں بندھا ایک سرا تھا　　اور دوسرا کلثوم کی گردن میں بندھا تھا

سر ننگے تھے اور چہروں پہ سب خاک ملے تھے

ایک رسّی تھی اور بارہ اسیروں کے گلے تھے

رسّی میں بندھے تھے جو وہ سب آلِ پیمبرؐ ان سب میں بہت چھوٹی تھی شبیرؑ کی دختر

قد اس کا نہ تھا ہائے وہ قد انکے برابر رسّی کا سرا کھینچتا تھا جب وہ ستمگر

جلدی جو بہت چل نہیں سکتی تھی سکینہؑ

اٹھ جاتے تھے پیر اس کے لٹکتی تھی سکینہؑ

چلاتی تھی کوئی مرے بابا کو بلائے جو قید سے اس لاڈلی بیٹی کو چھڑائے

اس رسّی کے پھندے سے گلا میرا نکالے منہ چوم کے میرا مجھے چھاتی سے لگائے

یہ بین جو کرتی تھی بصد جوش سکینہؑ

شمر آ کے جھڑکتا تھا کہ خاموش سکینہؑ

کہتا تھا خبر دار کوئی منہ سے نہ بولے رونا کسی کو آئے تو وہ چپکے سے رو لے

خولی سے یہ کہتا تھا کہ نزدیک تو ہو لے رسّی نہ کہیں اپنے گلے سے کوئی کھولے

سجاد کے کو ہاتھ تو گردن میں بندھے ہیں

پر اور تو سب قیدیوں کے ہاتھ کھلے ہیں

مرثیہ علی اکبرؑ

غل ہے میداں میں اکبرؑ آتا ہے ہم شبیہ پیمبرؐ آتا ہے
تیغِ ہمت کو جوہر آتا ہے باغِ شہ کا صنوبر آتا ہے
نامور پہلوان کانپتے ہیں
لشکری ڈر سے سارے ہانپتے ہیں

کوئی بولا یہ شانِ داور ہے کوئی بولا یہ ماہِ پیکر ہے
دلبر دلبر پیمبرؐ ہے کوئی بولا یہ مہر انور ہے
ہے یہ زینبؑ کے گودوں کا پالا
گل بستانِ سیّد والا

یاں تھے مصروف جنگ میں اکبرؑ اب سنو مومنو وہاں کی خبر
کھڑے دیوڑی پہ یا شہِ مضطر جب سے ان کا گیا ہے نورِ نظر
کہتے ہیں جلد آؤ اے بیٹا
شکل اپنی دکھاؤ اے بیٹا

باپ بیکس کو آکے سمجھاؤ　　جلد سینے سے میرے لگ جاؤ
اس ضعیفی پہ رحم کچھ کھاؤ　　زلفِ مشکیں کی بو سنگھاجاؤ
باپ مرتا ہے لو خبر اکبرؑ
جاؤ تم مجھ کو گاڑ کر اکبرؑ
آنکھوں کو کچھ نظر نہیں آتا　　باپ بیکس ہے غم سے مرجاتا
سارا عالم سیاہ ہوں پاتا　　رحم مجھ پر کوئی نہیں کھاتا
کیسا قسمت نے مجھ کو لوٹا ہے
گھر کا گھر سارا آج چھوٹا ہے
پھر نہ باقی رہی سنبھلنے کی تاب　　تھر تھرانے لگا دل بیتاب
دونو پاؤں سے چھوٹی ہائے رکاب　　گرتے گرتے کہا بچشم پر آب
جلد تشریف لایئے بابا
اپنی صورت دکھایئے بابا
سن کے آوازِ گریۂ شبیرؑ　　نکلی خیمے سے بانوئے دلگیر
بولی کیوں حال آپ کا تغیر　　جلد فرمائے شہہ دلگیر
میرے سینے میں آگ جلتی ہے
چھری غم کی جگر پہ چلتی ہے
بولے شہ کیوں کروں نہ میں فریاد　　بانو گھر ہو گیا میرا برباد
کٹ گیا میرے باغ کا شمشاد　　چل گیا دل پہ خنجر بیداد
خاک میں منتوں کا باغ ملا
ہم کو کڑیل جواں کا داغ ملا

ہو کہاں دو صدا علی اکبرؑ باپ کو لو بلا علی اکبرؑ
رحم کھاؤ ذرا علی اکبرؑ کیا تمہیں ہو گیا علی اکبرؑ
کیا خبر تھی تمہیں مری بیٹا
دل پہ ہے چل رہی چھری بیٹا
مجھ کو نورِ نظر نہیں ملتا میرا رشکِ قمر نہیں ملتا
نوجواں وہ پسر نہیں ملتا خاک چھانوں اگر نہیں ملتا
لاشِ کڑیل جوان کو ڈھونڈو
میرے ابرو کمان کو ڈھونڈو
روکے لاشِ پسر اٹھائے حسینؑ لال کو سینے سے لگائے حسینؑ
زورِ دل اس قدر نہ پائے حسینؑ چشموں سے اشکِ خوں بہائے حسینؑ
ہر قدم پہ پچھاڑیں کھاتے تھے
پاؤں لاشے کے لٹکے آتے تھے
درِ خیمہ جو چند گام رہا دی یہ اہلِحرم کو روکے صدا
بی بیو آؤ جلد بہرِ خدا لایا ہوں نوجوان کا لاشہ
زخمِ دل یہ دکھانے آئے ہیں
خوں کی مہندی لگانے آئے ہیں
لاشِ فرزند پر جو ماں آئی بولی کیا شکل تم نے دکھلائی
جائے اب کس طرف کو یہ دائی گھر میں نہ چاند سی دلہن آئی
خوں میں پوشاک ہے بھری بیٹا
تجھ کو کس کی نظر لگی بیٹا

دیکھ کر نبض ماں یہ چلائی   ہائے لوٹی گئی میں دکھ پائی
کیسے کڑیل جواں کو موت آئی   میں نے دولھا بنانے نہ پائی

گئے دنیا سے جب جوان ہوئے
موت کے گھر میں میہمان ہوئے

تیری شادی کے دل میں تھے ارماں   بیاہ کے جمع تھے سبھی ساماں
جوڑے شاہانے تھے تجھے شایاں   تجھ کو پہنا کے ہوتی میں قرباں

اب یہ کپڑے کسے میں پہناؤں
چاند سی کس کی اب دولھن لاؤں

مرثیہ امام حسینؑ

جب ذبح ہوا فاطمہؑ کے نازوں کا پالا　　برباد ہوئیں بی بیاں گھر لٹ گیا سارا
چلاتی ہوئی رن کو چلی ہائے سکینہؑ　　بابا مرے بابا مرے بابا مرے بابا

لاشے سے صدا آئی نہ گھبراؤ سکینہؑ
آؤ ادھر آؤ ادھر آجاؤ سکینہؑ

آواز پہ دوڑی یہ کہا لاش پہ گر کر　　ہے ہے مرے بابا تمہیں کس نے کیا بے سر
کچھ فرش ہے مسند ہے نہ تکیہ ہے نہ بستر　　بہتا ہے لہو حلق سے سوتے ہو زمیں پر

کیوں آپ سے اعدا کو تھا کینہ مرے بابا
غربال کیا تیروں سے سینہ مرے بابا

خاموش ہو کیوں کچھ تو بتاؤ مرے بابا　　روتی ہوں کلیجہ سے لگاؤ مرے بابا
عباس چچا جاں کو بلاؤ مرے بابا　　یہ حال مرا ان کو دکھاؤ مرے بابا

دُر چھن گئے کانوں سے بہت خون بہا ہے
چادر نہ رہی سر پہ یہ کُرتا بھی جلا ہے

کیا ناز اٹھاتے تھے اسی دن کیلئے آپ　　کیا پیار جتاتے تھے اسی دن کیلئے آپ
ہاتھوں سے کھلاتے تھے اسی دن کیلئے آپ　　سینے پہ سلاتے تھے اسی دن کیلئے آپ

اٹھ کر مجھے گودی میں بٹھا لو مرے بابا
تنگ آگئی جینے سے بلا لو مرے بابا

برائے ایصال ثواب

ذاکر اہلبیت ...... محسن ملت

الحاج میر رحمٰن علی (رحمٰن حضرت) صاحب مرحوم

ابن زوّار میر کاظم علی مرحوم

RAZAS GROUP

R R Foundation Education Trust, Alipur
Akram Raza
08155 320505
(91)9845029801

Razas Hardware, Alipur
Kazim Raza
08155 289185
(91)9880649062

Jewels De Razas, Bangkok
Alim Raza
(66)22348786-8
(66) 816162633

R R Forum Education Trust, Bangalore
Mannan,
(91)9900116561
Adnan
(91)9686860554
Furqan
(91)7760283079

Ferrocement Advance Construction, Bangalore
Afham Raza
080 22485033
(91)9845044320

Razas Jewels Bangalore
Anjum Raza
080 22292080
(91)9945777449

Regalia Developers Bangalore
Hakim Raza
080 22292113
(91)9945777448

Montura Corp. Manila
Samir Raza
(63)27233390
(63)9178260046

Noble School Alipur
Nakeer Raza
08155 289203
(91)9845008048

www.razasgroup.com

www.nobleschool.info

www.advanceferrocement.com